U18174 10-12-07.

Title - AAINA-E-TAREEKH NUMA (Part-1).

Creator - Raja Shiv Parshad.

Publisher - Matba Munshi Nawal Kishore. (Lucknow).

Date - 1894-1913

Pages - 138

Subjects - Tareekh - Hindustan; Hindustan - Tareekh.

آئینہ تاریخ نما

حصہ اول

AINA-I-TARIKHNUMA.

HISTORY OF INDIA,
PART FIRST.

BY RAJÁ ŚIVAPRASAD, C.S.I.,
Fellow of the University of Calcutta and late Inspector 2nd Circle, Department Public Instruction, North-Western Provinces and Oudh.

جسکو راجہ شیو پرشاد ستارۂ ہند فیلو یونیورسٹی کلکتہ والہ آباد نے اپنی ہندی کتاب سے
اُردو مین ترجمہ کیا اور
بعد تصحیح و تحشی صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتۂ تعلیم ممالک مغربی و شمالی کے حسب حکم جناب
نواب لفٹنٹ گورنر بہادر ممالک مغربی و شمالی
سابق گورنمنٹ پریس الہ آباد مین چھپا تھا
اب
واسطے استعمال مدارس و مکاتب کے

باہتمام بابو منوہر لال بھارگو سپرنٹنڈنٹ
مطبع منشی نولکشور مقام لکھنؤ مین چھپا
ماہ مئی سنہ ۱۹۱۳ء

التماس

اہل بصیرت وخبرت کی خدمت مین التماس ہو کہ اس کتاب مین اگر کوئی غلطی طبع وغیرہ کی ملاحظہ مین گذرے تو براہ مہربانی حسب نقشہ مندرجۂ ذیل اغلاط کی خانہ پُری کرکے ارسال فرمائین تاکہ طبع آیندہ مین اسکی اصلاح کرلیجائے

نام کتاب	صفحہ	سطر	غلط	صحیح

کتب ذیل کا کاپی رایٹ مصنف صاحب سی۔ ایس۔ آئی نے اپنے دوست منشی نولکشور صاحب سی۔ آئی۔ ای۔ کو دیدیا ہے جن صاحب کو کوئی کتاب مطلوب ہو مطبع منشی نولکشور لکھنؤ سے طلب فرمائین۔

کتب اُردو

۱ جام جہان نما حصۂ اول۔ تمام روے زمین کا بیان وخاص ملک ایشیا وہندوستان کا بیان کسی قدر موزون تحقیقات اور تصریح کے ساتھ ہے۔

۲ ایضاً حصۂ دوم۔ ایضاً

۳ ایضاً حصہ سوم۔ ایضاً

۴ ایضاً حصۂ چہارم۔ ایشیا کے ملکون کا بیان ور جزائر کا بیان۔

۵ چھوٹا جام جہان نما۔ بطریق اختصار اُسی مبسوط کتاب ہر چہار حصہ کا بیان ہے۔

۶ آئینہ تاریخ نما حصۂ اول۔ تواریخ ہندوستان کی وحالات راجگان ہندو واخیر عملداری مسلمانون تک یہ کتاب نہایت ہی لائق تحقیقات سے لکھی گئی ہے

۷ ایضاً حصہ دوم۔ تواریخ ہندوستان شروع عملداری انگریزونسے عہد گورنر جنرل ہنری لارڈ ہارڈنگ صاحب بہادر تک یہ کتاب نہایت ہی لائق تحقیقات سے لکھی گئی۔

۸ ایضاً حصۂ سوم۔ ہندوستان کے لوگون کے زمانہ سابق کی اصلی کیفیت اور حالات اور مذہب کا بیان ہی یہ کتاب نہایت ہی لائق تحقیقات سے لکھی گئی ہے۔

۹ صرف ونحو اُردو۔ کتاب قواعد صرف ونحو کی سادہ طریقہ سے طلبہ کی تعلیم کو ترقی بخش ہے۔

۱۰ ایضاً فارسی کتاب اُردو کا ترجمہ۔ انگریزی قاعدہ ہے کہ جس سے نہایت جلد طلبا کی تعلیم مین معاون ہوگی۔

۱۱ دل بہلاؤ حصۂ اول۔ کتاب نثر درسی مبتدیون کے واسطے جسمین نہایت عمدہ نصیحتین ظرافت کے پیرایہ مین ہین۔

۱۲ ایضاً حصۂ دوم ایضاً

۱۳ ایضاً حصۂ سوم ایضاً

۱۴ قصہ سینڈفورڈ مرٹن کا کل ہر سہ حصہ یکجائی ایک نہایت عمدہ نصیحت آمیز قصہ جو انگریزی قصہ ترجمہ کیا گیا ہے طلبا کے طریقہ وطرز معاشرت تعلیم کا نہایت عمدہ اور موزون طرز لکھا ہے کہ دیکھنے والے کو جبتک کل قصہ پڑھ نلیوے صبر نہوگا

۱۵ ایضاً حصۂ اول۔ ایضاً

۱۶ ایضاً حصہ دوم ایضاً

۱۷ ایضاً حصہ [illegible] [illegible]

آئینۂ تاریخ نما

AINA-I-TARIKHNUMA.

HISTORY OF INDIA,

IN THREE PARTS,

BY RAJA SIVAPRASAD, C. S. I.,

Fellow of the University of Calcutta, and Inspector, 2nd Circle, Department of Public Instruction, North-Western Provinces and Oudh.

تین حصون مین

بموجب حکم جناب نواب انریبل لفتننت گورنر بهادر

ممالک شمال و مغرب و چیف کمشنر آودهه

مؤلفۂ

راجه شیو پرشاد ستاره هند

پهلا حصه

PART I.

چوکه آلهٔآباد

سرکاري چهاپه خانه مین سنه ۱۸۸۵ع مین چهاپا گیا تها

اب

مطبع منشي نولکشور مقام لکهنؤ مین چهپا

سنه ۱۹۱۳ع

"Our Schools and Universities are extending the idea of scientific method. Read carefully that extract from Raja Sivaprasad's book quoted in the *Contemporary* for September. That man, at least, has obviously got hold of the scientific view of history."

M. E. GRANT-DUFF

The Contemporary Review November, 1875.

اِطلاع

جو لفظ دیو ناگری حرفوں کے سبب اتہاس تمر ناشک میں دوسری طرح پر لکھے ہیں اُن کے اُوپر لکیر کھینچ دی ہی اور فہرست اگے لکھی ہی:—

آئینہ تاریخ نما میں		اتہاس تمر ناشک میں
تواریخ	...	اِتہاس
دارالسلطنت	...	راج دھانی
سپہ سالار	...	سیناپتی
محل	...	گر بھہ
مصر	...	دکھہ دائی
جزیرہ نما	...	پرایہ دویپ
قدرت	...	مایا
دربان	...	دوارپال
کیا قدرت ہے خالق برحق اور قادر مطلق کی	...	کیا مہما ہی سرو شکتمان جگدیشور کی
قیامت کا ساہنگامہ	...	پرلے کا سادند
نا پائدار دنیا	...	اسار سنسار
اِختصار	...	سنکشیپ
گناہ	...	پاپ
پناہ	...	شرن
پناہ گیر	...	شرناگت
گوشۂ شمال و مغرب	...	وایو کرن
علم	...	ودیا
ہر پہر قہر خدا	...	ساکشات ایشور کا کوپ
خدا	...	بھگوان
فائدہ نقصان بھلا برا	...	سام دان بھید دنڈ
راس نشین	...	پشیہ پتر
بے چون و چرا خالق ارض و سما	...	نراکار جگدیشور
نواسی	...	دھنی—نتنی
اِنتقال	...	پرلوک
قضا کا حکم	...	بدھاتا کا لیکھہ

Shitáb, Zambur, Sardar, Koh, &c., have been used by our first Hindi author (as I at least regard him), Chand, the famous bard of Prithíraj; and I think it is better for us to try our best to help the people in increasing their familiarity with the Court language, and in polishing their dialects than to make them strangers to the Courts of the districts and ashamed when they talk before the higher classes.

BENARES: }
The 1st January 1864. } SIVAPRASAD.

was no such thing as an empire in existence ; that the country was divided between numerous chiefs always fighting with each other for temporary superiority ; that, notwithstanding the splendour attributed to Muhammadan dynasties, the country was sadly misgoverned, even during the reigns of the most powerful Emperors ; and that although the diamonds and pearls were weighed by "maunds" in the royal treasuries, the people in general were very poor and utterly miserable.

I may be pardoned for saying a few words here to those who always urge the exclusion of Persian words, even those which have become our household words, from our Hindi books, and use in their stead Sanskrit words quite out of place and fashion or those coarse expressions which can be tolerated only among a rustic population. The sister presidencies will sympathize with us when they remember that we are not blessed like them in having the same language and character for the Court and the community. Our Court language is Urdu, and the Court language has always been regarded by all nations as the most fashionable language of the day. Urdu is now becoming our mother tongue, and is spoken, more or less, and well or badly, by all in the North-Western Provinces. If we cannot make the Court character, which is unfortunately Persian, universally used to the exclusion of Devanágari, I do not see why we should attempt to create a new language. Persian words such as Atish, Ma'ruf,

assertion that "Akbar made the settlement with the cultivators *themselves*, to the exclusion of all middlemen." having thus no English book that would completely answer my purpose, I was obliged to have recourse to original Persian works. But Benares is not a place where Persian books can easily be procured, and there was no time to procure them from other quarters, so I was obliged to make the best of the means at my disposal. The difficulty of correcting Indian names written in Persian is rather greater than those written in English, Sunárgánv, for instance, is written Sitárgánv, Chátgánv (Chittagong), Jebgánv, and so on, in the lithographed copy or Farishta !

My plan is to divide my book into three parts. In the first I give an outline of the Hindu and Muhammadán periods ; in the second I relate the rise and growth of the British Empire up to 1858 ; and in the third I treat of the changes in manners and customs from the earliest ages, when our ancestors were drinking the exhilarating soma juice on the banks of the Sarasvatí, and of the revolutions in laws and religions. I compare former Governments and the British rule, and the state of society, and the general prosperity of the country under both. My endeavour is in this part to prove to my countrymen that, notwithstanding their very strong antipathy to "change," they *have* changed, and *will* change ; that, notwithstanding the many heroic actions ascribed to our ancient Hindu Rájás, there

PREFACE.

I was not fully aware of the difficulty of my task when I promised to prepare a little work on the History of India in Hindi and Urdu for the use of our village schools. I knew how imperfect and full of errors the so called histories are which have hitherto been written in the Vernacular, but I had not imagined for a moment that even so cautious a writer as Elphinstone was liable to commit such mistakes as to say that Firoz Tuglak was nephew of the "late King" (Muhammad Tuglak), when Dow calls him "his cousin;" or that Násir-ud-dín Mahmúd was the grandson of "Altamsh" (correctly Altimash), when he was in fact his son; or that "Altamsh" was purchased for 50,000 pieces of *silver*, when only 50,000 chitals were paid for him, 50 of which make a tanka or rupee of that time; or that a talented author like Mr. Marshman would forget the topography of the country so far as to write that "the greatest achievement of this (Firoz Tuglak's) reign was the canal from the *Source of the Ganges* to the Sutlej, which still bears his name:" (History of India, Serampore, 1863, page 65). He calls "Rájá Jey Sing of Jeypore and Rájá Jesswunt Sing of Joudhpore" "Mahratta Generals," and gives the name of Muhammad Sháh "Rustam Khan," instead of Roshan Akhtar! (pages 166 and 189 respectively). There is no room to disprove here his

آئینہ تاریخ نما

پہلا حصہ

کیا ایسے بھی آدمی ہین جو اپنے باپ دادا اور پرکھاؤن کا حال
سُننا نہ چاہین ۔ اور اُنکے زمانے مین لوگون کا چال چلن بیوہار بنج بیوپار
اور راج دربار کس ڈھب برتا جاتا تھا اور دیس کی کیا دسا تھی کب کب کس کس
طرح کون کون سے راجہ بادشاہون کے ہاتھ آیا کس کس نے کیسا کیسا
اُنپر زور ظلم چلایا اور کون کون سے زمانے کے پھیر پھار کہان کہان اُنھین
جھیلنے پڑے کہ جنسے یہ کچھ کے کچھ بنگئے اِن سب باتون کے جاننے کی خواہش
نکرین باپ دادا اور پرکھا تو کیا ہم اِس تاریخ مین اُسوقت سے لیکر جس سے آگے کسیکو
کچھ معلوم نہین آجتک کا اپنے دیس کا حال لکھنے کا منصوبہ کرتے ہین ذرا دل دو اور کان دھر کر سُنو
جاننا چاہیے کہ ہندوستان مین سدا سے ہندو کا راج سورج بنسی اور چندر بنسی
گھرانون مین چلا آتا ہے پہلا سورج بنسی راجہ بیوسوت منو کا بیٹا اکشواک
تھا دارالسلطنت اسکی اجودھیا تھی اُس سے پچپن ۵۵ پیڑھی پیچھے اس بنس کے
سرتاج رام چندر ہوئے ۔ باپ کا حکم مان چودہ برس بن مین رہے اکشواک

वैवस्वत
मनु : इक्ष्वाकु

کی بیٹی الا چندر کے بیٹے بدھ کو بیاہی تھی اسی کا بیٹا پرورا پریاگ کے سامنے
پرتشٹھان پور مین جسے اب جھونسی کہتے ہین پہلا چندربنسی راجہ
مہابھارت یعنی کرکشیتر کی بھاری لڑائی مین اپنے چچیرے بھائی ہستناپور
کے راجہ دُرجودھن کو مارنے پر جب مہاراج جدہشٹر جو پرانون کے مت
بموجب پرورا سے پینتالیسوین پیڑھی مین پیدا ہوے تھے اپنے بھائیون کے
ساتھ اندرپرستھ یعنی دلی کا راج چھوڑ کر ہمالہ کو چلے گئے اُنکے بھائی
ارجن کا پوتا پرکشت گدی پر بیٹھا اور پرکشت سے لیکر چھبیسوین پیڑھی تک
اُسی کے گھرانے مین راج رہا چھبیسوین پیڑھی مین راجا کشیمک ایسا غافل
اور پست ہمت ہوا کہ اُسکا منتری یعنی وزیر اُسے مارکر آپ جدہشٹر کی
گدی پر بیٹھ گیا اسکے گھرانے مین چودہ پیڑھی راج رہا۔ پھر جسطرح آیا تھا اُسیطرح
دوسرے گھرانے مین چلا گیا اور سولہ پیڑھی پیچھے پھر گھرانا ملک کا مالک ہوا۔ ندان
اسکی بھی نوین پیڑھی مین راجہ راجپال نے اپنے گھمنڈ اور بدمزاجی سے رعیت اور سپاہ
کو ناراض کیا۔ تب کماؤن کے راجہ سکھونت نے آکر راجپال کو مار ڈالا اور اندرپرستھ
لے لیا۔ لیکن مہاراج بکرم نے اسکو بھی گدی سے اُتارا۔ اور ملک پر اپنا
قبضہ کیا۔ ادھر تو کتنے لوگ ایک کے پیچھے ایک اپنے نام کا ڈنکا بجاتے گئے
اور اُدھر مگدھ دیس مین جراسندھ کے پیچھے جسے کرشن کی مدد سے
جدہشٹر کے بھائی بھیم نے اُسکی دارالسلطنت راجگرہ مین مارا تھا اُسکی

इला। चन्द्र
बुध। पुरूर
वा। प्रयाग
प्रतिष्ठान पुर
कुरु क्षेत्र
हस्तिनापुर
दुर्योधन
युधिष्ठिर
इन्द्रप्रस्थ
परीक्षित
क्षेमक
राजपाल
सुखवंत
विक्रम
मगध
जरासिंध
कृष्ण। भीम
राजगृह

اور اُن کے راجہ بائیس پیڑھی تک راج کرتے رہے۔ آخری راجہ رپنجی کو اُسکے منتری یعنی وزیر سونک نے مار کر سارا راج چھین لیا۔ اس اگلے زمانے کی کوئی تواریخ ایسی معتبر نہین ہو کہ جس سے اُسوقت کا حال مفصل اور سلسلےوار معلوم ہوسکے۔ اس لیے اب ہمنے سکندر کے زمانے سے کچھ خبرون کا لکھنا شروع کیا۔

रिपुंजय

सुनक

پچھم والون کی چڑھائیون کا حال جو پتہ وار ملتا ہے۔ وہ یہ ہو کہ سنہ عیسوی سے ۱۳۳ برس پہلے یونان کے بڑے بادشاہ سکندر نے ایران کے بادشاہ دارا کو جیت کر اُس ملک پر چڑھائی کی اُسوقت مگدھ دیس کا راج چار پیڑھی تک سونک کے گھرانے مین رہکر تکشک یعنی ناگ بنس مین آگیا تھا۔ ان ناگ بنسی راجاؤن نے دس پیڑھی تک راج کیا آخری راجہ اس بنس کا مہانند تھا۔ اُس زمانے مین سارے ہندوستان کے درمیان بودھمتی پھیل گئے تھے۔ خالی کہین کہین کاشی کنوج ایسے شہرون کے رہنے والے بید کی ریت پر چلتے تھے۔ فارسی کتابون مین لکھا ہے کہ سکندر کنوج تک آیا تھا۔ لیکن یہ بات نری جھوٹھ اور بے اصل ہو۔ اُسی کے ساتھیون نے بعضی یونانی کتابون مین لکھا ہو کہ وہ ستلج کے کنارے سے آگے نہین بڑھا۔ سکندر ایک لاکھ بیس ہزار فوج کے ساتھ سندھ ندی پر پل باندھ کر پار اُترا تھا۔ لیکن جھیلم کے اُس پار

तक्षक

महानन्द

बौद्धमती

वेद

کل گیارہ ہزار سوار لایا۔ کوہستان اور سندھ ساگر دآب کے سب راجاؤن نے
اُسکی اطاعت قبول کی لیکن پنجاب کا راجہ جو شاید پرز دیا پردو کے بنس
مین تھا کیونکہ یونانی اُسکا نام پورس لکھتے ہین اس سے لڑنے کو تیار ہوا۔
اور جھیلم کے اس پار تیس ہزار پیدل چار ہزار سوار اور بہت سے ہاتھی لیکر
سکندر سے لڑا۔ تین پہر تک بڑی لڑائی رہی آخر راجہ کی فوج شکست کھا کر
بھاگی۔ لیکن راجا تب بھی نہین ہٹا اپنے ہاتھی پر میدان مین ڈٹا رہا۔
سکندر اُسکی بہادری دیکھ کر بڑے اچنبھے مین آیا۔ اور کہلا بھیجا۔ کہ اگر اب
بھی ہمارے پاس چلا آوے۔ تو تیری جان بخشی جاوے اور عزت حرمت
مین فرق نہ پڑنے پاوے۔ راجہ نے اس بات کو سنکر قبول کیا۔ اور نذر
سکندر کے پاس چلا آیا۔ سکندر نے اُس سے پوچھا کہ ہم تمھارے ساتھ
کیونکر پیش آوین راجہ نے جواب دیا کہ جیسے بادشاہ بادشاہون سے پیش
آتے ہین سکندر اُسکا یہ دل اور دلیری دیکھ کر بہت خوش ہوا اور تمام ملک
اُسکا اُسی کو بخشا۔ بلکہ کچھ تھوڑا سا اور بھی اپنی طرف سے دیا۔ اُسکے بعد سکندر
ستلج کے کنارے پر آیا۔ لیکن فوج بہت تھک گئی تھی برسات کا موسم
آجانے کے سبب سپاہیون نے آگے بڑھنے سے انکار کیا۔ تب ناچار
سکندر وہان سے اُلٹا پھر گیا۔ کہتے ہین کہ اُسوقت مگدھ دیس کے
ناگ بنسی بڑے نامی راجہ مہانند کے پاس چھ لاکھ پیادے بیس ہزار سوار

اور نو ہزار ہاتھی تھے کیا جانین انھین کا دبدبہ سکندر کو یہان سے پھیر لیگیا
نندان مہانندا اپنے منتری یعنی وزیر کے ہاتھ سے مارا گیا۔ اسکے آٹھ بیٹون
نے ملکے بارہ برس راج کیا۔ تب نوین چندرگپت نے جو نائن کے
چन्द्रगुप्त
پیٹ سے پیدا ہوا تھا چانک برہمن کی مدد سے اپنے سب بھائیونکو
चाणाक
مار سارا راج اپنے قبضے مین کر لیا۔ اور بڑا اقبال مند ہوا اس نے
بابل کے یون بادشاہ سلیوکس + کی بیٹی سے بیاہ کیا۔

دس پیڑھی تک وہ راج اسی کے گھرانے مین رہا۔ ہندوٗن کے
شاستر مین لکھا ہے کہ ہندوستان مین دھرم یعنی بودھ مت پھیلا ہوا دیکھ کر
शास्त्र
برہمنون نے اربدگر جسے آبو کا پہاڑ کہتے ہین ایک اگن کنڈ یعنی آتشکدہ رچا
अर्बुदगिर
اور وہان دیوتاؤن نے آپ آکر چار مورتین اس کنڈ مین ڈال دین اُن سے
अग्निकुंड
اگن کل کے چار چھتری یعنی پرمر خواہ پرمار جنھین پنوار بھی کہتے ہین چوہان سولنکی
प्रमर
चौहान
सोलंकी
परिहार
اور پریہار پیدا ہوئے اس بات سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاید ان برہمنون
نے چار آدمیون کو شاستر کے سنسکارون سے دوجنما کیا تھا یعنی اُنکا
संस्कार
द्विजन्मा।
نیا جنم مان کر انھین اصلی چھتری بنا لیا تھا۔ اُنہین سے پرمر گوتر والے
प्रमरगोत्र
یعنی پنوار بہت بڑھے۔ اور ایک زمانے مین سارے ہندوستان کے راجہ ہو گئے

+ سلیوکس سکندر کے سپہ سالارون مین سے تھا سکندر کے مرنے پر بابل سے
اس طرف سندھ ندی تک سارا ملک دبا بیٹھا تھا۔

ان اگن کلون نے بودھ مت والون کو مار مار کر نکالنا شروع کیا۔ اور برہمنون کا مت پھر پھیلا دیا۔ اسی پرمر بنس مین سنہ * عیسوی سے ستاون ۵۷ برس پہلے راجہ بکرم اجین کی راج گدی پر بیٹھا اسے بیر بکرمادت بھی کہتے ہین۔ اور شک لوگون کو جو تاتار کی طرف سے چڑھ آئے تھے شکست دینے کے سبب سے شکاری بھی پکارتے ہین۔ اگرچہ وہ ایسا بلند اقبال اور اتنے بڑے ملک کا مالک مہاراجہ دھراج تھا کہ آج تک اسکا سمبت چلا جاتا ہی۔ اور وہ پرجن دکھ بھنجن یعنی دوسرون کا دکھ دور کرنے والا کہلاتا ہی۔ تو بھی نت چٹائی پر سوتا۔ اور اپنے ہاتھ چھپر ندی سے پانی کا تونبا بھر لاتا۔

वीरविक्र-मादित्य

اس مین شک نہین کہ اجین کے راجہ بکرمادت کے وقت سے لیکر مسلمانون کی پہلی چڑھائی تک اکثر نامی ہوتے چلے آئے لیکن اندھر بنس کے راجہ جنکی دار السلطنت مگدھ دیس مین پاٹلی پتر یعنی پٹنا تھی بہت بڑھ گئی تھی۔ روم والون نے اُنکی بہت بڑائی لکھی ہی اس اندھر بنس کو ایک شودر نے اپنے مالک کن بنس کے آخری یعنی چوتھے راجہ کو جو چندر گپت کا بنس ناش ہونے پر سنگ بنس دس راجاؤن کے بعد ہوا مار کر قائم کیا تھا۔ کہتے ہین کہ اجیہ مہاکرن اسی گھرانے مین ہوا۔ اُسکی ہمت اور سخاوت کی شہرت آج تک

[illegible]पाट

[illegible] पुत्र

शूद्र। कन्न

[illegible]ग।
महा [illegible]

* عیسیٰ مسیح کے جنم دن سے سنہ عیسوی گنا جاتا ہے۔

چلی جاتی ہی۔ دیپ دیپ مین اسکی بڑائی گائی جاتی ہی۔ اندھر بنس کے آخری
راجہ کا نام پلوم تھا۔ یہ پلوم بھی ہندوستان کا بڑا نامی راجہ ہوا۔ اور اُسکے
راج کاج کا چرچا چین تک پہونچا آخری وقت مین وہ آپ سے آپ گنگا مین
ڈوب مرا۔ پھر اسکا سیناپتی یعنی سپہ سالار رام دیو گدی پر بیٹھا۔ سمندر
کے کنارے سے کشمیر تک سب راجہ اُسکے تابع تھے جب وہ مرا تو اس کا
بھی سپہ سالار پرتاپ چندر راجہ ہوا۔ اُسی کے زمانے مین ایران کے
بادشاہ نوشیروان کا لشکر ہندوستان پر چڑھا تھا اور جتنا خراج اُس ملک کا
باقی پڑا تھا سب پرتاپ چندر سے دام دام بھر لیگیا۔ نوشیروان جسکا عدل
انصاف آج تک مشہور ہے سنہ ۵۳۱ عیسوی مین تخت پر بیٹھا تھا۔
پرتاپ چندر کے مرنے بعد اُسکے سارے سپہ سالار اپنے اپنے صوبے
دبا بیٹھے۔ اور جیسے ناؤ کی برات مین جتنے جتنے ٹھاکر جُدا جُدا راجہ ہو گئے
ان سیناپتیون کے یعنی سپہ سالارون کے راج کو اندھر بھرتیون کا
یعنی اندھر کے نوکرون کا راج کہتے ہین اُس زمانے مین چھتریون سے
راج بالکل جاتا رہا تھا برہمنون سے لیکر شودرا ہیر بہاڑی اور جنگلیون تک
مگدھ پریاگ متھرا کاشی کنوج وغیرہ مین خود مختار ہو کر راج کرنے لگے تھے
نوشیروان کے لشکر نے اودیپور کے راجاؤن کی پہلی دار السلطنت بلبھی پور یا بلبھی +

+ گجرات مین بھاؤنگر سے ۲۰ میل پچھم جہان اب بلے بسا ہے۔

पुलोम
रामदेव
प्रतापचन्द्र
सन ۵۳۱ ع
अंधभृत्य

کو ناش کر ڈالا اور راجہ کے منش مین کسی کو جیتا نہ چھوڑا یہ راجہ
اپنے تئین رام چندر کے بیٹے لو کی اولاد مین بتلاتے ہین۔ خالی ایک लव
رانی پشپاوتی وہان سے بچکر بھاگی۔ اور ملیاگر کی کسی کھوہ مین جاکر چھپ पुष्पावती
رہی۔ رانی کو حمل تھا۔ وہان اُسکے ایک لڑکا پیدا ہوا نام اُسکا گوہ رکھا۔ गोह
وہی لڑکا ایدر کو جو بھیلون اور اودیپور کے بیچ مین ہے اپنے قبضے مین لاکر وہان کا
راجہ ہوا۔ اور کہتے ہین۔ کہ نوشیروان کی پوتی + سے بیاہ کیا۔

گوہ کے بعد آٹھ راجہ ایدر کی گدی پر بیٹھے آٹھوین راجہ کا چھوٹا لڑکا جسکا نام बापा
باپا تھا اپنے باپ کے مارے جانے پر بھانڈیر مین بھاگ گیا۔ اور وہان گڈریون مین
پل کر ۷۲۸ء کے لگ بھگ چتوڑ کو چلا آیا۔ اور وہین رہنے لگا۔ اسی زمانہ مین مسلمانونکے سنہ ۷۰۰ع
پیغمبر محمد ++ کے مرنیکے بعد دوسرے خلیفہ عمرؓ نے ایران فتح کرکے کچھ فوج ہندوستان

+ معصر الامرا اور بسط الغنائم دونون تواریخون مین لکھا ہے کہ جب ایران کا آخری آریہ (आर्य) اور اگنی ہوتری (अग्नि होत्री) یعنی آتش پرست بادشاہ یزدگرد عرب والون سے شکست کھاکر مارا گیا اُسکی بڑی بیٹی ماہ بانو بھاگ کر ہندوستان مین چلی آئی اُسی کی اولاد مین اودیپور کے رانا ہین یزدگرد نوشیروان کے پوتے کا پوتا تھا لیکن نوشیروان کا پوتا خسرو پرویز بھی نوشیروان کہلایا اور اُسنے روم کے عیسائی قیصر مارس کی بیٹی مریم سے بیاہ کیا تھا۔

++ محمد ۵۶۹ء مین پیدا ہوئے تھے اور مکے سے مدینے گئے تبھی سے سن ہجری جاری ہوا

کی طرف بھیجی لیکن اُسکا سپہ سالار پہلی ہی لڑائی مین مارا گیا - پھر خلیفہ علی نے
لشکر بھیجکر سندھ ندی کے کنارے کا کچھ ملک فتح کیا لیکن علی کے مارے
جانے پر وہ لشکر اس ملک کو آپ ہی چھوڑ کر چلا گیا -

سنہ ۷۱۱ع — سنہ ۷۱۱ع مین جب کہ ولید خلیفہ تھا مسلمانون کے لشکر نے
بڑی آفت مچائی سارا سندھ اپنے قبضے مین کر لیا - اور بہت راجاؤن سے
خراج وصول کیا - اُسی لشکر کے سپہ سالار قاسم کا بیٹا محمد تین برس بعد
پھر ہندوستان پر چڑھا اور گجرات فتح کر کے چتوڑ کی طرف جھکا - لیکن باپا سے
شکست کھا کر بھاگنا پڑا - باپا نے کھنبھات کے حاکم سلیم کی لڑکی سے
بیاہ کیا اور چتوڑ کے پہلے راجہ کو نکال کر آپ وہان کا راجہ بن گیا - پھر
تھوڑے ہی دن پیچھے اپنا ملک اور رست چھوڑ کر خراسان کی طرف چلا گیا

سنہ ۸۱۲ع — سنہ ۸۱۲ع مین خلیفہ ہارون الرشید کے بیٹے مامون الرشید
خراسان کے حاکم نے ایک بڑے لشکر کے ساتھ ہندوستان
مین آکر چتوڑ پر چڑھائی کی اُس وقت چتوڑ مین باپا کے پوتے کا بیٹا
(राजा खुमान) راج پر تھا نام اُس کا راجا کھمان تھا - اُس سے اور مامون سے
چوبیس ۲۴ لڑائیان ہوئین لیکن آخر مامون شکست کھا کر

سنہ ۹۷۷ع — ہندوستان سے بھاگ گیا - اسکے بعد سنہ ۹۷۷ع مین خراسان
کے بادشاہ امیر ناصر الدین سبکتگین نے ہندوستان پر چڑھائی کی

اور پنجاب کی سرحد کے کئی قلعے فتح کر لیے یہ خبر سنکر لاہو کا راجہ جیپال ایسا بگڑا۔ کہ اپنی فوج سندھ پار لیجا کر خراسان پر چڑھ دوڑا۔ وہان عجب ماجرا ہوا کہ سبکتگین سے راجہ نے شکست کھا کر اُسے خراج دینا قبول کیا لیکن جب وہان سے چھوٹ کر لاہور مین آیا تو اُسنے بادشاہ کو وہ خراج نہین بھیجا۔ اس لیے سبکتگین نے پھر پنجاب پر چڑھائی کی۔ راجہ جیپال بھی دلّی اجمیر کالنجر اور کنوج کے راجاؤن کی کمک لیکر سندھ پار اُترا اور لمغان کے پاس جا کر سبکتگین سے لڑا مگر ان پھر بھی اسی کی فوج نے مسلمانونکے لشکر سے شکست کھائی۔

اُسوقت اُجین اور پاتلی پتر کے راج کو بگڑے بہت دن ہو چکے تھے۔ اور نئے نئے راجہ ہندوستان کے جدا جدا ملک مین راج کرتے تھے۔ جب سے مہاراج بکرم نے دلی کے راجہ کو دور کیا۔ تب سے وہ راج پانچ سو برس سے اوپر بنا راجہ پڑا رہا۔ یہان تک کہ زمانے کے پھیر سے دلی کو تومر راجاؤن نے اپنی دار السلطنت بنایا۔ اننگ پال تک اس گھرانے کے اکیس راجہ دلی کی راج گدی پر بیٹھے تھے اننگ پال نے اپنے ناتی + پرتھی راج چوہان اجمیر والیکو دیدیا۔ کنوج کے راج پر راٹھورون کا قبضہ تھا۔ میواڑ گہلوتونکے ہاتھ مین تھا۔ گجرات مین سولنکی راج کرتے تھے۔ سوائے انکے اور بھی بہت سے چھوٹے چھوٹے

+ بیٹی کا بیٹا یعنی دھیتا۔

जयपाल

तोमर
अनङ्गपाल
पृथ्वीराज

راجہ تھے اپنے ڈیڑھ چاول کی کھچڑی جدا ہی پکاتے تھے۔ آپس کی پھوٹ سے مسلمانون کو یہان چلے آنا سہج ہوگیا۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے سارا ملک دبا لیا۔

سلطان محمود غزنوی

جب سبکتگین مرا۔ تو اُسکے بیٹے محمود کو تیسوان برس تھا۔ سات مہینے کے اندر اپنے بھائی اسمعیل کو جو تخت پر بیٹھ گیا تھا قید کرکے آپ بادشاہ ہوا اور سلطان اپنا لقب رکھا۔ سلطان عربی زبان مین بادشاہ کو کہتے ہین اس سے پہلے یہ لقب کسی بادشاہ نے نہین اختیار کیا تھا۔

سنہ ۹۹۷ع

اسوقت فارس وغیرہ پچھم دیس کی مسلمانی سلطنتین ایسی کمزور پڑ گئی تھین۔ اور آپس مین لڑائی جھگڑا رکھتی تھین۔ کہ جو محمود اُدھر کو اپنے لشکر کی باگ اُٹھاتا۔ سمندر تک اُسے کوئی روکنے والا نہ تھا پر ہندوستان کی دولت اور زرخیزی ایسی مشہور تھی۔ اور دوسرے مذہب والون کو زبردستی مسلمان بنا لینا یہ اُس مذہب والون کے نزدیک ان دونون نام پیدا کرنے کے لیے ایک ایسی بڑی بات تھی۔ کہ محمود سا حوصلے والا اس عجیب بے نظیر ملک کو چھوڑ کر کب کسی دوسرے پر دل چلاتا۔ بھلا امرت پھل چھوڑ کر وہ کب اندرائن کھاتا۔

ایران مین مسلمانون کا دخل ہونے سے کچھ اوپر ۳۵۰ برس بعد محمود
نے دس ہزار چنے ہوئے سوار لیکر اپنی دارالسلطنت غزنین سے
ہندوستان کی طرف کوچ کیا - پہلا مقابلہ پشاور کے پاس اُسکے باپ کے
پرانے دشمن لاہور کے راجہ جیپال سے ہوا بادشاہ نے فتح پائی راجہ قید مین
آگیا - پھر محمود نے ستلج پار ہوکر تبنڈہی کے قلعے پر ہلا کیا - اور لیکر اسے
خوب لوٹا - تب تک تبنڈا بہت آباد اور نامی مقام تھا - لاہور کا راجہ
وہان آکر اکثر رہا کرتا تھا -

سنہ ۱۰۰۱ع

बितंडा

محمود نے غزنین پہونچنے پر جیپال سے خراج دینے کا پھر نیا قول
قرار لیکر اُسے قید سے خلاص کیا اور اُسکے ساتھ اور بھی بہت سے ہندؤنکو
چھڑوتی لے لیکر بند سے چھوڑ دیا - لیکن جیپال کے جی مین اس مسلمان
کے قید کی کچھ ایسی غیرت سی آگئی کہ چھوٹتے ہی راج پاٹ اپنے لڑکے انندپال کو
دے آپ تشانل یعنی پھوس کی آگ مین جل مرا -

سنہ ۱۰۰۴ع

انندپال اپنے باپ کے قول قرار پر چلا گیا - اور محمود کو جو کچھ کہ خراج
ٹھہرا تھا برابر دیتا رہا - لیکن اُسکے ذیلدارون مین سے بھٹنیر کے راجہ نے
اپنے حصے کا خراج ادا کرنے سے انکار کیا اسلیے محمود کو وہان آنا پڑا راجہ
سندھ ندی کے کنارے جنگلون مین بھاگ گیا - اور پھر وہان ناامیدی
کے سبب اُس نے اپنے تئین آپ ہی مار ڈالا -

تیسری بار محمود ملتان کے حاکم ابوالفتح لودی کو جو اس سے پھر کر راجہ انند پال سے ملگیا تھا زیر کرنے کو اس طرف فوج لایا راجہ نے اپنے میلے کی پچھ کی۔ پر آخر ہار کر کشمیر بھاگنا پڑا ابوالفتح نے کچھ نذر نذرانہ دیکر محمود کو راضی کر لیا محمود کو بھی غزنین جلد لوٹنا منظور تھا کیونکہ اُدھر سے تاتار کے بادشاہ کی چڑھائی کی بہت گرم خبر آئی تھی۔ سنہ ۱۰۰۵ع

محمود کے ساتھ پانسو ہاتھی جنگی موجود تھے توپخانے کی تب تک کوئی قدر نہ جانتا تھا۔ اور نہ اسکی حکمتوں سے واقف تھا۔ ہاتھیوں کے سامنے تاتاریوں کے گھوڑے کاہیکو ٹھہر سکتے تھے بلخ کے پاس لڑائی ہوئی محمود نے فتح پائی۔ تاتاریوں نے پیٹھ دکھائی۔

محمود سندھ کنارے کے ضلعوں کو سکھپال کے سپرد کر گیا تھا۔ یہ سکھپال ہندو سے مسلمان بنا تھا۔ لیکن جب محمود بلخ کی طرف گیا۔ تو اس نے پھر ہندو بنکر اسکی اطاعت سے سر پھیرا۔ محمود نے بلخ سے لوٹ کر اسے تو جنم بھر کے لیے قلعے مین قید کر دیا۔ اور انندپال کو سزا دینے کے لیئے لشکر اکٹھا کیا۔ سنہ ۱۰۰۶ع

انندپال بھی غافل نہ تھا دیس دیس کے راجاؤں سے دوت یعنی ایلچی بھیج بھیج کر کہلا بھیجا۔ کہ اس محمود کا ادھر بڑھنا ہم سب کے واسطے ایک سا مضر ہو اسکے ہاتھ سے کسی کا بھی دھرم اور دھرتی اور دھن نہین بچیگا سنہ ۱۰۰۸ع

اگر کچھ حوصلہ اور ہمت رکھتے ہو تو آؤ رن مین میرا ساتھ دو اب تک بھی کچھ نہین بگڑا ہی نداں اُجّین - گوالیر - کالنجر - کنوج - اجمیر - اور دلّی کے راجہ اپنے اپنے سیناسج کے انندپال کا ساتھ دینے کو پنجاب کی طرف سدھارے پشور کے پاس ہی لڑائی ہوئی اتفاق سے انندپال کا ہاتھی بھڑک گیا اور پیچھے کو بھاگ چلا - لشکر نے اپنے سیناپت یعنی سپہ سالار کو بھاگا سمجھکر رن سے مُنھ موڑا - محمود نے پنجاب تک اُنکا پیچھا کیا وے تو جدھر تدھر تین تیرہ ہوگئے محمود نے میدان سونا پاکر نگرکوٹ یعنی کوٹ کانگڑا جا لوٹا - سات لاکھ دینار سات سو من* سونے چاندی کا اسباب دو سو من نرا سونا دو ہزار من چاندی اور بیس من جواہر وہان محمود کے ہاتھ لگا

سنہ ۱۰۱۰ عیسوی مین محمود ملتان سے ابوالفتح لودی کو قید کر لیگیا اور پھر دوسرے سال کرتھانیسر لوٹا - اور جہانتک ہندو اُسکے ہاتھ لگے لونڈی غلام بنانے کو غزنین لیگیا - کہتے ہین کہ وہ وہان ایک ٹکے سے ساٹھ تک کے ملا - اسکے بعد اُسنے دو دفعہ کشمیر پر حملہ کیا -

سنہ ۱۰۱۰ع

* من کئی طرح کا ہوتا ہی ہندوستان مین چالیس سیر کا گنا جاتا ہی لیکن اسمین بھی سیر کم زیادہ رہتا ہی تواریخ فرشتہ کے بموجب علاء الدین خلجی کے زمانے مین جو سنہ ۱۲۹۵ع مین تخت پر بیٹھا تھا یہان چوبیس تولے کا سیر تھا کہ اس حساب سے جیکا من اکا بارہ ہی سیر کا ہوا تبریزی من ساڑھے پانچ سیر کا ہوتا ہی اور عرب کا من کل دو سیر محمود کے ساتھ والو نے اگر سیر کا بھی من مانا ہو تو بھی بہت ہوتا ہی -

سنہ ۱۰۱۷ع

نوین چڑھائی اسکی ہندوستان پر بڑی تیاری کے ساتھ ہوئی تواریخ فرشتہ مین اُسکے لشکر کی تعداد ایک لاکھ سوار اور بیس ہزار پیدل لکھی ہے وہ اپنے لشکر کو اس ڈھب اچانک کنوج کے سامنے لے آیا کہ وہان کے راجہ کنور راے سے کچھ بھی نہ بن پڑا گلے مین دوپٹہ ڈال کر بال بچون سمیت محمود کے پاس چلا آیا۔ محمود نے جو اپنی عمر مین تعریف کے لائق کوئی کام کیا۔ تو وہ بھی اسوقت اپنی بڑائی کا دکھلاوا تھا۔ راجہ کی بڑی خاطرداری کی۔ اور اُسے ہر طرح سے تسلّی دی۔ تین دن تک راجہ کا مہمان رہا چوتھے دن کنوج سے غزنین کو لوٹا * کتابون مین اُسوقت والون نے کنوج کی بڑی بڑائیان لکھی ہین۔ کوئی اسکے شہر پناہ کا گھیر پندرہ کوس کا لکھتا ہے کوئی اُس مین تیس ہزار تمبولیون کی دوکان بتاتا ہے کوئی وہانکے راجہ کی فوج مین پانچ لاکھ پیادے گنتا ہے کوئی اُسمین تیس ہزار سوار اور اسی ہزار زرہ پوش اور بڑھاتا ہے پر اب تو نرا ایک قصبہ سا باقی رہ گیا ہے ٹوٹی پھوٹی عمارتین البتہ دور دور تک اُسکے گرد نظر پڑتی ہین۔

* لیکن تاریخ یمینی مین لکھا ہے کہ راجہ گنگا پار بھاگ گیا بادشاہ نے ایک ہی روز مین ساتون قلعے جو الگ الگ گنگا کنارے بنے ہوئے تھے فتح کر لیے دس ہزار کے لگ بھگ وہان مندر تھے بادشاہ نے اپنے سپاہیون کو لوٹنے اور قیدی لینے کی اجازت دی وہ لوگ اپنی گونگی بہری مورتون کا یہ حال دیکھکر ڈر کے مارے جدھر راہ پائی نکل گئے سب بیوہ اور یتیمونکی طرح پریشان ہوئے جو نکل نہ جاسکے قتل کیے گئے

محمود راستے مین متھرا کو تباہ کرتا گیا بیس دن تک اُسے لوٹا اور مورتونکو توڑوا کے مندرون مین بُرا بُرا کام کیا - سو اونٹ نری توڑی ہوئی چاندی کی مورتون سے بھر کے لیگیا - پانچ خالی سونے کی تھین انمین ایک کا وزن ہمارے ایکے چار من سے اوپر تھا - مہابن کو قتل کیا راجہ اپنے بال بچونکو مار کر آپ بھی مر رہا - اس بار محمود یہان سے پانچ ہزار تین سو آدمیونکو غزنین پکڑ لے گیا -

دسوین بار محمود کو کنوج کے راجہ کی مدد کے واسطے آنا پڑا - پر کالنجر کے راجہ نے اُسے محمود کے پہونچنے سے پہلے ہی کاٹ ڈالا تھا - اور گیارھوین بار وہ کالنجر کے راجہ سے لڑنے کو آیا - لاہور کے راجہ انندپال کے بیٹے نے کنوج کے آنے مین محمود کا مقابلہ کیا تھا اسلئے محمود نے اُسکا راج چھین کر غزنین مین ملا لیا -

سنہ ۱۰۲۴ع

بارھوان حملہ محمود کا پٹن سومناتھ پر ہوا - اب تو یہان والے اُسکا نام تک بھی بھول گئے پر اسوقت وہ اس دیس کی بڑی تیرتھون مین گنا جاتا تھا - گجرات کے جزیرہ نما کے دکھن سمندر کے کنارے سومناتھ مہادیو کا نامی مندر بنا تھا - چھپن کھنبے اسمین جواہر کے جڑے ہوے لگے تھے اور دو سو من بھاری سونے کی زنجیر سے گھنٹا لٹکتا تھا - دو ہزار گاؤن اُس کے خرچ کے واسطے معاف تھے - اور دو ہزار پنڈے وہان کے پجاری

گنے جاتے تھے - تیرتھ کی جگہ سمجھ کے آس پاس کے بہتیرے راجہ اُسکے
بچانے کو اکٹھا ہو گئے - پر محمود کب چھوڑتا تھا تین دن تک لڑائی ہوتی
رہی پانچ ہزار سے اوپر رجپوت کھیت رہے باقی ناؤن پر سوار ہو کے نکل گئے
محمود جب مندر مین گیا برہمن بہت گڑگڑائے اور عرض کیا کہ آپ مورت کو
نہ چھوئین تو جتنا روپیہ کہین ہم ڈنڈ بھرین بادشاہ نے کہا کہ مین بت شکن
ہون بت فروش نہین بنا چاہتا - یعنی مورتون کا توڑنیوالا ہون بیچنے والا
نہین بنونگا - اور یہ کہہ کے ایک گرز اُس پتھر کی مورت مین ایسا مارا کہ وہ
ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی پر دیکھو اُس مالک کی قدرت کہ اُسکے پیٹ سے اتنے
ہیرے موتی اور جواہر نکلے جنکا مول اُس ڈنڈ سے جو برہمن دینا قبول
کرتے تھے کہین بڑھ کر تھا - محمود نے اُس مورت کے دو ٹکڑے تو مکے مدینے
بھجوا دیے اور دو غزنین مین اپنی کچہری اور مسجد کی سیڑھیون مین جڑوا دیے
کہتے ہین کہ اس حملے مین کم سے کم دس کروڑ کا مال محمود کے ہاتھ لگا ؃ غزنین
پہونچکر ترت ہی محمود کو ایک بار ملتان تک پھر آنا پڑا - وہان اُن جاٹون کو
جنھون نے سومناتھ سے لوٹتے وقت اُسکے سپاہیون کے ساتھ کچھ
چھیڑ چھاڑ کی تھی سزا دینا بہت ضرور تھا - لیکن پھر ہندوستان پر کوئی

؃ وہ چندن کے کواڑ جو سرکاری فوج ۱۸۴۲ء مین غزنین سے اُکھاڑ لائی تھی اور
اب آگرے کے قلعے مین رکھے ہین اسی سومناتھ کے بتلاتے ہین -

سنہ ۱۰۳۰ع

چڑھائی نہین کی ایران توران ہی کی مہمون مین پھنسا رہا۔ یہانتک کہ سنہ ۱۰۳۰ع مین بیمار ہوکر اس دنیا سے اٹھ گیا ✤ مرنے سے کچھ دیر پہلے اُس نے خزانہ سے منگواکر سونے چاندی اور جواہرات کا اپنی آنکھون کے سامنے ڈھیر لگوادیا اور پھر دیر تک اُنھین دیکھ دیکھ کر رو یا کیا۔ یہ نہین معلوم کہ وہ اُن ظلم اور زیادتیون کو سوچ کر روتا تھا کہ جنسے وہ ہاتھ لگے یا اِس بات کو کہ اب اُنھین ساتھ نہ لیجا سکتا تھا۔

غرض سنہ ۱۱۸۶ع تک غزنین کی سلطنت اسی محمود کے گھرانے مین رہی پر ہندوستان پر ایسا کسی نے دل نہین چلایا۔ ہان پنجاب کو جسے محمود نے غزنین کی سلطنت مین ملالیا تھا البتہ اپنے تحت مین رکھا۔ اُس کے پرپوتے دوسرے مسعود کے وقت مین کچھ فوج گنگا کے پار تک آکر لوٹ مار کرتی

سنہ ۱۱۸۶ع

ہوئی پھر لاہور کو مڑ گئی تھی سنہ ۱۱۸۶ع مین محمود کے پرپوتے کے پرپوتے خسرو ملک کو شہاب الدین محمد غوری لاہور سے قید کرلیگیا۔ اور اسی کے ساتھ وہ غزنین کا گھرانا تمام ہوا۔

شہاب الدین محمد غوری

قندھار سے سات آٹھ منزل آگے غور ایک جگہ ہو مدت سے وہان کے

✤ تاریخ وفات محمود غزنوی شاہ بازجہان سنہ ۴۲۰ ہجری

سے عشرت سے کوئی جام جو بھر لیتا ہے	آسمان اُسکا وہین کاسہ سر لیتا ہے

حاکم الگ ہوتے آئے تھے محمود غزنوی نے اپنے تابع کر لیا تھا - اور اُسکے
جانشینوں مین سے بہرام نے اپنی لڑکی کا بیاہ بھی وہان کے حاکم
قطب الدین محمد کے ساتھ کر دیا تھا - پہ پھر آپس مین جو تکرار پڑگئی تو وہ
یہانتک بڑھی - کہ بہرام نے اپنے داماد کی جان ہی لے ڈالی اور اُسکے بھائی
سیف الدین کی بھی بڑی نوبت کی - منھ کالا کرکے بیل پر شہر مین گھمایا - اور پھر سر
کٹوا کے ایران کے بادشاہ کے پاس بھیجدیا - انھین اپنے دونون بھائیون کا بدلا
لینے کو علاء الدین غوری نے جسے تواریخ والون نے جہان سوز خطاب
دیا ہو غزنین پر چڑھائی کی سات دن کی لوٹ مار مین شہر کو پھونک پھانک کر
بالکل نیست و نابود کر دیا اور شہر والون کو جو اسکے ساتھیون کی تلوار سے بچے
بہتون کو پکڑ کر غور لیگیا - اور وہان اپنے مکانون کے لئے اُنکے لہو سے
گارا سنوایا - نہ ان دنون علاء الدین کے بھتیجے شہاب الدین محمد غوری کی
قید مین جیسا کہ ابھی اوپر لکھ آئے ہین بہرام کا پوتا خسرو ملک جو محمود کے
گھرانے مین آخری بادشاہ ہوا جان سے گیا - اور غزنین کا سارا راج
غور مین ملا -

ہندوستان مین مسلمانون کی بادشاہی کی جڑ جمانے والا اسی شہاب الدین
کو سمجھنا چاہیے سنہ ۱۱۷۵ع مین اُسنے اوچ لیا تھا اور دو برس بعد
گجرات پر چڑھائی کی - لیکن وہان اُسنے شکست کھائی - پھر کچھ دنون پیچھے

سنہ ۱۱۹۱ع سندھ کو لوٹا - اور سنہ ۱۱۹۱ع مین دلی کی طرف فوج لایا -

اس پہلی لڑائی مین جو تھانیسر اور کرنال کے بیچ تلاوری کے میدان مین ہوئی - شہاب الدین نے پرتھی راج سے شکست کھائی پر

سنہ ۱۱۹۳ع سنہ ۱۱۹۳ع مین وہ بڑی بھاری فوج لیکر آیا - جے چند راٹھور کنوج والے کو اپنے موسیرے بھائی پرتھی راج کا انگ پال کی گود مین بیٹھنا اور دلی اور اجمیر کا راج ایک ہو کر اُسکا بڑھنا بہت بُرا لگا تھا - راج سو جگ اور اپنی بیٹی کے سویمبر* مین اُسے نہ بُلا کر اُسکی مورت سونے کی بنا کر دربانون کی جگہ رکھوا دی پرتھی راج یہ حال سُنکر بڑے غصے مین آیا - اور چنے ہوے سردارون کے ساتھ دھاوا مار کر جے چند کی بیٹی کو ہر لینی اُٹھا لیگیا اس مین پرتھی راج کے اچھے اچھے آدمی کام آئے - یعنی ایک سو آٹھ سردارون مین سے چونسٹھ کھیت رہے - اور یہی اُنکا بیر پیدا ہونا اس دیس مین مسلمانون کے غالب ہو جانے کا اصلی سبب ہوا - پرتھی راج کو اس نازک وقت مین جے چند کی مدد کا کچھ بھی بھروسا نہ تھا - بلکہ دشمن سے سازش رکھنے کا کھٹکا تھا - تو بھی گھمنڈ کے نشے مین چور رہتا اپنے زور کے آگے دشمن کی کچھ حقیقت نہین سمجھتا تھا - تین ہزار ہاتھی اور تین لاکھ سوارون

---

* یہ جگ اور سویمبر (यज्ञ और स्वयम्बर) اس دیس مین آخر ہوا پھر کبھی کسی نے اسکا حوصلہ نکیا -

کا لشکر اکٹھا کر لیا تھا - پیدلون کا کچھ شمار نہ تھا - ڈیڑھ سو سے اوپر اُسکے
لشکر مین راجہ گنے جاتے تھے شہاب الدین جیسے دودھ کا جلا چھاچھ
بھی پھونک پھونک کر پیتا ہو بڑی خبرداری سے لڑتا تھا - لڑائی کے وقت
دھوکا دینے کے لیے یکبارگی اپنے لشکر کی باگ پیچھے موڑ دی ہندوون
نے سمجھا کہ مسلمانون کے پانوٗن اُکھڑے پیٹھ دکھا کر بھاگے جاتے ہین
آگا پیچھا کچھ نہ بچارا جدھر جسکا جی چاہا دشمن کا پیچھا کرنے کو قدم اُٹھایا
شہاب الدین نے جب دیکھا کہ ہندو بکھر گئے بارہ ہزار چنے ہوے
زرہ پوش سوارون کے ساتھ جھپٹا آ راجہ کو دھر دبایا - بہتیرے سوٗر
اور ساونت اُس جگہ کام آئے چیتوڑ کا راجہ سرسی بڑی بہادری کے ساتھ
مارا گیا - پرتھی راج کو شہاب الدین نے جیتا پکڑ لیا - اور پھر اُسکے گلے پر
چھرا چلوایا - * یہ ہار جیت اور شکست بالکل اس ملک کے ہاتھ ہو اجمیر مین
اس نے ہزارون کو قتل کیا - اور ہزارون کو لونڈی غلام بنایا - اور تب
پرتھی راج کے کسی رشتہ دار کو بھاری خراج دینے کے قرار پر وہان کا راج
دیکر اور اپنے غلام قطب الدین ایبک کو ہندوستان مین چھوڑ کر آپ
غزنین کو لوٹ گیا - قطب الدین نے دلی اور کویل پر اپنا قبضہ کیا -

---

* پرتھی راج کا سب حال اُس کے بھاٹ چند کبیشور نے پرتھی راج راسے
مین بہت اچھی طرح لکھا ہے -

سنہ ۱۱۹۴ع

پھوٹ کا یہی پھل ہے کہ دونون برباد ہون یہیں کنوج کا راجہ جےچندر گھٹوڑا بھی کب بچنے پاتا تھا۔ دوسرے سال شہاب الدین نے اسپر چڑھائی کی اور اٹاوے کے آس پاس اسے شکست دیکر بنارس تک اپنے قبضے مین کر لیا گویا بنگالے کا دروازہ مسلمانون کے لئے کھولدیا۔ جےچند اس لڑائی مین قطب الدین کے تیر سے مرا۔ اسکے گھر بار کے لوگ انتربید چھوڑ کر مارواڑ کو چلے گئے۔ کہتے ہین کہ شہاب الدین نے بنارس مین کم سے کم ایک ہزار مندر تڑوا دئے۔

سنہ ۱۱۹۵ع

سنہ ۱۱۹۵ع مین شہاب الدین پھر ہندوستان مین آیا اور بیانا لیکر گوالیر کا محاصرہ کیا۔ لیکن اسی عرصے مین کسی ضرورت کے سبب اُسے اپنے ملک کی طرف لوٹ جانا پڑا۔ سنہ ۱۲۰۶ع مین ایک دن جب اسکا ڈیرہ ہوا کیواسطے عین سندھ ندی کے کنارے پر پڑا تھا۔ آدھی رات کے وقت

سنہ ۱۲۰۶ع

کئی ایک بدمعاش جنکے رشتےدار اسکی لڑائیون مین مارے گئے تھے دریا مین تیر کر ڈیرے کے اندر گھس آئے اور تلوارون سے اسکا قیمہ کر ڈالا ٭ خزانہ اسکے پاس بہت تھا۔ تواریخ فرشتے کہ جب پانچ من تو اُسمین نرا ہیرا تھا۔ غزنین مین تخت پر اسکا بھتیجا محمود غوری بیٹھا۔ لیکن ہندوستان پر قطب الدین ایبک کا قبضہ رہا۔ مالوہ اور اسکے آس پاس کے ضلعون کے

٭ تاریخ وفات شہاب الدین محمد غوری ماتحت السریر سنہ ۶۰۲ ہجری۔

سواے بالکل دخل مین آگیا تھا - سندھ اور بنگالہ بھی فتح ہوا چاہتا تھا - گجرات
کی دارالسلطنت انہل واڑہ پر مسلمانون کا جھنڈا پھراتا تھا - اور جو راجہ رہ گئے
تھے انھون نے خراج دینا قبول کر لیا تھا - محمود غوری نے تخت پر بیٹھتے ہی
قطب الدین ایبک کو بادشاہی کا خلعت اور خطاب بھجوا دیا - اور پھر تب سے
یہی قطب الدین ایبک ہندوستان کا بادشاہ کہلایا -

قطب الدین ایبک *

قطب الدین ایبک کو بچپن مین کسی دولتمند نے نیشاپور کے درمیان
غلامی مین مول لیا تھا اور اُسی نے اُسے فارسی عربی پڑھایا اُس کے
مرنے پر وہ ایک سوداگر کے ہاتھ بکا اور اُس سوداگر نے اُسے شہاب الدین محمد
غوری کو نذر کیا - شہاب الدین کی اُس پر ایسی مہربانی ہوئی کہ ہوتے ہوتے وہ
ہندوستان کا بادشاہ ہو گیا - کیا قدرت ہے خالق برحق اور قادر مطلق کی
کہ جس نے لڑکپن مین نیشاپور کے سوداگرون کی غلامی کی وہ بڑھاپے مین ہندوستان
کے تخت پر براجا اور اس دیس مین مسلمانون کے راج کی جڑ جمانے والا ہوا -

آرام شاہ

سنہ ۱۲۱۰ع

چوگان کھیلتے گھوڑے سے گر کر قطب الدین ایبک کے مرنے پر

---

* ایبک ترکی مین اُسے کہتے ہین جسکی ہاتھ کی چھوٹی اُنگلی ٹوٹی ہو -

** تاریخ وفات قطب الدین ایبک [illegible] ہجری -

اُس کا بیٹا آرام شاہ برس بھر بھی تخت پر نہ بیٹھنے پایا تھا۔ کہ اُسکے بہنوئی
شمس الدین التمش نے تاج بادشاہی کا اپنے سر پر رکھا۔

شمس الدین التمش ٭

قطب الدین ایبک نے اسے ایک ہزار روپیے پر مول لیا تھا
جسدن اسنے آرام شاہ سے تخت چھینا یہ بہار کا صوبہ دار تھا۔ اسی عرصے
مین چنگیز خان ٭٭ مغلون کا سردار بیشمار فوجین لیکر تاتار سے باہر نکلا تھا
اور سندھ پار کے دیسون مین قیامت کا سا ہنگامہ مچا رکھا تھا۔ کہتے ہین

٭ رسالہ ترکی والہ التمش کے معنی فوج لکھتا ہی جو میان ہراول سردار ہو اور تواریخون مین
اسکا یہ نام پڑنے کا باعث یون لکھا ہی کہ وہ بروز خسوف متولد ہوا بہرکیف قاضی منہاج السراج جرجانی
کے اشعار ذیل سے میم مکسور اور مشدد معلوم ہوتا ہی اگر تشدید جائز نہ رکھین (ت) کے کسرہ کو بڑھا کر
خواہ (ت) کو (ی) کے ساتھ ملا کر پڑھنا پڑے گا —

آن خداوندے کہ حاتم بذل و رستم کوشش است ۔۔۔ ناصر دنیا و دین محمود بن التمش است
زفر ناصر الدین شاہ محمود ابن التمش ۔۔۔ ملک زدش عا خواندہ فلک پیشش زمین گشتہ

اور اس تاریخ کے شعر سے ساکن

چو شش صد سی و سہ از سال ہجری ۔۔۔ گذشت و بست روز از ماہ شعبان
بشد سلطان شمس الدین التمش ۔۔۔ بسوے جنت الماوا خرامان

٭٭ امیر خسرو اپنی تاریخ علائی مین چنگیز خان کو سب جگہ ملعون لکھتا ہی —

کہ ملکون کی تباہی ایسی آجتک کبھی کسی نے نہین کی جیسی اس مغل کے
ہاتھ سے مالک کو منظور ہوئی - جہان جاتا تھا سوا ے کاٹنے مارنے ڈھانے
جلانے لوٹنے ڈوبانے کے اور کچھ بھی اسے کام نہ تھا - گویا اس ساری دنیا کو
اُسنے بے آدمی کر ڈالنا بچارا تھا - جب خوارزم کا بادشاہ جلال الدین
جان بچانے کے لیے گھوڑا بھگا کر سندھ اس پار بھاگ آیا تو مغلونکی
کچھ فوج اُسکا پیچھا کرتی ہوئی مُلتان اور سندھ کے علاقہ تک پہونچی تھی -
پر شمس الدین التمش نہایت عقلمند تھا جو نہین جلال الدین نے اس ملک
مین کچھ دن ٹھہرنے کا ارادہ ظاہر کیا ترت اُسے کہلا بھیجا کہ یہان کی آب ہوا
آپ کے مزاج مبارک کے موافق نہ آوے گی - جلال الدین سمجھ گیا -
سندھ سے ایران کی طرف چلتا ہوا - اسلیے مغلون کی فوج بھی لوٹ گئی
پر نمونہ اپنے ظلم کا اُتنے ہی مین دکھلاتی گئی - یعنی دس ہزار ہندو جو غلام
بنانے کے واسطے پکڑ لیے تھے - جب لشکر مین رسد کی کمی ہوئی تلوارون سے
کاٹ ڈلے - بیچارے ان بیگناہون مین سے چھوڑا ایک کو بھی نہین
چنگیز خان اور اُسکے ساتھ کے مغل مسلمان نہ تھے - بلکہ ایک طرح کے
بودھ تھے وے مورتون کو پوجتے تھے اور بید اور قرآن دونون کو
ایک سا سمجھتے تھے -

شمس الدین التمش نے اپنا دبدبہ سارے ہندوستان پر جمایا سندھ اور

بنگالہ بھی بخوبی فتح کرلیا - رنتھنبھور جسے رنت بھنور بھی کہتے ہین اور مانڈو کے مشہور قلعون کو سر کیا - اُجین مین مہاکال کا سوگز اونچا نامی مندر توڑا - اور گوالیار کو دو بار اپنے قبضہ مین لایا - بغداد کے خلیفہ نے اسے بادشاہی کا خلعت بھیجا - اور وہ اونچا سندر قطب مینار بھی دلی مین اسی بادشاہ نے بنوایا - ندان سنہ ۱۲۳۶ع مین شمس الدین التمش اُس دنیا کو سدھارا اور رکن الدین اسکا بیٹا تخت پر بیٹھا -

رکن الدین فیروز شاہ

اسے رات دن بھانڈ اور کسبیون سے کام تھا - نشہ اور تماشہ بینی یہی شغل آٹھون جام تھا - سلطنت مان کے بھروسے چھوڑ دی تھی - خزانہ بالکل واہیات مین لٹاتا تھا - مان بھی اسکی بڑی ظالم تھی - سات ہی مہینے مین تخت سے اُتارا گیا - اور اُسکی جگہ لوگون نے اسکی بہن رضیہ کو بٹھایا -

رضیہ بیگم

سنہ ۱۲۳۶ع

یہ بیگم بڑی ہوشیار تھی - اگرچہ بہت پڑھی لکھی نتھی تو بھی قرآن اچھی طرح پڑھ لیتی تھی - نت بادشاہون کی طرح قبا اور تاج پہن کر تخت پر دربار کرتی تھی نقاب منھ پر کبھی نہین ڈالتی تھی - اور بڑے عدل و انصاف کے ساتھ لوگون کی نالش فریاد سنتی تھی - پر ایک ہی چوک اُس سے ایسی ہوئی - کہ جس سے

آخر اُسکی جان گئی - اُسکے اصطبل کا داروغہ ایک حبشی غلام تھا۔ وہی اُسکو بغل مین ہاتھ دیکر گھوڑے پر سوار کراتا تھا - اُسپر ایسی مہربان ہوئی کہ اُسے امیرالامرا کا خطاب دیا - اس سبب سب کا دل اس سے پھر گیا اور بڑا دنگا بکھیڑا ہوا - نتیجہ اسکا یہ نکلا - کہ حبشی اور بیگم دونون مارے گئے ٭ اور ملک اُسکے بھائی معزالدین بہرام کے ہاتھ آیا -

سنہ ۱۲۳۹ ع

معزالدین بہرام

لیکن دو برس دو مہینے سلطنت کرکے وہ بھی بلوائیون کی قیدمین جان سے گیا اُسنے بالکل اختیار اپنے مہتر فراش کو دے رکھا تھا اور اُسی کی صلاح پر چلتا تھا - اسی سبب بلوا ہوا اور علاءالدین مسعود جو رکن الدین کے لڑکون مین سے تھا تخت پر بیٹھا -

سنہ ۱۲۴۱ ع

علاءالدین مسعود

پھر اوپر چار ہی برس کا عرصہ گذرا ہوگا علاءالدین مسعود بھی مارا گیا اُسکے وقت مین مغلون نے تبت کی راہ بنگالے پر چڑھائی کی پر شکست کھائی -

ناصرالدین محمود

٭ رضیہ مردانی پوشاک مین بھاگی تھی راستے مین سو گئی کسی کسان نے اُسکی پوشاک کے نیچے زری اور موتی ٹکی انگیا دیکھ لی جانا کہ عورت ہے مار کر کپڑے اُتار لیے لاش زمین مین گاڑ دی -

یہ شمس الدین التمش کا بیٹا تھا۔ جب بادشاہ ہوا سلطنت کا بالکل کام اپنے بہنوئی وزیر غیاث الدین بلبن کے بھروسے پر چھوڑ دیا اپنا شوق خالی کتاب سے رکھا۔ نام کو بادشاہ تھا۔ پر سچ پوچھو تو درویشی کرتا تھا۔ کتاب نقل کرکے اپنا پیٹ بھرتا۔ اپنی بیگم سے کھانا پکواتا لونڈی یا مزدورنی ایک بھی اُسکے پاس نہ رہنے دیتا۔ جو کچھ غریب محتاجون کے کھانے مین آتا وہی آپ بھی کھاتا۔ نکاح ایک ہی کیا تھا دوسرے کا کبھی خیال بھی جی مین نہ لاتا۔ وزیر بہت ہوشیار تھا۔ شمس الدین التمش کا غلام ور داماد تھا۔ پہلے بادشاہون کی غفلت سے جو خرابیان اور بے انتظامیان ملک مین پڑ گئی تھین اُنکے دور کرنے کی کوشش کرتا۔ اُدھر غزنین فتح کی اِدھر کالنجر تک دبدبہ جمایا۔ نرور کا قلعہ لیا۔ چندیری کو بھی جا دبایا سنہ ۱۲۵۸ع مین جب چنگیز خان کے پوتے ہلاکو کا ایلچی آیا۔ تو دو ہزار ہاتھیون کے ساتھ پچاس ہزار سوار اور دو لاکھ پیادے لیکر دلی کے باہر اُسکا استقبال کیا۔ سنہ ۱۲۶۶ع مین اس نیک بادشاہ نے اس دنیا سے کوچ کیا۔ اسکی نیکی یہانتک بیان کرتے ہین کہ کسی دن ایک کتاب جو اپنے ہاتھ سے نقل کی تھی اپنے کسی امیر کو دکھلا رہا تھا اُس امیر نے کئی جگہ غلطی بتلائی بادشاہ نے درست کر دیا۔ لیکن جب وہ امیر چلا گیا۔ تو پھر ویسا ہی بنا دیا جیسا پہلے تھا لوگوں نے سبب پوچھا آپ نے فرمایا کہ مجھکو پیشتر سے معلوم تھا کہ کتاب غلط

سنہ ۱۲۵۸ع

سنہ ۱۲۶۶ع

نہین تھی ۔ لیکن ایک خیرخواہ صلاح دینے والے کا دل دُکھانے سے یہ محنت اپنے اوپر لینی مین نے بہت مناسب سمجھی ۔

غیاث الدین بلبن

کام تو بادشاہی کا یہ ناصرالدین محمود ہی کے وقت سے کرتا تھا لیکن اب اسکے مرنے پر پورا بادشاہ ہوگیا ۔ سنہ ۱۲۶۶ء مین میواتیون نے سر اُٹھایا ۔ پر جیسا کیا ویسا ہی پھل پایا ۔ کچھ کم زیادہ ایک لاکھ آدمی لُٹ کے مارے گئے سنہ ۱۲۷۹ء مین بنگالے کا صوبہ دار تغرل بگڑا اور دعوی بادشاہی کا کیا ۔ لیکن جلد ہی اُسکا سر کاٹا گیا ۔ دلی اس زمانے مین بڑی رونق پر تھی سواے اُن بادشاہ اور بادشاہ زادون کے جو مغلون کے ڈر سے اپنے ملک چھوڑ چھوڑ کر پہلے سے یہان آبسے تھے اور پچیس ۲۵ سے کم نہ تھے پندرہ اس بادشاہ کے وقت مین آ گئے ۔ یہ سب کی خاطرداری اور پرورش کرتا اور وہ سب خوشی سے اسکے تخت کے گرد ہاتھ باندھ کر کھڑے ہوتے ۔ شہر مین ہر ایک کے ملک کے نام سے محلے بس گئے تھے ۔ اور سمرقندی کاشغری ختائی ۔ رومی ۔ غوری ۔ خوارزمی وغیرہ پکارے جاتے تھے یہ بادشاہ اپنا دبدبہ جمانے اور شان و شوکت دکھلانے مین جیسی کوشش کرتا ۔ ویسی ہی عدل و انصاف مین مستعدی رکھتا ۔ اودھ کے صوبہ دار ہیبت خان نے شراب کے نشے مین کسی غریب کو مار ڈالا تھا اُسکی عورت

سنہ ۱۲۷۹ء

نے نالش کی - بادشاہ نے ہیبت خان کو پانچ سو کوڑے لگوا کر اُس
عورت کے حوالے کیا - اور کہدیا کہ آج تک ہمارا غلام تھا اب تیرا ہوا ہیبت خان
ہی نے بڑی سفارشون سے بیس ہزار روپے دیکر اس عورت کی غلامی
سے آزادی پائی - کہتے ہین کہ جب سے وہ بادشاہ ہوا شراب پینا بالکل
چھوڑ دیا - نماز اور روزہ اختیار کیا - ماتم پرسے کے لئے اپنے امیرون
کے گھر جاتا - جمعہ کے دن مسجد سے لوٹتے وقت عالم فاضلون کے
مکان پر اُنسے ملاقات کرتا - اس دھوم سے سواری نکلتی تھی کہ پانچ سو
آدمی ننگی تلوار لیکر اردلی مین چلتے تو بھی راستے مین جہان دیکھتا کہ وعظ
کی مجلس ہو اُتر کر سُنتا اور اکثر رونے لگجاتا - بے وضو کبھی نہ رہتا بے موزے
اور ٹوپی کبھی کسی خدمتگار نے بھی اُسے نہ دیکھا پر سزا بہت سخت دیتا اور
سلطنت کی پائداری کے لئے ناحق بھی بہتون کی جان لیڈالتا - آخری وقت
مین اس بادشاہ کو پنجاب کی طرف لڑائی مین مغلون کے ہاتھ سے اپنے
بڑے بیٹے محمد کے مارے جانے کا بڑا رنج ہوا - امیر خسرو مشہور شاعر
اسی شاہزادے محمد کے پاس رہتا تھا جب شاہزادہ مارا گیا امیر خسرو
دشمنون کی قید مین پڑ گیا لیکن پھر چھوٹ آیا - غرض غیاث الدین بلبن اسّی
برس کی عمر مین اس دار ناپائدار سے کوچ کر گیا - اور جب اُسکے بیٹے * قرا خان نے

* اصلی نام اسکا بغرا خان ہی بغرا ترکی مین شیر کو کہتے ہین (غ) (ق) سے بدل جاتا ہی

سلطنت سے انکار کیا وزیرون نے اُسکے پوتے کیقباد کو تخت پر بٹھایا۔ سنہ ۱۲۸۶ع

معز الدین کیقباد

اسکی عمر اٹھارہ برس کی تھی یکبارگی عیش مین ڈوب گیا۔ پہلے اپنے چچیرے بھائی کیخسرو کو قتل کیا اور پھر اور بھی بہت سے امیرون کا سر کٹوایا۔ مسجد اور مندرون مین بھی واہیات اور تماشے ہونے لگی۔ ساری دلی بھانڈ بھگتئے ڈھاری کتھک کسبی بھڑوے اسی قسم کے آدمیون سے بھر گئی۔ جب اسکا باپ قراخان بنگالے کا صوبہ دار سمجھانے اور نیک نصیحت دینے کو آیا۔ یہ اُس سے لڑنے کے ارادہ پر فوج لیکر نکلا اور پھر جب وہ اس کے دربار مین حاضر ہوا۔ یہ پتھر کی طرح تخت پر بیٹھا رہا اور اپنے باپ کو تین تین بار زمین چومتے اور آداب بجالاتے دیکھکر ذرا بھی ہلا آخر جب چوبدار پکارا وہ قراخان گناہ رو برو جہان پناہ سلامت" قراخان سے نہ رہا گیا۔ ڈاڑھ مار کر رونے لگا۔ تب تو کیقباد کے دلپر غیرت نے اثر کیا تخت سے اُتر کر باپ کے قدمون پر گر پڑا اور ہاتھ پکڑ کر اپنے برابر بیٹھایا قراخان نے سمجھانے اور نصیحت کرنے کا فائدہ نہ دیکھکر اُلٹے پاؤن اپنے صوبہ کا راستہ لیا۔ اور بیٹے کو اسکی قسمت کے حوالے کیا ٭ کیقباد تھوڑے ہی دنون مین

ص بغرا ہوا اختصار کے لیے قراخان پکارنے لگے۔

٭ امیر خسرو نے اسی کی ملاقات کے حال مین قران السعدین لکھی ہے۔

۱۲۸۸ء اپنے سرداروں کے ہاتھ سے مارا گیا - بیمار تو تھا ہی ایک کمبل مین لپیٹ کر لات اور لاٹھیون سے پھرتا کر ڈالا - جب دم نکلگیا کھڑکی کی راہ جمنا مین پھینکدیا اور اُسکی جگہ سمانے کا نائب ناظم جلال الدین فیروز خلجی تخت پر بیٹھا - خاندان غوری بادشاہون کے غلامون کی سلطنت کیقباد تک رہی جلال الدین سے خلجیون کے گھرانے مین آئی —

جلال الدین فیروز خلجی

خلجی افغانستان کی سرحد پر پہاڑیون کی ایک قوم ہو جلال الدین فیروز جب تخت پر بیٹھا ستر برس کا تھا - مزاج اُسکا سادہ اور رحم دل بڑے سرے کا

۱۲۹۴ء ۱۲۹۴ء مین اُسکے بھتیجے علاء الدین نے آٹھ ہزار سوارون کے ساتھ دکھن مین دیوگڈھ * کے راجہ رام دیو کو جا گھیرا - اور بہت سا ‡ سونا چاندی اور جواہرات لیکر تب اُسکا پنڈ چھوڑا - یہ مسلمانون کی دکھن مین پہلی

۱۲۹۵ء چڑھائی تھی علاء الدین نے یہ بڑا بھاری گناہ کا کام کیا کہ سلطنت کے لالچ سے اپنی آنکھون کے سامنے اپنے بوڑھے چچا کو دھوکہ دیکر مروا ڈالا —

* جسے دولت آباد کہتے ہین —

‡ تواریخ فرشتہ مین لکھا ہو کہ ہزار من چاندی چھ سو من سونا سات من موتی اور دو من ہیرے لیا اور مانگ لیا —

علاء الدین خلجی

سنہ ۱۲۹۵ع

اس نے تخت پر بیٹھتے ہی پہلے تو جلال الدین کے دو لڑکون کو
قتل کیا - پھر جب گجرات فتح کر کے اپنی سلطنت مین ملایا تو فوج سے
لوٹ کا مال مانگا فوج نے بلوہ کیا - بہت آدمی مارے گئے - جو بھاگے بادشاہ
نے اُنکے بال بچے اور گھر کے لوگ کٹوا ڈالے - اُنکی عورتون کو خراب
کرنے کے لیے نوکرون کے حوالے کیا اُنکے دودھ پیتے بچون کو
اُنکی ماں اور بہنون کے سر پر ٹکوا ٹکوا کر ٹکڑا ٹکڑا کر ڈالا علاء الدین کے
وقت مین مغلون نے اس ملک پر کئی بار چڑھائی کی - اور بڑی مارے
ہوئی تباہی - لیکن شکست ہمیشہ کھاتے رہے - جو گرفتار ہوئے ہاتھیون کے
پیرون سے پسوا دیے گئے یا اُنکے گلون پر چھرے چلوا دیے - ایک دفعہ
نو ہزار مغل اسی طرح مارے گئے اُنکے بچے اور عورتون کی بھی جان نہین
بخشتے تھے - سال بھر کے محاصرے مین رنتھنبور کا قلعہ فتح ہوا ہمیر

سنہ ۱۳۰۱ع

وہان کا راجہ بڑی بہادری سے لڑا - اُسکے مارے جانے پر ماں رانی اس
بے عزتی کے ڈر سے آگ مین جل مرا - باقی جتنے آدمی اُس قلعہ مین رہے
کیا مرد کیا عورت اور کیا بچے سب کے سب قتل کیے گئے - کہتے ہین
کہ کوئی باغی میر محمد شاہ ہمیر کی پناہ مین چلا گیا تھا جب بادشاہ نے طلب
کیا ہمیر نے کہلا بھیجا کہ چاہے سورج پچھم مین کیون نہ نکلے اور چاہے

سمیر دھرتی سے کیون نہ ملجاوے مین اپنے پناہ گیر کو ہرگز تمھارے
حوالے نکرونگا - جب تک دم ہے اُسے بچاؤنگا - اسی پر بادشاہ نے خفا ہوکر چڑھائی
کی قلعہ فتح ہونے پر بادشاہ نے دیکھا کہ میر محمد میدان مین گھائل پڑا ہے
پوچھا کہ اگر علاج کرکے چنگا کرین ہمارے ساتھ کیا سلوک کریگا - جواب
دیا کہ تجھے مار کر یہہ میر محمد ہمیر کے بیٹے کو بادشاہ بناؤن گا بادشاہ نے
غصے مین آکر اُسے ہاتھی کے پیرون سے پسوا ڈالا -

سنہ ۱۳۰۳ع

تین برس بعد چتور کا مشہور قلعہ فتح ہوا - راجہ رتن سین * مارا گیا
اسکی پدمنی رانی جسکا نام پدماوتی تھا اپنی سب سکھی سہیلیون کے ساتھ
چتا پر بیٹھ کے جل گئی - اسی رانی کے روپ کی بڑائی سننے پر بادشاہ نے
دھوکھا دیکر راجہ کو قید کر لیا تھا اور حکم دے دیا کہ جب تک رانی نہ منگاوے
رہائی نہ پاوے رانی نے چالاکی کی کہلا بھیجا کہ مین آتی ہون میری سکھی
سہیلی اور باندیون کے لیے ڈولیان بھیجو اور پھر سات سو ڈولیون مین
اس ڈھب ہتھیار بند سپاہی چھپا لائی کہ آپ بھی سلامت نکل گئی اور
اپنے راجہ کو بھی بندی خانہ سے نکال لیگئی - اُسوقت تو بادشاہ سے
کچھ نہ بن پڑا - لاگ کی آگ سے اپنی ہی چھاتی جلاتا رہا - لیکن فتح پانے پر
جب قلعہ کے اندر گیا - اور چاہا کہ اُس سے اپنا جی ٹھنڈا کرے اُسکے

* ٹاڈ صاحب اس راجہ کا نام بھیم لکھتے ہین -

ہوے وہان اُس کا مکان اُسکی چتا کے دھوین سے بھرا ہوا پایا۔ ✣

سنہ ۱۳۰۶ ع

دیوگڈھ کے راجہ رام دیو نے معمولی نذرانہ بھیجنے مین کچھ عذر کیا تھا اسلیے دکھن کو فوج بھیجی گئی راجہ نے مقابلے کی طاقت نہ دیکھی دلی مین آکر حاضر ہوا۔ اور بہت سا نذر نذرانہ دیکر بادشاہ کو راضی کرلیا۔ لیکن فوج جب دیوگڈھ کو جاتی تھی اُسکے افسر نے گجرات کے بھاگے ہوے راجہ کی رانی کملادیبی کو پکڑ کے بادشاہ کے حضور مین بھیجدیا۔ یہ رانی ایسی خوبصورت تھی کہ بادشاہ نے اسی دم اُسے اپنی بیگم بنالیا۔ رانی نے عرض کی کہ جہان پناہ میری لڑکی مجھسے بھی بڑھ کر خوبصورت ہے وہ بھی راجہ سے منگالیجاوے لڑکی اُسکی دیولدیبی اُنھین دنون مین دیوگڈھ کے راجہ کے لڑکے سے بیاہی گئی تھی وداع ہوکر باپ کے یہان سے دیوگڈھ جاتی تھی۔ بادشاہ کا حکم ہوتے ہی راستے سے پکڑی آئی۔ بادشاہ نے اپنے لڑکے خضر خانکو دیدی۔ امیر خسرو نے اپنی ایک کتاب مین اسی دیولدیبی اور خضر خان کا حال لکھا ہے ✣

✣ اِس کا حال ملک محمد جایسی نے شیر شاہ کے زمانے مین اپنی کتاب پدماوت مین کہانی کے طور پر دوہے چوپائیون مین بہت اچھا لکھا ہے جہان ستی ہوئی لکھا ہے۔

لاگے کنٹھ آگ دے ہوری	چھار بھئی جر انگ نہ موری

✣ امیر خسرو لکھتے ہین کہ علاء الدین کے بعد ملک کافور نے خضر خان کو اندھا کرکے گوالیر کے قلعہ مین قید کیا تھا دیولدیبی اُسکے ساتھ تھی مبارک شاہ نے جب خضر خان کے قتل کے لیے جلاد بھیجے پس گئی ہاتھ کٹا چہرہ گھائل ہوا پر اپنے خاوند کو نہ چھوڑا اسکے ساتھ قتل ہوئی۔

وہ اس بادشاہ کے وقت مین ہزار روپیہ سال تنخواہ پاتا تھا - سنہ ۱۳۱۰ع
مین پھر دکھن کو فوج بھیجی گئی کرناٹک کے راجہ بلال دیو کو قید کر لیا - اُسکا
دارالسلطنت دوارسمدر شری رنگ پٹن سے سو میل گوشہ شمال و مغرب
مین اب تک اُجاڑ پڑا ہو بادشاہی فوج پہونچی - اور وہان بھی مسجد بنادی
سنہ ۱۳۱۱ع مین بادشاہ نے مسلمان مغلون کو جو نوکر ہو گئے تھے یکقلم
موقوف کر دیا - اور جب اُنھون نے دنگا کیا تو بالکل پندرہ ہزار کو قتل کر کے
اُنکے بال بچون کو لونڈی غلام بنا کے بیچ ڈالا -

علاءالدین کو پڑھنا لکھنا کچھ نہین آتا تھا - بادشاہ ہونے کے بعد پڑھنا
سیکھنا شروع کیا پر تو بھی گھمنڈی اتنا کہ اپنے تئین ساری دنیا سے
بڑھ کر پڑھا لکھا اور عقلمند سمجھتا تھا - مقدور کیا کہ کوئی اُسکی بات دُہرا سکے
کبھی نیا مذہب چلانا چاہتا کبھی ساری دنیا کو اپنے تخت مین لانیکا منصوبہ
باندھتا - بنا اُسکی پروانگی نہ کوئی سردار اپنے بیٹا بیٹی کا بیاہ کر سکتا نہ دس
پانچ بھائی بند یا دوست آشناؤن کو اپنے گھر بلا سکتا - مالگزاری بڑھائی
گئی - زمین کی پیداوار مین آدھون آدھ بٹائی ہونے لگی گوتے
اور بلاہر کے لیے بھی ایک کوڑی نہ چھوڑی - مقرر تعداد
سے زیادہ زمین گائے بیل بکری رکھنے کی مناہی تھی
جب بادشاہ نے فوج کی تنخواہ گھٹانی چاہی سپاہیون کی خاطر جنس سستی

کردی۔ سب چیز کا نرخ + سرکار سے مقرر ہو گیا جو مال ایک روپیہ کو بکتا تھا۔ وہ اب آٹھ ہی آنے کا باقی رہا۔ اس بادشاہ کی فوج مین پونے پانچ لاکھ سوار گنے جاتے تھے۔ گھوڑے داغے ہوئے سرکار سے اور تنخواہ مین دوسوچونتیس ۲۳۴ روپیہ سال پاتے تھے۔ جب مغلون نے آکر دلی کا شہر گھیر لیا تھا۔ تین لاکھ سوار اور ستائیس سو ہاتھی لیکر اُنکے مقابلے کو نکلا تھا۔ ستر ہزار اُسکے یہان شاگرد پیشے تھے۔ اُن مین سات ہزار معمار بیلدار اور گلکار نوکر تھے۔ بڑی سے بڑی عمارت دو ہفتے مین تیار کرا سکتا تھا۔ اب کی طرح ٹھیکے مین کم مضبوط کام نہین ہوتا تھا۔ وہ اپنے تئین دوسرا سکندر بتلاتا تھا۔ بلکہ یہ لقب سکے مین بھی کھدوا دیا تھا۔ بیشک یہ بادشاہ بڑا زبردست ہو گذرا نظام الدین احمد اپنی کتاب طبقات اکبری مین لکھتا ہو کہ اسنے تمام وقف اور انعام اور ملک کے گانؤن ضبط کر لیے تھے۔ اور لوگ یہان تک محتاج ہو گئے تھے کہ پیٹ بھر روٹی نہین پاتے تھے۔ تو بھی مقدور کیا تھا کہ کسی طرح کی شکایت زبان پر لا سکتے۔ اتنے جاسوس مقرر تھے کہ شکایت کرنے کی

+ تواریخ فرشتہ مین لکھا ہے کہ اُسوقت دلی مین اب کے حساب سے ایک روپیہ کا دو من گیہون بکتا تھا اور پونے چار من جو ساڑھے سات سیر کی مصری تھی اور تیس سیر کا گھی روپیہ کی چالیس گز گھٹیا گزی ملتی تھی اور دو سو روپیہ سے پانچ روپیہ تک غلام اور لونڈی۔

تہمت مین پکڑے جانے کی دہشت سے لوگ آپس مین بات چیت بھی بہت کم کرتے تھے۔

سنہ ۱۳۱۲ع

ندان اس نے بیس برس سے اوپر بادشاہی کی آخری وقت مین ملک کے درمیان کچھ کچھ ہل چل پڑگئی ۔ رام دیو کے داماد ہرپال نے دکھن سے بادشاہی عمل اُٹھا دیا۔ اور گجرات مین بھی بلوہ ہو گیا ۔

قطب الدین مبارک شاہ

ملک کافور کو جسے علاء الدین نے خوجے اور غلام سے پہلے درجے کا امیر بنا دیا تھا اُسکے مرنے پر اب حوصلہ تخت و تاج لینے کا ہوا۔ علاء الدین کے دو بڑے لڑکون کی تو آنکھین نکلوالین لیکن تیسرے مبارک خان کی جب جان لینی چاہی بادشاہی سپاہیون نے کافور ہی کو مار ڈالا ۔

سنہ ۱۳۱۷ع

مبارک نے تخت پر بیٹھتے ہی اپنے چھوٹے بھائی شہاب الدین عمر کو جو نرا بچہ تھا اور نام کے لیے ملک کافور کے کہنے سے تخت پر آ بیٹھا تھا اندھا کر دیا۔ گجرات مین فوج بھیجی دکھن جا کر ہرپال کو قید کر لایا اور جیتے ہوئے کی کھال کھچوا کر بھُس بھروا دیا ۔ جب ملک مین دبدبہ جما بادشاہ بالکل عیش مین ڈوب گیا ۔ رات دن نشے مین چور رہتا

زنانی پوشاک پہن کر امیرون کے گھر ناچنے کو جاتا - جن عیبون کو آدمی چھپاتا ہی
وہ اُنکو خوب ظاہر کرنے کی کوشش کرتا - کسبیون کو بلوا کر دربار مین اپنے
بڑے بڑے امیرون کے برابر بٹھلاتا - کبھی کبھی ننگا مادر زاد باہر نکل آتا
ندان وہ ایسا بدنام ہوا - کہ آخر ہندو کے ایک چھوکرے خسرو خان
کے ہاتھ سے جسے اُسنے غلام سے وزیر بنایا تھا مارا ہی گیا
خسرو نے علاء الدین کی اولاد مین سے کسی کو بھی باقی نہ چھوڑا علاء الدین
کی بیگم کو حرم بنایا اور تاج سلطنت کا اپنے سر پر رکھا - چار مہینے تک
دلی مین سکہ خطبہ اس ہندو کے نام کا جاری رہا - اور زبدۃ التواریخ
کے مطابق ہندوون نے مسلمانیان رکھ کر اور قرآن کی چوکی اور سیڑھی
بنا کر مسجدون مین اپنی مورتون کا پوجن کیا - لیکن پنجاب کے صوبہ دار
غازی خان تغلق نے جلد ہی آکر اسکا کام تمام کیا - اور خلجیون کے
خاندان مین کوئی لائق آدمی نہ رہنے کے سبب خلقت کی خواہش
بموجب وہ آپ ہی تخت پر بیٹھا -

سنہ ۱۳۲۱ع

غیاث الدین تغلق

غازی خان نے اپنا نام غیاث الدین رکھا * یہ غیاث الدین بلبن کے

* اصل نام اس ہندو بچے کا کسی تواریخ مین نہین ملتا ہی لیکن قوم کا پنچ پرواری لکھا ہی
اسکے ماموں کا نام رندھول تھا -

غلام کا بیٹا تھا۔ ملک کا اچھا بندوبست کیا۔ دکھن مین بدر فتح ہوا۔ ورنگول کا راجہ قید ہو کر دلی آیا۔ دلی مین تغلق آباد کا قلعہ اسی غیاث الدین نے بنایا۔ بنگالے کی طرف بادشاہ خود گیا۔ وہان اب تک کیقباد کا باپ قرا خان صوبہ دار تھا پھرتے وقت ترہت لیکر وہان کے راجہ کو پکڑ لایا۔ بادشاہ کے بڑے بیٹے فخر الدین جونا نے جسکا خطاب الغ خان تھا دلی سے نکل کر باپ سے ملنے اور جشن کرنے کے لیے تین روز مین ایک کاٹھ کا مکان بنایا۔ لیکن عین جشن مین وہ مکان گر پڑا اور بادشاہ پانچ آدمیون کے ساتھ دب کر مر گیا۔ * الغ خان اسوقت موجود نہ تھا۔ اسلیئے لوگ اس پر یہ بھی شبہہ کرتے ہین کہ باپ کے مارنے ہی کے واسطے یہ مکان بنایا تھا۔

سنہ ۲۵ سو اع

محمد تغلق

الغ خان محمد تغلق کے نام سے تخت پر بیٹھا انعام اکرام مین خوب روپیہ لٹایا۔ ہزار ستون کا محل بنایا۔ علم اسے اچھا تھا اور حوصلے والا بھی بڑا تھا شراب نہین پیتا۔ اور شرع یعنی اپنے دھرم شاستر کو بہت مانتا۔ شروع سلطنت مین انتظام بھی ملک کا اچھا ہو گیا تھا۔ دکھن وغیرہ دور دور کے صوبون کو بھی اسنے زیر کر لیا تھا۔ لیکن پھر ایسے پاگل پنے کے

* تاریخ وفات غیاث الدین تغلق خلیفہ ۲۵ سنہ ہجری۔

کام کیے - کہ لوگ اِسے جھکّی اور باولا سمجھنے لگے - پہلے تو اس نے ایران پر
چڑھائی کرنے کا منصوبہ باندھا اور تین لاکھ ستر ہزار سواروں کا لشکر اکٹھا
کیا - لیکن جب خرچ بڑھنے سے خزانہ خالی ہوگیا تو ایک لاکھ سواروں کو
نیپال کے پہاڑوں کی راہ چین لینے کے لیے روانہ کیا - تانبے کا روپیہ
چلایا - اور رعیت پر محصول بے ٹھکانے بڑھایا - نتیجہ یہ نکلا - کہ لاکھ سواروں
مین سے ایک بھی اُن ہمالے کے جنگل پہاڑون مین جیتا نہ بچا - بیوپار
بیوہار بالکل بند ہو گیا رعیت پھر گئی صوبے اکثر ہاتھ سے نکل گئے - کھیت
بنجر پڑے لوگ مری اور کال سے مرنے لگے - محمدؐ نے اپنی فوج کو
حکم دیا کہ رعیت کا شکار کرین - شیر کے لیے جسطرح ہنکوا ہوتا ہے چارون
طرف سے گھیر گھیر کر مارین اور سر اُنکے کاٹ کاٹ کر قلعہ کے کنگرون سے
لٹکانے کے لیے بھیجدین - آپ بھی رعیت کے شکار مین شریک تھا
اور ہزارون ہی آدمیون کا سر کٹوایا - لیکن سب سے بڑھ کر پاگل پنے
کا کام جو اُس نے کیا وہ یہ تھا کہ دلی اُجاڑ کر دیو گڈھ کو دولت آباد کے نام
سے اپنا - دار السلطنت بنانا چاہا - کیا آفت گذری ہوگی دلی والون کے
دل پر جب اس پاگل بادشاہ نے حکم دیا کہ جو آدمی حکم سنتے ہی دلی چھوڑکر
دولت آباد نہ چلا جائیگا - بال بچون سمیت قتل کیا جائیگا - نہ ان دولت آباد
تو نہ بسا - لیکن دلی کا شہر البتہ ویران ہو گیا - ۲۷ برس کی بادشاہی کے بعد

سنہ ۱۳۵۱ع

ٹھٹھے کے پاس بیمار پڑ کر مرا + اور یہان والون کا اُسکے ظلم سے گلا چھوٹا

فیروز تغلق

محمد تغلق کے بعد فیروز تغلق اُس کا چچیرا بھائی تخت پر بیٹھا - سندھ
گجرات اور بنگالے پر چڑھائیان کین پر اُسنے ایسا کچھ فائدہ ہاتھ نہ لگا
بڑھاپے مین وزیر نے چاہا تھا کہ اُس کا جی بڑے بیٹے ناصرالدین محمد
کی طرف سے کھٹا کر دے لیکن بیٹے نے چالاکی کی کسی ڈھب سے
محلون مین جا کر اپنے باپ کے پیرون پر سر رکھدیا - باپ نے وزیر کو
اُسکے حوالے کیا اور سلطنت کا کام بھی سب اُسی کو سونپ دیا - لیکن ناصرالدین کو
سلطنت کی عقل نہ تھی دو برس بھی نہین گذرنے پائے کہ اسکے دو بھائیون
نے ملکر بکھیڑا کیا - ناصرالدین سرمور کے پہاڑون کی طرف بھاگا -

سنہ ۱۳۸۵ع

اس عرصے مین فیروز تغلق نوے برس کا ہو کر دنیا سے سدھارا +
جن لوگون نے بکھیڑا کیا تھا اُنھین لوگون نے اسکے پوتے غیاث الدین
تغلق کو تخت پر بٹھایا -

سنہ ۱۳۸۸ع

فیروز شاہ تغلق دلی کے بہت نیک نام بادشاہون مین گنے جاتے ہین

+ مرتے وقت اُسنے یہ شعر کہے تھے - بسیار درین جہان چمیدیم * بسیار نعیم و ناز دیدیم * اسپان بلند بر نشستیم * ترکان گران بہا خریدیم * کردیم بسے نشاط و آخر + چون قامت ماہ نو خمیدیم + ‡ تاریخ وفات فیروز تغلق وفات فیروز سنہ ۹۰ ۷ ہجری -

کہ اسنے ۵۰ بند ھ بندھائے ایک سو پچاس پل تیار کرائے - چالیس مسجد اور سو سرائے بنوائین اور تیس مدرسے اور سو شفا خانے یعنی اسپتال مقرر کیے - سوا اسکے اُسنے یہ بھی ایک بڑا کام کیا - کہ جمنا کی نہر کرنال ہو کر ہانسی حصار کو لایا - اُسکے پانی سے لاکھون بیگھے زمین سینچتی ہی - اور ہزارون آدمی کی روٹی چلتی ہی

غیاث الدین تغلق دوسرا

سنہ ۱۳۸۹ع

غیاث الدین کی اُنھین لوگون سے تکرار ہوئی جنھون نے اسے تخت پر بٹھایا تھا - اور آخر پانچ ہی مہینے بعد اُنکے ہاتھ سے مارا گیا

ابوبکر تغلق

سنہ ۱۳۹۰ع

یہ بھی فیروز شاہ کا پوتا تھا - سال بھر بھی بادشاہی نکرنے پایا کہ ناصر الدین نے پہاڑون سے نکلکر اسے قید کر لیا اور تخت پر آپ بیٹھا - لیکن انتظام ملک کا کچھ نہ بن پڑا - اسکے مرنے پر اُسکا بڑا بیٹا ہمایون تغلق سکندر شاہ کے لقب سے بادشاہ ہوا - پر پینتالیس دن کے بعد جب وہ بھی مر گیا تو اُسکے چھوٹے بیٹے محمود تغلق نے تاج سلطنت کا اپنے سر پر رکھا -

سنہ ۱۳۹۴

ناصر الدین محمود تغلق

بادشاہ لڑکا تھا - گجرات مالوہ کھاندیس بالکل دلی کے تخت سے نکل گیا تھا - جونپور وزیر دبا کر جدا ہی بادشاہ بن بیٹھا تھا - ملک مین ہر طرف

بکھیڑا پڑ گیا تھا - آپس مین ایک دوسرے سے لڑتا تھا - دربار مین بھی اتفاق نہ تھا - کہ اسی عرصے مین سمرقند کے بادشاہ امیر تیمور نے جسے تمرلنگ اور صاحب قران اور گورکان * بھی کہتے ہین اور جو اسی خاندان مین تھا جس مین چنگیز خان ہوا تاتاریون کی فوج لیکر ہندوستان پر چڑھائی کی کابل سے بڑھتا ہوا پٹرون کے پل پر سندھ پار اُترا - اور پھر تلمبا بھٹنیر اور سمانے کو لوٹتا پھونکتا قتل کرتا دلی کے سامنے آن پہونچا - راستے سے جن بیچارون کو پکڑ لایا تھا - یہان اُس بیرحم سنگدل نے پندرہ برس تک کے لڑکون کو غلامی کے لئے بچا کر ایک لاکھ آدمیون کا گلا کٹوایا -

سنہ ۱۳۹۸ع محمود گجرات کی طرف بھاگا - دلی مین تیمور کے نام کا خطبہ پڑھا گیا -

تیمور تو اس فتح کی خوشیان مناتا تھا اور بڑا بھاری جشن کر رہا تھا اور اُسکی فوج کو لوٹ مار سے کام تھا - شہر مین آگ لگادی تھی شہر والے قتل ہوتے تھے - مردون کے ڈھیر سے اکثر گلیون کے راستے بند ہوگئے تھے - جب لوٹنے کو کچھ باقی نہ رہا اور اُسکی فوج بھی گھاس

* گورکان شخصے کہ نسبتش بسلاطین رسد و نسبت دامادی ہم داشتہ باشد تاریخ ولادت تیمور مولد تیمور ۷۳۶ ہجری تاریخ وفات تیمور تیمور رفت ۸۰۷ ہجری انگریزی تواریخون مین تیمور کو ترک لکھا ہے اُسکے دادا کا پردادا چنگیز خان کے بیٹے چغتائی خان کا امیر الامرا تھا -

کی طرح آدمیون کی گردن کاٹتے کاٹتے تھک گئی اور لونڈی غلام بنانے کو
لوگون کی بہو بیٹیان اور لڑکے بھی خواہش سے زیادہ ہاتھ آگئے
تیمور لنگ پندرہ دن دلی مین رہ کر میرٹھ قتل کرتا ہوا اور ہردوار اور جمبو
ہوتا ہوا جدہر سے آیا تھا اسی طرف کو چلا گیا۔ ہندوستان مین اپنے پیچھے
کال اور مری اور ہر ایک بات کی بے بندوبستی چھوڑ گیا۔ ہماری سمجھ مین
تو چنگیز خان اور تیمور لنگ ان دونون جلاد کا نام دنیا کا دشمن رکھنا
چاہیئے بلکہ انکو ہو بہو قہر خدا کہنا چاہیئے۔

سنہ ۱۴۱۲ع تیمور کے جانے کے پیچھے تھوڑے دنون تو دلی اجاڑسی پڑی
رہی آخر محمود گجرات سے آیا۔ اور پھر کچھ دن نام کی بادشاہی کرکے اس
جہان سے سدہارا۔ محمود کے مرنے پر پندرہ مہینے تک دولتخان لودی
نے ڈنکا سلطنت کا اپنے نام سے بجایا لیکن خضر خان سید پنجاب کے
حاکم نے اسے نکال باہر کیا۔ اور کام سلطنت کا تیمور کے نام سے
اپنے ہاتھ مین لیا۔ سلطنت کا ہیکو تھی۔ خالی نام کو دلی رہ گئی تھی پشت چار
تک سیدون نے حکومت کی۔ چوتھی پشت مین یعنی سید علاء الدین کے
وقت مین دلی کی عملداری کل چھ کوس کے گھیرے مین آرہی۔

بہلول خان لودی اسوقت پنجاب کا مالک بن بیٹھا تھا سید
سنہ ۱۴۵۰ع علاء الدین نے دلی اسکے حوالے کردی۔ اور آپ بداون کی راہ لی

بہلول لودی

بہلول کے تخت پر بیٹھنے سے پنجاب پھر دلی کے شامل ہوگیا
اور چھبیس برس کی لڑائی مین بہلول نے جونپور بھی فتح کیا - جب بہلول مرا
تو دلی کی حد ہمالی سے لیکر بنارس تک پہونچ گئی تھی ملکہ جمنا پار بندیلکھنڈ بھی
اسی کے تابع تھا -

سنہ ۱۴۸۸ع

سکندر لودی

اصلی نام اسکا نظام خان تھا - ایک سُنارن سے پیدا ہوا تھا - اسنے
اپنے باپ بہلول کی سلطنت اور بھی بڑھائی بہار فتح کیا
ملک کا کسی قدر بند و بست باندھا - عالم فاضلون کی قدر کی لیکن ہندوون پر
بڑا ظلم روا رکھا - انکی تیرتھ جاترا سب اپنی عملداری بھر مین بند کردین
جو شہر یا قلعہ ہاتھ لگا مندر مورت اُسمین کی بالکل توڑ ڈالین - ایک برہمن نے
اتنا ہی کہا تھا کہ ہندو مسلمان دونون کا مت یعنی مذہب سچا ہی اسی پر اُسکی
جان لی - متھرا مین ہندوؤن کی حجامت تک بند کردی - تو بھی یہ بادشاہ دلی کے
اچھے بادشاہون مین گنا جاتا ہی کبیر اسی کے وقت مین ہوا اور فرنگیون کا پہلا
جہاز یہان اسی کے زمانے مین آیا - اٹھائیس برس سلطنت کرکے دنیا سے سدھارا

+ تاریخ وفات سکندر لودی تاریخ سنہ ۹۱۰ ہجری

تاریخ داؤدی مین لکھا ہی کہ سکندر لودی عصر کی نماز کے بعد لوگون کے جلسے مین جاتا تھا اور پھر

ابراہیم لودی

سکندر کے پیچھے اُسکا بیٹا ابراہیم لودی تخت پر بیٹھا لیکن اسمین اپنے باپ کے سے گن نہ تھے جلد ہی اپنے تنگی مزاج اور گھمنڈ سے سارے بھائی برادر اور سرداروں کو ناراض کر دیا ملک مین ہر طرف بکھیڑا اُٹھنے لگا - صوبہ دار سرکش ہو گئے - بادشاہ سے مقابلہ کرنے لگے - پنجاب کے صوبہ دار دولت خان * لودی سے نے اپنی مدد کے لیئے کابل سے بابر کو بُلایا - بابر نے آتے ہی پہلے تو لاہور چھو نکا

ص قرآن پڑھتا تھا اور رات مغرب کی نماز مسجد مین پڑھ کر وظیفے کے بعد گھنٹے بھر کے لیئے حرم سرا مین جاتا تھا تمام رات دیوان خاص مین بیٹھکر سلطنت کا کام کرتا تھا سترہ اہلکار ہمیشہ حاضر رہتے تھے آدھی رات ڈھلنے پر کھانا مانگتا تھا اہلکار ہاتھ دھوکر سامنے بیٹھ جاتے تھے وہ دنگل پر رہتا تھا اور کھانا ایک بڑی سی کرسی پر چنا جاتا تھا اُن سترہ اہلکارون کے آگے بھی کھا جاتا تھا لیکن وہ کھاتے نہ تھے اُٹھا کر گھر لیجاتے تھے سالار مسعود غازی کے جھنڈے کا میلہ اور مقبرون مین عورتون کا جانا موقوف کر دیا تھا جو لوگ یا قیداری کی علت مین قید ہوتے تھے عید پر سبکو چھوڑ دیتا تھا جب کسی کے لیئے کچھ مقرر ہو جاتا تھا پھر کبھی اُس مین کچھ فرق نہین پڑنے پاتا تھا شیخ عبدالغنی جونپور سے گرمیون مین آیا تھا اسلیئے کھانے کے ساتھ چھ گھڑا شربت اُسکے پاس بھیجا گیا پھر جب وہ جاڑون مین آیا تب بھی چھ گھڑا شربت اُسے پہونچتا رہا امیرون کے سب لڑکون کو حکم تھا کہ کچھ کسب سیکھین اور کارخانے جاری کرین -

* کہتے ہین کہ یہ دولت خان لودی اُسی دولت خان لودی کی اولاد مین تھا جو محمود تغلق کے مرنے پر کچھ دنون دلی کا بادشاہ بن بیٹھا تھا -

اور پھر دیبال پور والون کو قتل کرتا ہوا سرہند کے سامنے آن پہونچا۔ اس
عرصے مین دولت خان بگڑ کر پہاڑون کی طرف بھاگ گیا۔ اسی خیال سے (سنہ ۱۵۲۴ع)
بابر بھی کابل کو لوٹ گیا۔ لیکن جلد ہی بابر نے پھر اپنے گھوڑے کی
باگ ہندوستان کی طرف موڑی لاہور سے پہاڑون مین دولت خان کو
سر کرتا ہوا روپڑ کی راہ جب پانی پت مین پہونچا۔ تو وہان ابراہیم لودی کو
ایک لاکھ سوار پیادے اور ہزار ہاتھی کے ساتھ مقابلے پر مستعد پایا بابر کے
ساتھ کل بارہ ہزار آدمیون کی جمعیت تھی لیکن فتح شکست تو خدا کے
ہاتھ ہے ابراہیم ۲۱ - اپریل کو پندرہ سولہ ہزار آدمیون کے ساتھ لڑائی مین
مارا گیا۔ + اور دلی آگرہ بابر کے ہاتھ لگا۔ (سنہ ۱۵۲۶ع)

بابر لکھتا ہے کہ اُس روز صبح سے تیسرے پہر تک لڑائی ہوتی رہی
اس عرصہ مین کئی بار اُسکے توپخانہ سے باڑھ دغی - واہ اب تو انگریزی
گولنداز ایک منٹ مین پانچ فیر کرتے ہین۔ گولے کیا اولے برساتے
ہین۔ بابر کو فتح اُسکے تیر اندازون کے سبب سے ملی۔ لیکن ہم جانتے
ہین کہ ابراہیم کے پاس ایک لاکھ سوار پیادے اور ایک ہزار ہاتھی کے
بدلے اگر آدھی کمپنی بھی انفلڈ رفل والے گورون کی ہوتی بابر کے

+ نوسے اوپر بتا تیسا - پانی پت مین بھارت ویسا
آٹھوان جب بار سکٹ ڈارا - بابر جیت براہیم ہارا -

بارہ ہزار تیراندازون کے بھگانے کو کافی تھی۔

ظہیر الدین محمد بابر

بابر تیمور سے چھٹی پشت مین ہوا ماں اسکی چنگیز خان کے بیٹے چغتائی خان کے خاندان مین محمود خان مغل کی بہن تھی۔ بابر کی نوجوانی بڑے لڑائی جھگڑون مین کٹی۔ اور اُسنے زمانے کے بڑے ہی اونچ نیچ اور پھیر پھار دیکھے کبھی تو سمرقند اور بخارے کا بادشاہ ہوتا تھا۔ کبھی پانی پینے کو ایک لوٹا بھی پاس نہ رہتا۔ باپ اسے بارہ ہی برس کا چھوڑ کر مر گیا تھا ایک دفعہ مصیبت کی حالت مین اسنے ارادہ کیا کہ فقیر ہو کر چین کو چلا جاوے لیکن خدا کو تو یہ منظور تھا کہ اسی کا پوتا ہندوستان کا بڑے سے بڑا اور اچھے سے اچھا بادشاہ ہوئے اور انگریزون کے پہونچنے تک اسی کے گھرانے مین یہان کی سلطنت رہے۔ نذان بائیس برس کی عمر مین سمرقند کی بادشاہی سے ناامید ہو کر بابر ہمالے اس پار کابل مین چلا آیا۔ کابل اسکے بھائی بھتیجون کے پاس تھا لیکن ان دنون بے دخل سا ہو رہا تھا بابر کو وہان کی سلطنت حاصل کرنے مین کچھ ایسی دقت نہ پڑی بائیس برس کابل کی بادشاہی کر کے تب ہندوستان کی طرف قدم بڑھایا۔

دلی آگرہ ہاتھ آتے ہی بابر نے خوب دل کھول کر دھن دولت بانٹا

اپنے بیٹے ہمایون کو دوا اوپر ایک سورتی کا ایک ایسا ہیرا دیا کہ ویسا اسوقت ساری دنیا مین دوسرا نہ تھا اور کابل کے ملک بھر مین مرد عورت بچے غلام لونڈی سمیت سب کو ایک ایک شاہرخی روپیہ جو قریب اٹھنی کے برابر ہوتا ہی بھیجا —

تھوڑے ہی دن بعد شاہزادہ ہمایون کچھ فوج لیکر نکلا - اور بیانا دھولپور گوالیر وغیرہ سب ملک جونپور سمیت بابر کے تابع کر لیا چتور یعنی میواڑ کا راج اسوقت اپنی پوری اوج پر تھا سانگا رانا گدی پر تھا - اجمیر سے لیکر بھلسہ چندیری تک اسی کا ڈنکا بجتا تھا جیپور جودھپور وغیرہ سب جگہ کے راجاؤن کا وہ سرتاج اور پیشوا گنا جاتا تھا بڑی بھیڑ بھاڑ لیکر بابر کے مقابلہ کو آیا - جب بیانے سے آگے بڑھا اور فتحپور سیکری کے برابر بادشاہی ہراول کو شکست دیکر پیچھے ہٹایا بابر کے ساتھیون کا دل سست پڑ گیا - اور اسی عرصے مین کابل سے ایک نامی نجومی نے آکر یہ مشہور کر دیا کہ منگل سامنے ہے - بابر کی فوج کی بربادی یقینی ہے - بابر منگل سے تو نہ ڈرا - لیکن اپنی فوج کے بیدل ہونے سے بہت ہراسان ہوا - منت مانی کہ اگر سانگا پر فتح پاؤن پھر کبھی شراب نہ پیون اور داڑھی بڑھنے دون - بلکہ شراب پینے کے سونے چاندی کے پیالے اسیوقت محتاجون کو بانٹ دیے اور اپنے

سپاہیون سے کہا کہ یار و بے عزتی کے ساتھ پیٹھ دکھلانے سے تو
رن مین سامنے ہو کر مرنا بہتر ہو سب نے قرآن کی قسم کھائی کہ مرجاینگے
پر پیٹھ نہ دکھائینگے - ندان بابر نے فتح پائی سانگا مشکل سے اپنی جان
لیکر بھاگا - جب وہ نجومی بابر کو فتح کا مبارکباد دینے آیا دوسرا کوئی ہوتا
ضرور قتل کرتا ہم بھی اُسکا منھ کالا کیے بغیر ہرگز نہ چھوڑتے لیکن بابر نے
اُسے لعنت ملامت کے ساتھ بہت سا دھن دیکر خالی اتنا کہدیا کہ جا
اب تو میرے ملک سے نکل جا -

سنہ ۱۵۲۹ع — دوسرے سال بابر میدنی راے چندیری والے پر چڑھا - جب بابر کے
سپاہی قلعے مین پہونچے قلعے والون نے جوہر کیا - پہلے اپنی عورتون
کو مار ڈالا - پھر آپ سب کے سب کوئی بابر کے آدمیون سے جوجھ کے اور کوئی
آپس مین ایک دوسرے کے ہاتھ سے کٹ مرے اپنی عزت اور دھرم کو
بچایا - اسی سال بابر نے افغانون سے اودھ اور بہار لیا - اور رنتھنبھور کا
قلعہ بھی اُسکے ہاتھ آگیا -

سنہ ۱۵۳۰ع — بابر پچاس برس کی عمر مین آگرے کے درمیان دنیا سے سدھارا*
اسکے مرنے کا سبب یون بتلاتے ہین کہ جب ہمایون بہت بیمار ہوا اور
حکیمون نے جواب دیا بابر نے ہمایون کے پلنگ کے تین پھیرے

* تاریخ وفات بابر بہشت روزی باد ۹۳۷ سنہ ہجری

دیکر یہ دعا مانگی کہ یا خدا تو اسکی جان بخش اور اسکے بدلے مجھے لے
اور اس دعا کا دونون کے دل پر ایسا اثر ہوا کہ ہمایون تو اسی دم سے
اچھا ہونے لگا اور بابر بیمار پڑا - اسکی قبر لڑکے کہنے کے مطابق کابل مین
ایک بہت سندر سوہاونی جگہ مین بنی ہو - وہان بھی اس سے بڑھکر بہتر
کوئی دوسری جگہ لائق سیر کے نہین ہو - بابر بیشک ایشیا کے اچھے
بادشاہون مین تھا - اچھا کیا یہ تو کوئی عجیب بزرگ ہو گذرا - سزا کڑی
دیتا تھا - پر بے سبب کبھی کسی کو نہین ستاتا تھا - اپنا سارا حال اپنے
ہاتھ سے ایک ترکی کتاب مین لکھ گیا ہو - لائق دیکھنے کے ہو - وہ لکھتا ہو
کہ ایسا سکھ مین نے عمر بھر نہین پایا - جیسا کچھ دن سمرقند چھوڑنے پر ملا -
کہ جب مجھکو فکر اور تردد مین ڈالنے کے لیے کوئی بھی سلطنت میرے
پاس نہ تھی پیٹ بھر کر مین نے انھین دنون مین کھایا - اور گہری نیند کا بھی
مزا مین نے انھین دنون مین پایا - دکھ اور سکھ طبیعت پر موقوف ہو یہ
اسی کی طبیعت تھی کہ جن حالتون مین آدمی کو جان کی فکر پڑتی ہو وہ اپنی
کتاب مین جنگل اور پہاڑ کے پھل پھولون کا حال اور جو خوشیان اسے انکے
دیکھنے سے حاصل ہوتی تھین لکھتا ہو یہ اسی کا کام تھا کہ بادشاہ ہونے پر بھی
لڑکپن کے یار دوست اور سنگی ساتھیون کی یاد مین گھڑیون
رویا کرتا - بیماری سے تھوڑے ہی دن پہلے کالپی سے آگرے ۱۶۰

سیل دو دن مین گھوڑے پر چلا گیا اور گنگا جمنا تو تیر کر کئی بار اُترا تھا۔

ہمایون

ہمایون تخت پر بیٹھا۔ اُسکا ایک بھائی کامران پہلے سے کابل۔
قندھار کا ناظم تھا باقی ہندال اور مرزا عسکری ان دو بھائیون کو ہمایون
نے سنبھل اور میوات کا ناظم بنایا۔ ہمایون مین کوئی ایسا عیب نہ تھا
کہ ہم اسکو کسی بات کا الزام دین آخر بابر کا بیٹا تھا۔ لیکن جیسے تھوڑے
دن کے حاصل کیئے ہوئے ملک کو دشمنون سے بچانے اور جھٹ پٹ
جوڑ توڑ لگا کر اور قابو نکال کر انتظام کرنے کے واسطے نہ تھا۔ آرام اور
اطمینان کے ساتھ سلطنت بخوبی کر سکتا۔ اسی لیے جب دشمنون نے
سر اُٹھایا اُنکے دبانے مین اسنے ایسی بے موقع دیر کی اور اُنھین فرصت
دی کہ وے زور پکڑ گئے سب سے زبردست اسکا دشمن شیر خان تھا
اُسکا باپ حسن خان پٹھان سہسرام مین ۵۰۰ گھوڑون کا جاگیر دار تھا
لیکن سلطنتون کے ہیر پھیر مین یہ شیر خان ایسا بڑھا کہ بہار اور بنگالہ دبا کر
اُسنے ہمایون کے مقابلہ کا سامان کیا۔ جب ہمایون تخت پر بیٹھا چنار کا
قلعہ شیر خان کے قبضہ مین تھا۔ ہمایون پہلے تو کالنجر اور جونپور مین
دشمنون سے لڑتا بھڑتا گجرات کے بادشاہ بہادر شاہ کو شکست دیتا ا
اُسکے ملک مین دخل کرتا کھنبھات تک چلا گیا تھا۔ لیکن جب خبر شیر خان کی

سرکشی کی سُنی گجرات چھوڑ کر منھ پورب کی طرف پھیر لے کہتے ہین کہ گجرات
مین چنپانیر کا قلعہ دیوار کی طرح ایک کھڑے پہاڑ پر بنا ہے ہمایون تین سو
چنے ہوے سپاہیون کو لیکر رات کے وقت لوہے کی میخون پر جو پہاڑ
مین گاڑ دی تھین پیر رکھتا ہوا اوپر پہونچ گیا - اور دشمنون سے اُسے
خالی کروالیا - خزانہ بہادر شاہ کا صرف ایک ہی آدمی کو معلوم تھا　سنہ ۳۵ھ۱ع
اُس نے بتلانے سے انکار کیا - لوگون نے چاہا کہ اسپر سختی کرین اور
تکلیف دین - لیکن ہمایون نے یہ بات پسند نہ کی - اور صلاح دی کہ اسے
راضی کرو - اور خوب شراب پلاؤ - جب وہ نشے مین آیا - تو اُسی دم
جہان خزانہ گڑا تھا بتلا دیا -

ندان چنار تک تو ہمایون اپنی عملداری مین چلا آیا - لیکن چنار کا قلعہ
لینے مین کئی مہینے کا عرصہ لگا - شیر خان نے اسوقت مقابلہ مناسب
نہ سمجھا اپنے بال بچون کو خزانہ سمیت رہتاس * کے قلعہ مین بھیجکر قابو

---

* شیر خان نے یہ قلعہ بڑی حکمت سے لیا وہان کے راجہ ہرکرشن سے کہلا بھیجا کہ مین مہم پر
جاتا ہون اپنے بال بچے اور خزانہ تمہارے پاس بھیج دیتا ہون راجہ نہایت خوش ہوا شیر خان نے
پانسو چنے ہوے جوان تو ڈولیون مین عورتون کی جگہ بٹھلا کر اور پانسو جوانون کے سر پر روپئے
اشرفی کے نام سے پیسون کے توڑے رکھکر روانہ کیا اور آپ اپنی فوج سمیت گھات مین رہا جب
اُنھون نے قلعے مین پہونچکر دروازون پر قبضہ کیا شیر خان نے جاکر قلعہ لے لیا راجہ کھڑکی کی راہ بھاگ گیا

کا منتظر رہا - ہمایون کو بنگالے کا دارالسلطنت گوڑ تک چلا جانا سہل ہوا
لیکن جب برسات آئی ندی نالے سب بھر گئے ہمایون کے لشکر مین
بیماری پھیلی بہتیرے آدمی بے اطلاع اور بے پروانگی نوکری چھوڑ
چھوڑ کر آگرے کو جانے لگے شیر خان شیر کی طرح ماند مین سے نکلا
اور بہار بنارس چنار لیتا ہوا جونپور جا گھیرا - ہمایون کو فکر آگرہ پہونچنے کی
پڑی - بکسر سے ادہر آکر شیر خان سے جو اب شیر شاہ بن گیا تھا
شکست کھائی - ہمایون نے گھوڑا گنگا مین ڈالا - گھوڑا پار پہونچنے سے
پہلے تھک کر ڈوب گیا - ہمایون بھی ڈوبنے ہی پر تھا - لیکن
نظام نام ایک سقہ یعنی بہشتی مشک پر سوار اُسکے پاس پہونچ گیا
اسلیے جان بچ گئی - فوج بالکل غارت ہوئی - عماد السعادت مین یون
لکھا ہے - کہ اس سقے نے اپنی خدمت کے انعام مین آدھے دن کی
سلطنت مانگی اور جب ہمایون نے اُسکی خواہش پوری کی اُس نے
آدھے ہی دن مین چمڑے کا سکہ چلا دیا کہ اُسکا چرچا آجتک چلا جاتا ہے

سنہ ۱۵۳۹ع

آگرے پہونچ کر ہمایون نے پھر لڑائی کی تیاری کی - اس عرصہ
مین شیر شاہ بھی کنوج کے سامنے پہونچ گیا تھا ہمایون نے پار اُتر کر
مقابلہ کیا لیکن پھر شکست کھائی - اس بار ہاتھی گنگا مین ڈالا - کرارا اس پار
بہت اونچا تھا ہاتھی سمیت ہمایون کے ڈوبنے مین کچھ باقی نہ رہا تھا -

سنہ ۱۵۴۰ع

پر دو سپاہیون نے اپنی پگڑی جوڑ کر اسکا ایک سرا کرارے پر سے
ہمایون کی طرف پھینک دیا۔ اُسے تھام کر وہ کسی طرح اوپر چڑھ آیا۔
تھوڑی دور چل کر ہندال اور عسکری اُسکے دونون بھائی بھی کچھ بچی ہوئی
فوج لیکر شامل ہوگئے۔ ڈر زمینداروں کے ہاتھ سے لٹ جانے کا
تھا بڑی مشکل سے آگرے پہونچے آگرے مین بھی اب ٹھہرنا مصلحت
نہ جانا جھٹ پٹ گھر بار کے لوگون کو لیکے لاہور مین کامران کے پاس
چلدیے۔ کامران نے بھائیون کے لیے شیرشاہ سے بیر بساھنا
مناسب نہ سمجھا۔ ہمایون نے جب کامران کا رُخ اپنی طرف نہ پایا منھ
سندھ کی طرف کیا۔ سندھ مین بھی ہمایون سے کچھ نہ بن پڑا۔ خالی حیران
پریشان ادھر اُدھر گھومتا رہا۔ جو آپا وُ ملک لینے کا کیا۔ بیفائدہ ہوا سندھ
مین ہمایون نے بڑی بڑی مصیبت اور سختیان اُٹھائین۔ ریگستان
مین پانی بنا پیاس کے مارے اُسکے ساتھیون مین سے بہتیرون نے
جان دین۔ کیا قدرت برحق ہے اُس قادر مطلق کی کہ اسی آفت اور تکلیف
مین ۱۴۔ اکتوبر کو اکبر سے بادشاہ کا جنم ہوا۔ کہ جس سے بڑھکر اور نیکتر
آجتک کوئی مسلمان ہندوستان کے تخت پر نہین بیٹھا۔

سنہ ۱۵۴۲ ع

کہتے ہین کہ ہمایون ہندوستان مین آنے سے پہلے ایک دن اپنی
سوتیلی ماں یعنی ہندال کی مان کے محل مین کھانے کو گیا تھا۔ وہان ہندال

کے اُستلا ایک سید کی کنواری لڑکی حمیدہ ایسی خوبصورت
دیکھی کہ رہا نہ جا سکا اُسی دم اُسکے ساتھ نکاح کرلیا - اب جس دن امرکوٹ
سے کوچ ہوا اُسی کے دوسرے دن وہ اکبر جنی ہمایون کے پاس
اُسوقت سوا ایک مشک نافہ کے اور کچھ بھی دینے کو موجود نہ تھا
اُسی کو کاٹ کر چٹکی چٹکی مشک بیٹا ہونے کی خوشی مین یہ کہکر سب کو بانٹا
کہ جیسا یہ مشک خوشبو دے - اُسی طرح اکبر کی تعریف اور نیکنامی
بھی سب طرف پھیلے -

اُسوقت ہمایون پر جو آفت اور مصیبت تھی اسی ایک بات سے
سمجھ لینی چاہیے کہ ہمایون نے اپنی بیگم حمیدہ کی سواری کے واسطے
کسی عہدہ دار سے ایک گھوڑا جو اُسکے پاس خالی تھا مانگ لیلیا تھا
لیکن جب اس عہدہ دار کا گھوڑا تھکا تو اس نے اُسی دم حمیدہ کو اُتروا دیا
اور اپنا گھوڑا لے لیا - ہمایون نے اپنا حمیدہ کو دیا - اور آپ پیدل
ہوا - کچھ دور چلکر بوجھے کا اونٹ ملا - ناچار اُسی کے اوپر بیٹھ گیا -

سنہ ۱۵۴۳ع

ندان جب سندھ مین کسی بات کی کچھ امید نہ پائی اور دشمن وہان
بھی ستانے لگے تین برس خراب خستہ ہو کر ہمایون نے ارادہ قندھار کا
کیا - قندھار مین اُسوقت عسکری کامران کی طرف سے تھا لیکن
جب قندھار ۳۰ میل رہگیا ایک سوار نے دوڑکر خبر دی کہ عسکری

فوج لیکر گرفتار کرنے کے لیے آتا ہے ہمایون کو اکبر کے اُٹھانے کی بھی فرصت نہ ملی۔ حمیدہ کو لیکر گرمسیر اور سیستان ہوتا ہوا ایران کی عملداری مین چلا گیا۔ تھوڑی ہی دیر بعد عسکری پہونچا لیکن ہمایون کو نہ پایا۔ تب دوستی کی باتین ظاہر کرنے لگا۔ اور اکبر کو بڑی محبت سے قندھار لیگیا۔ ایران کے تخت پر اُسوقت طہماسپ شاہ صفوی تھا ہمایون کی بڑی خاطرداری کی۔ اور ملاقات کے وقت سب بات مین برابر کی عزت دی۔ لیکن اپنا شیعہ مذہب قبول کرانے کو فائدہ نقصان اور بھلا بُرا سب کچھ دکھلایا۔ ہمایون کو یہ بہت بُرا لگا۔ پر علاج کچھ نہ تھا۔ منتخب التواریخ والا تو لکھتا ہے کہ ہمایون نے ظاہر اُس مذہب کو قبول کر لیا تھا اور نماز بھی اُسی طور پر پڑھتا تھا۔ لیکن ہم اتنا ہی کہہ سکتے ہین کہ وہ شیخ شفیع الدین کی جسے شاہ صفی بھی کہتے ہین درگاہ کی زیارت کو آردبیل مشکیں گیا تھا۔ اور یہ کام پکے سنیون کے طریق سے البتہ برخلاف تھا۔

نذان طہماسپ شاہ نے قندھار ملنے کے وعدے پر ۱۴ ہزار سوار اپنے لڑکے مراد مرزا کے ساتھ ہمایون کی مدد کو دیے قندھار مین اُسوقت کامران کی طرف سے مرزا عسکری حاکم تھا۔ پانچ مہینے گھرے رہنے کے بعد بے قابو ہو کر ہمایون کے پاس حاضر ہو گیا

سنہ ۱۵۴۵ع

ہمایون نے پہلے تو بڑی خاطرداری کی لیکن پھر کسی پرانے قصور کے بہانے سے اُسکے پانوٗن مین بیڑی ڈالکر قید کردیا - قلعہ قندھار کا اور جو کچھ اُسمین خزانہ تھا سب ایرانیون کے حوالے کیا - لیکن جب بہت سے ایرانی اپنے ملک کو لوٹ گئے - اور مرادمرزا بھی مرگیا ہمایون دھوکا دیکر قلعے مین گھسا - اور بہتیرے ایرانیون کو قتل کرکے باقی کو باہر نکال دیا وے بیچارے ایران چلے گئے قندھار ہمایون کے قبضہ مین رہا - ابوالفضل[+] ہمایون کو اس دغابازی کی بدنامی سے بچانے کے لیے لکھتا ہے کہ ایرانی قندھار مین ظلم کرتے تھے لیکن اُسکو شرم نہین آتی کہ جب مدد کی قیمت مین قندھار ایرانیون کو دیدیا تھا - تو پھر اُنکے ظلم اور انصاف سے ہمایون کو کیا مطلب تھا -

قندھار لینے کے بعد ہمایون نے کابل پر چڑھائی کی راستے مین ہندال بھی آملا - کامران سندھ کی طرف بھاگا - ہمایون نے اکبر کو کہ اب دوڈھائی برس کا ہوگیا تھا چھاتی سے لگایا - لیکن جب ہمایون بدخشان سر کرنے کو گیا کامران نے پھر کابل لیلیا کابل کے ساتھ اکبر بھی اُسکے ہاتھ آیا - جب ہمایون نے لوٹ کر کابل گھیرا اور گولا چلانا شروع کیا - تو کہتے ہین کہ کامران نے اکبر کو پھالے سے باندھکر

سنہ ۱۵۴۷ع

[+] اکبر کا وزیر تھا -

قلعے کی دیوار پر کھڑا کر دیا - لیکن کہاوت مشہور ہے کہ مارنے والے سے بچانیوالا
زبردست ہے اکبر کو کچھ بھی آنچ نہ پہونچی کامران کو پھر بھاگنا پڑا -
دوسرے سال تھکا کر ہمایون کے پاس چلا آیا - ہمایون نے اُسوقت
بڑی ہمت دکھلائی - مرزا عسکری کو بھی قید سے چھوڑ دیا چارون بھائیون نے
ساتھ بیٹھ کر نمک کھایا اور اِس میل ملاپ کی بڑی خوشی منائی -

سنہ ۱۵۴۹ع

لیکن جب ہمایون بدخشان کی طرف گیا - کامران نے بگڑ کر پھر کابل پر
قبضہ کیا اور اکبر تیسری دفعہ اُسکے ہاتھ پڑا - جب ہمایون لوٹا -
کامران لڑائی مین شکست کھا کر ہندوستان کی طرف بھاگا - پر گکرون*
کے سردار نے اُسکے ساتھ دغا کی پکڑ کر ہمایون کے حوالے کر دیا - دو دن

سنہ ۱۵۵۲ع

تک ہمایون نے کامران کی بڑی خاطرداری کی لیکن تیسرے دن اُسے
اندھا کرنے کا حکم دیا - جہان تک اُسکی آنکھ مین نشتر لگائے گئے وہ
کچھ نہین بولا لیکن جب نمک ڈال کر نیبو نچوڑا گیا چلا اُٹھا اے خداوند کریم
جو کچھ مین نے گناہ کیے تھے پوری سزا پا چکا اب عاقبت مین بخیر ختم کر
کامران اندھا ہو کر مکے کو چلا گیا - اور ہمایون کابل قندھار کی
بے کھٹکے حکومت کرنے لگا -

* گکر وہی ہین جنہین سنسکرت مین کھکے کہتے ہین اور اب کشمیر کی عملداری مین
گکّا کے نام سے شامل ہین -

شیر شاہ سور

سنہ ۱۵۴۰ع

ہمایون کے بھاگ گنے پر اِس مُلک کا بادشاہ شیر شاہ ہوا۔ کامران کے کابل چلے جانے پر پنجاب بھی جا دبایا۔ اور جھیلم پار ایک پہاڑی پر رہتاس اسی نام کا اور ویسا ہی مضبوط ایک قلعہ بنایا۔ کہ جیسا اسکی جنم بھوم بہار مین تھا۔

سنہ ۱۵۴۲ع

مالوہ فتح ہونے پر اس نے رائے سین کے قلعے والون کے ساتھ بڑی بے ایمانی کی انھین جان کی امان دیکر قلعے سے باہر نکالا لیکن پھر مولویون سے فتوی لیکر سب کو کٹوا ڈالا۔ پھل اس بے ایمانی کا شیر شاہ کو اسی دنیا مین ملگیا۔ یعنی جب اسنے کالنجر کا قلعہ گھیرا اور قلعے والون کو جان کی امان کے وعدے پر قلعہ خالی کر دینے کا پیام بھیجا انھون نے یہی جواب دیا کہ تو نے رائے سین والون سے بھی تو ایسا ہی وعدہ کیا تھا اب تیری بات کا اعتبار نہین رہا۔ اور پھر کچھ کر ایسا گولا مارنا شروع کیا کہ شیر شاہ کا میگزین اُڑ گیا۔ اور اُسکی آگ سے ایسا جھلسا کہ اسی دن نہایت تکلیف کے ساتھ دنیا سے سدھارا +

سنہ ۱۵۴۵ع

شیر شاہ یہان کے اچھے اور عقلمند بادشاہون مین گنا جاتا ہے

+ تاریخ وفات شیر شاہ ز آتش مرد سنہ ۹۵۲ ہجری —

زمانے کے مطابق ملک کا انتظام بھی خوب کیا تھا - اور بنگالے سے پنجاب تک اونچی سڑک بنوا کر منزل منزل پر سرائے اور کوس کوس پر کنوان کھدوا دیا تھا کہتے ہین کہ سرایون مین غریبون کو کھانا ملنے کا بھی بندوبست کیا گیا تھا ہندو کے لیے ہندو اور مسلمان کے لیے مسلمان نوکر مقرر تھے - اور سڑک پر دو طرفہ درخت بھی لگائے گئے تھے - +

سلیم شاہ سور ‡

شیر شاہ کے بعد نو برس تک اسکے بیٹے سلیم شاہ نے جس کا اصلی نام جلال خان تھا بادشاہی کی اُسے بھی اس کے باپ کی طرح نیک نام بتلاتے ہین - دلی مین سلیم گڈھ اسی کا بنایا اب تک موجود ہی ہمایون کے خاندان والے اُسے نور گڈھ کہتے ہین -

+ تاریخ شیر شاہی مین لکھا ہی کہ اس کے باورچی خانہ کا خرچ پانچ سو اشرفی روز تھا ہزارون سوار سپاہی کسان کنگالون کو سدا اسکے باورچی خانے سے کھانے کو ملا کرتا تھا -

‡ اصلی لقب اس کا اسلام شاہ تھا -

محمد شاہ عدلی

سلیم شاہ کے مرنے پر اُسکا چچیرا بھائی مبارز خان اُسکے بیٹے کو جو کل بارہ برس کا تھا مار کر محمد شاہ عادل کے لقب سے تخت پر بیٹھا - یہ بڑا نادان اور بدکار تھا سلطنت کا بالکل کام ہیمون نام ایک بنیے کو سپرد کر دیا تھا - خزانہ جلد ہی خالی ہو گیا سرداروں کی جاگیرین ضبط کرنے لگا - لوگ نہایت ناخوش اور بے دل ہو گئے - عدلی یعنی عادل کے بدلے اُسے اندھلی یعنی اندھا پکارنے لگے - ملک مین ہر طرف بلوہ ہو گیا - جہان جو تھا مالک بن بیٹھا - اسی کے خاندان کے ایک آدمی ابراہیم سور نے دلی آگرہ لے لیا - دوسرے آدمی سکندر سور نے پنجاب مین اپنے نام کا ڈنکا بجایا - محمد شاہ پورب کو چلا - لیکن پورب مین بھی تیسرے آدمی محمد سور نے بنگالہ اپنے قبضے مین کر لیا

سنہ ۱۵۵۳ع

سنہ ۱۵۵۴ع

ہمایون کی دوسری سلطنت

ہمایون کو یہ موقع پھر ہندوستان مین آنے کا بہت اچھا ملا - پندرہ ہزار سوار لیکر سندھ ندی پار اُترا پہلے لاہور لیا اور پھر

سنہ ۱۵۵۵ع

سرہند مین سکندر سور کو شکست دے کر دلی آگرے مین قبضہ کیا لیکن موت نے اُسے زیادہ دن اس دوبارہ ہندوستان کی سلطنت ملنے کا سکھ نہ بھوگنے دیا دلی لینے سے چھ ہی مہینے کے اندر پیر پھسلنے کے سبب سیڑھی سے گر کر انچاس برس کی عمر مین اس دنیا سے کوچ کر گیا +

ابوالمظفر جلال الدین محمد اکبر شاہ ‡

بادشاہ اکبر اُس وقت کل تیرہ برس چار مہینے کا لڑکا تھا۔ لیکن ہوشیاری اور جوانمردی مین بڑے بڑے جوانون کے کان کاٹتا تھا۔ بیرم خان ‡ خان خانان جو ہمایون کا بڑا معتبر سردار تھا سلطنت کا کام انجام دینے لگا اکبر نے اُسے خان بابا کا خطاب دیا۔

بیرم اکبر کے ساتھ پنجاب مین سکندر سور کو قابو مین لانے کی فکر کر رہا تھا۔ لیکن جب خبر سُنی کہ ہیمون ‡ بنیا محمد شاہ عدلی کا

+ تاریخ وفات ہمایون ع ہمایون بادشاہ از بام افتاد سنہ ۹۶۲ ہجری

‡ تاریخ جلوس اکبر ع جلوس خداوند عالم پناہ سنہ ۹۶۳ ہجری

‡ اصلی نام بیرام خان ہے ترکی مین بیرام عید کو کہتے ہین۔

‡ ریواڑی کا رہنے والا ڈھوسر بنیا تھا۔

وزیر محمد سور کو مار کر اور آگرے دلی کو اپنے قبضے مین لا کر تیس ہزار فوج کے ساتھ لاہور کی طرف بڑھا آتا ہی ترت پانی پت کے میدان مین لڑائی کے درمیان اُسے جیت کر قید کر لیا۔ بیرم نے چاہا کہ اکبر اپنی تلوار اُسکے خون سے لال کرے اور غازی کہلاوے لیکن اکبر دعوی مردمی رکھتا تھا۔ بولا کہ گھائل قیدی پر تو مین ہرگز ہاتھ نہین اُٹھاؤنگا۔ تب بیرم نے غصے مین آکر ناچار اپنے ہاتھ سے اُسکا سر کاٹ ڈالا۔ دلی آگرہ پھر اکبر کے قبضے مین آیا —

بیرم بڑے دبدبے کا آدمی تھا یہ خالی اسکی ہمت اور مستعدی تھی کہ سلطنت تیمور کے گھرانے مین رہی۔ لیکن اپنے آگے کسی دوسرے کو کچھ چیز نہین سمجھتا تھا دشمن دربار مین بڑھ گئے۔ جب باہر کے لڑائی جھگڑون کا ایسا خوف باقی نہ رہا بادشاہ کے کان بھرنے لگے۔ بادشاہ بھی اب جوان ہوتا چلا تھا۔ بالکل بیرم کے ہاتھ مین رہنا پسند نہین کرتا تھا۔ اور بیرم نے شیخی مین آکر دو چار کام بھی ایسے کیے۔ کہ وہ بادشاہ کو بہت بُرے معلوم ہوئے۔ ندان اکبر شکار کے بہانے بیرم کے قابو سے نکل کر دلی چلا گیا اور ایک اشتہار جاری کیا۔ کہ اب سلطنت کا کام مین نے اپنے ہاتھ مین لیا۔ سوائے میرے حکم کے کوئی کسی دوسرے کا حکم نہ مانے تب تو بیرم کی

سنہ ۱۵۶۰ع

آنکھیں کھلیں مکے چلے جانیکا ارادہ کیا لیکن گجرات کے پاس پہونچکر دل بدل گیا
کچھ سپاہی جمع کرکے پنجاب پر چڑھ دوڑا - اور جب بادشاہی فوج نے
اُسے شکست دی - تو اکبر سے اپنے قصور کی معافی چاہی - آکر پیرون پر
گر پڑا - اور رونے لگا - اکبر نے اُسے اپنے ہاتھ سے اُٹھایا - اور داہنی
طرف بٹھایا - اور کہا کہ چاہو کوئی صوبہ لو چاہو پہلے درجے کے سردار
ہوکر دربار مین رہو - چاہو من مانتی پنشن لیکر مکے کو جاؤ - بیرم کی غیرت نے
ہندوستان کا رہنا قبول نہ کیا مکے جانیکی اجازت مانگی لیکن گجرات پہونچکر ایک
پٹھان کے ہاتھ سے جسکے باپ کو اُسنے کسی لڑائی مین مارا تھا مارا گیا -

اکبر نے جو اس اٹھارہ برس کی نوجوانی مین ساری سلطنت کا بوجھ
اپنے سر پر اُٹھایا - لوگون کو اُسکی طاقت سے بالکل باہر معلوم ہوگا لیکن
یاد رکھنا چاہیے کہ کیسی آفت مین تو اُسکا جنم ہوا اور کیسی قید مین وہ
پالا گیا - اپنے باپ کے ساتھ لڑائیون مین رہکر وہ دلیر کیونکر نہ ہوتا - اور
بیرم سے سخت مزاج آدمی کے تحت مین رہکر وہ ہر دم ہوشیار رہنا کیونکر
نہ سیکھتا - بدن اُسکا بہت سڈول اور زور آور پھرتی سے بھرا ہوا تھا - رنگ
گورا تھا - باتین اُسکی دل کو لبھاتی تھین - دل لگیان بھی اُسکی ہاتھی گھوڑون
کے پھیرنے اور شیرون کے شکار کرنے مین تھین - لیکن اُسنے اپنی نیکنامی
کی امید ایسی لڑائیون کے جیتنے پر نہین باندھی - جیسی اپنی رعیت کے

سکھ چین دینے سے رکھی —

غزنین اور غور والے بادشاہ تو پاس ہونے کے سبب اپنے ملک والون سے بھی مدد لے سکتے تھے - لیکن تیمور کے خاندان والے تب تک یہان نئے پردیسی تھے - اکبر اپنی آنکھون سے دیکھ چکا تھا - کہ یہان والون نے کیسا جھٹ پٹ اُسکے باپ کو نکال دیا - ندان اکبر نے اپنی نیک مزاجی سے یہ پکا منصوبہ باندھا کہ نہ تو مذہب کا کچھ خیال کرے - اور نہ رنگ اور قوم کا جو لوگ اس دیس مین بستے ہین سب کو دل جان سے اپنا کرے اُسکے وقت مین مسلمان اور ہندو دونون کو اپنی اپنی لیاقت بموجب بڑے سے بڑے عہدے ملتے رہے - اور یہی سبب تھا کہ تمام آدمی باپ سے بھی زیادہ اُسے چاہنے لگے

سنہ ۱۵۶۱ع بیرم کے رہتے ہی اکبر کا عمل پورب مین جونپور تک پہونچ گیا تھا اور گوالیر اور اجمیر کا قلعہ بھی ہاتھ آگیا تھا -

مالوہ اب تک پٹھان بادشاہون کے صوبہ دار باز بہادر کے قبضے مین تھا - اکبر نے آدم خان کو کچھ فوج کے ساتھ اُدھر روانہ کیا - باز بہادر جب شکست کھاکے بھاگا اُسکی عورت جسے لوگ پدمنی کہتے ہین آدم خان کے ہاتھ پڑگئی اُسنے اُسے اپنے محلون مین داخل کرنا چاہا لیکن وہ بیچاری اس خبر کے سنتے ہی زہر کھاکر سو رہی - مالوہ سنہ ۱۵۶۱ع مین بالکل فتح ہوگیا - اور باز بہادر اکبر کے امیرون مین داخل ہوا —

اکبر نے امیر یعنی جیپور کے راجہ کی بیٹی بیاہی تھی اسلیے وہ اور اسکا بیٹا بھگوانداس + اور بھگوانداس کا بھتیجا اور جانشین مان سنگھ سدا اکبر کے طرفدار رہے جودھپور کے راجہ کی لڑکی سے بھی اکبر نے بیاہ کیا تھا جبتک مالدیو گدی پر رہا کچھ سرکشی سی کرتا رہا لیکن اُسکے پیچھے اُسکا بیٹا اکبر کی خدمت مین حاضر ہو گیا - چتور یعنی اودے پور کے رانا پر اکبر نے چڑھائی کی رانا اودے سنگھ جی کا بودا تھا - قلعہ چھوڑ کر جنگل پہاڑون مین جا گھسا - لیکن جیمل قلعہ دار نے اکبر کا خوب مقابلہ کیا - آخر ایکدن رات کو جیمل مشعل کے اُجالے سے برجون کی مرمت کرا رہا تھا اکبر نے جو قلعہ گھیرے ہوے پڑا تھا پہچان لیا - تاک کر ایسا نشانہ مارا - کہ جیمل اُسی جگہ لوٹ گیا ایسے بہادر قلعہ دار کے مارے جانے سے رانا کی فوج بالکل بیدل ہو گئی عورتون کو جو قلعہ مین تھین جیمل کی لاش کے ساتھ چتا پر بٹھلا کر جلا دیا اور آپ تلوارین سونت کر اور کیسریے باگے پہن کر قلعے سے باہر نکل آئے - کہتے ہین کہ اُسوقت کم سے کم آٹھ ہزار

+ بھگوانداس کی بیٹی سلیم کو بیاہی تھی اکبر آپ بارات کے ساتھ بھگوانداس کے مکان پر گیا تھا اور وہان ہندوؤن کے دستور مطابق آگ کی گرہ پھیری پھر کر بیاہ ہوا تھا بھر کے ڈوے پر روپیے اور اشرفیان لٹاتا آیا بھگوانداس نے ۱۰۰ ہاتھی کئی طویلے گھوڑے بہتیرے لونڈی غلام سونے چاندی جواہر کے اسباب ہتھیار برتن جہیز مین دیے امیرون کو جو براتی تھے عراقی ترکی تازی سونے چاندی کے ساز سمیت گھوڑے دیے ـــــ

آدمی مسلمانون کے ہاتھ سے قتل ہوئے - جیتا ایک بھی نہ بچا + ہان کچھ تھوڑے سے آدمی اپنے لڑکے اور اپنی عورتونکو قیدیونکی طرح باندھ باندھ کر بادشاہی فوج کے بیچ سے ہوتے ہوئے البتہ نکل گئے - بادشاہی فوج والون نے یہ جانا کہ ہمارے ہی آدمی قلعے والون کے بال بچے پکڑے لیے آتے ہین اسلیے کچھ نہ بولے - رانا چتور لوٹ جانے پر بھی جنگل پہاڑون مین گھسا رہا نو برس پیچھے اُسکے بیٹے اور جانشین رانا پرتاب کو وہ جنگل پہاڑ بھی چھوڑ کر سندھ کی طرف بھاگنا پڑا - پر جو اُسنے ہمت کی - تو خدا کی طرف سے اُسے مدد پہونچی اکبر کے مرنے سے پہلے ہی اُسنے اپنا بہت سا ملک پھر اپنے قبضے مین کر لیا اور اپنے باپ کے نام پر اُدے پور کا شہر بسایا -

سنہ ۷۳ ھ ۱۵ ع　گجرات جو مدت سے جدا بادشاہون کے قبضے مین چلا آتا تھا سنہ ۱۵۷۳ع مین اکبر کے ہاتھ آیا - اور سنہ ۷۶ ھ ۱۵ ع مین بنگالہ اور بہار بھی فتح ہو گیا - پٹھان بادشاہ جو وہان ڈھائی چاول کی جدا کھچڑی پکاتے تھے - انکا نام و نشان کو بھی باقی نہ رہا

سنہ ۷۶ ھ ۱۵ ع

کشمیر چودھوین صدی کے شروع سے مسلمانون کے قبضے مین چلا آتا تھا - ہندوؤن کا راج بالکل ناش ہو گیا تھا - سنہ ۸۶ ھ ۱۵ ع مین اکبر نے اُسے ہندوستان کی سلطنت مین ملایا - اسی سال راجہ بیربل جو اکبر کا نامی مصاحب

سنہ ۸۶ ھ ۱۵ ع

+ ٹاڈ صاحب اپنی کتاب مین لکھتے ہین کہ مردون کے جینئو ساڑھے چوہتر من تولے گئے تھے چٹھیون پر ابتک وہی طلاق لکھا جاتا ہو لیکن من چار سیر کا تھا -

تھا سندھ پار یوسف زئیون کی لڑائی مین مارا گیا۔

۱۵۹۲ء ۱۵۹۲ء مین سندھ کے حاکم نے جو ابتک خود مختار رہا تھا زیر ہوکر اکبر کی اطاعت قبول کی۔ اور وہ بھی میراث اس بادشاہ کے اختیار سے باہر رہی۔ کہتے ہین کہ یہ سندھ کا حاکم لڑائی کے لیے پرتگیز سپاہی بھی ساتھ لایا تھا۔ اور دو سو ہندوستانیون کو انگریزی جامہ پہنایا تھا یعنی گورے اور تلنگے + اسکی فوج مین موجود تھے۔ انکے نام اس ملک کی فوج مین اسی جگہ سے سننے مین آئے۔

۱۵۹۵ء دکھن مین جو مدت سے احمد نگر اور وجے پور یعنی بیجاپور اور گولکنڈے کے جدا جدا بادشاہ ہوتے چلے آتے تھے۔ احمد نگر مین اتفاق سے چار دعویدار کھڑے ہوئے۔ ایک نے جو اسوقت احمد نگر مین تھا اکبر سے مدد مانگی اُسنے ایسے موقع کو غنیمت سمجھکر شاہزادے مرزا مراد کو بیرم کے بیٹے مرزا عبدالرحیم خان خانخانان کے ساتھ فوج لیکر احمد نگر جانیکا حکم دیا۔ لیکن جب تک یہ لوگ پہونچے احمد نگر دوسرے دعویدار بہادر نظام شاہ کے قبضہ مین آگیا۔ یہ بچہ تھا لیکن اسکی چچی چاند سلطانا بڑی دانا اور دل کی دلیر تھی۔ اس قسم کی عورت اس ملک مین کم سُنی گئی ہے جسوقت اکبر کی فوج سُرنگ اُڑا کر قلعے پر

+ پہلے مندراج مین تیلنگ دیس کے آدمی انگریزی فوج مین بھرتی ہوئے تھے اسی لیے یہان والے پلٹن کے سپاہیون کو تلنگا پکارنے لگے۔

چڑھنے لگی چاند سلطانا منھہ پر نقاب ڈالکر اور ہاتھہ مین ننگی تلوار لیکر جہان تک حمر
ارائی گئی آکر کھڑی ہو گئی - اور چلاکر اپنے آدمیون سے کہنے لگی کہ اب ایسے
وقت مین عورت نہ بنو۔ نداں اس دم احمدنگر مین ایسا کوئی نہ تھا جو اُسکی مدد کو
نہ پہونچا ہو - اکبر کی فوج قلعے پر نہ چڑھ سکی - اور برار کا علاقہ لیکر جو احمد نگر
والون نے کچھ دنون سے اپنے قبضہ مین کر لیا تھا چاند سلطانا سے صلح
کر لی - لیکن چاند سلطانا نے محمد خان کو پیشوا کے خطاب سے اپنا وزیر
مقرر کیا تھا وہ اس سے پھر گیا - اور اُس نے پھر شاہزادے مرزا مراد کو
احمد نگر مین بلایا - شاہزادے مرزا مراد سے تو کچھہ نہ بن پڑا لیکن جب اکبر نے
شاہزادے دانیال اور خانخانان کو بھیجا اور برہان پور تک آپ بھی آیا
تو اس دفعہ احمد نگر کے سپاہیون نے بلوہ کرکے چاند سلطانا کو مار ڈالا -
اکبر کی فوج کو قلعے مین گھس جانا اور اُسے اپنے دخل مین کر لینا پہلی بار کا سا
مشکل نہ رہا - قلعے والے سب مارے گئے اور بہادر نظام شاہ قید رہنے
کے لیے گوالیر کے قلعے مین بھیجا گیا - اکبر ابھی برہان پور ہی مین تھا کہ اُسے
اپنے بڑے لڑکے ولیعہد شاہزادے سلیم کے باغی ہو جانے کی خبر پہونچی
یہ اب تیس برس کا ہو گیا تھا اور سب طرح سے لائق تھا - لیکن شراب اور
افیون نے اُسکا دماغ بگاڑ دیا تھا - وہ آپ اپنی کتاب مین لکھتا ہے کہ مین
جوانی کی حالت مین ہر روز کم سے کم بیس پیالے شراب پیتا تھا اگر گھنٹے بھر

بھی بے شراب گذرتا - تو میرا ہاتھ کانپنے لگتا - لیکن جب سے مین تخت پر بیٹھا کل پانچ پیالے پر کفایت کرتا ہون - اور سو بھی رات کے وقت پیتا ہون -

ندان اکبر تو دکھن کی لڑائیون کا بند و بست کر رہا تھا شاہزادے سلیم نے ڈنکا بغاوت کا بجایا - اور الہ آباد لیکر صوبۂ اودہ اور بہار مین بھی اپنا قبضہ کرلیا - اکبر نے لڑکے پر سختی کرنا مناسب نہ جانا نرمی کے ساتھ فہمایش کا خط لکھا اور آپ بھی جلد آگرے کو چلا آیا سلیم نے بہت منت سماجت کے ساتھ اپنے باپ کو جواب لکھا - اور قدمبوسی حاصل کرنے کو آگرے روانہ ہوا - لیکن جب اٹاوے مین پہونچا اکبر نے معلوم کیا کہ سلیم کے ساتھ سپاہ بہت ہے حکم بھیجا کہ اگر مجھے دکھا چاہتے ہو جریدہ چلے آؤ - نہین تو الہ آباد لوٹ جاؤ - سلیم الہ آباد لوٹ گیا - اور پھر تھوڑے ہی دنون بعد اکبر نے صوبۂ بنگالہ اور اڑیسہ اُسکے حوالے کیا -

سلیم کو اکبر کے وزیر ابو الفضل سے بڑی دشمنی تھی جب وہ دکھن کی مہم سے لوٹ کر آگرے کی طرف آتا تھا سلیم کی مرضی بموجب ارچھا کے راجہ نرسنگھ دیو نے اُسکا سر کاٹ کے سلیم کے پاس بھیجدیا - اکبر کو ابو الفضل کے مارے جانے کا بڑا رنج ہوا دو دن رات نہ کچھ کھایا نہ سویا

پر اُسے یہ نہ معلوم ہوا کہ ابو الفضل کا خون اُسی کے بیٹے کی گردن پر تھا۔ سنہ ۱۶۰۲ء مین سلیم اکبر کے پاس حاضر بھی ہوا تھا اکبر بہت مہربانی کے ساتھ پیش آیا۔ سنہ ۱۶۰۴ء مین پھر حاضر ہوا۔

سنہ ۱۶۰۲ء

سنہ ۱۶۰۴ء

سنہ ۱۶۰۵ء

اکبر کا دوسرا لڑکا مراد کئی برس ہوئے مرگیا تھا۔ اب تیسرے لڑکے دانیال کے مرنے کی خبر پہونچی یہ بھی شراب بہت پیتا تھا۔ جب بیمار پڑا اور اکبر نے اُسکے پاس شراب جانا بند کیا وہ اپنے نوکرون سے بندوق کی نلیون مین بھر کر شراب منگواتا تھا۔ مرگیا پر اِس سے پرہیز نہ کرسکا۔ یہ بڑی بلا ہے جب بڑھتی ہے۔ جان ہی لیکر چھوڑتی ہے۔ ندان اکبر کو اپنے عزیزون کے مرنے کا اتنا رنج ہوا۔ کہ آخر بیماری نے اُسکے بدن مین گھر کیا۔ بھوکھ بالکل جاتی رہی۔ دس دن تک سولے پلنگ پر لیٹے رہنے کے اور کسی کام کی طاقت نہ رہی۔ آخر وقت مین سلیم موجود تھا اکبر نے حکم دیا کہ میرے سب امیرون کو یہان حاضر کرو۔ مین نہین چاہتا کہ جن لوگون نے جنم بھر میری خدمت کی اب کسی طرح پر تمہارے ساتھ اُنکی نا اتفاقی ہو۔ جب سب امیر حاضر ہوئے بہت سی پند اور نصیحت کرنے کے بعد سب کی طرف دیکھکر کہا

بھائیو اگر مین نے کچھ قصور کیا ہو معاف کیجیو سلیم سے نہ رہا گیا پیرون پر گر پڑا۔ اور ڈاڑھ مار کر رونے لگا۔ اکبر نے اپنی تلوار کی طرف اشارہ کیا۔ اور کہا کہ میرے سامنے اپنی کمر پر باندھو اور پھر ایک بڑے مُلّا کو بُلا کر اُسکے سامنے مسلمانون کا کلمہ پڑھتے پڑھتے اِس ناپائدار دنیا سے کوچ کیا ✤

آگرے کو پیانے کے تخت سے نکالکر سکندر لودی نے اپنا پاے تخت بنایا تھا۔ لیکن رونق اُسے اکبر نے دی اسی لیئے وہ اکبرآباد کہلایا قلعہ اسمین لال پتھر کا اکبر ہی کا بنایا ہوا ہے الہ آباد بھی اکبر نے بسایا اور وہان گنگا جمنا کے سنگم پر قلعہ بنایا۔ انگریزون نے اب اُسے بہت مضبوط کر لیا۔

اکبر سال بہت چھ مہینے سے اوپر گوشت نہین کھاتا تھا۔ اُسکے دربار مین سدا گنگا جل پیا جاتا تھا۔ گاؤکُشی سے منا ہی تھی۔ رات دن مین تین گھنٹے سے زیادہ کبھی نہین سوتا تھا اتنی لڑائیان لڑنے اور ایسے بڑے بڑے کام کرنے پر بھی وقت جیسا چاہیے بانٹ دینے سے اور کام کے نکلنے کی ترکیب جاننے سے اُسے پڑھنے لکھنے اور کھیل تماشا دیکھنے کی بھی بہت فرصت ملا کرتی تھی۔ وہ پندرہ بیس کوس نچویی

✤ تاریخ وفات اکبر فوت اکبر شد ۱۰۱۴ھ

پیدل چل سکتا تھا ایکبار خالی اپنے شوق سے دو دن مین گھوڑے کی ڈاک پر دو سو بیس میل اجمیر سے آگرے چلا آیا - برسات کے موسم مین احمد آباد سے خبر پہونچی کہ دشمنون نے قلعے کو چالیس ہزار فوج سے گھیر لیا اور اب اُسکے بچنے کی کچھ امید نہین ہی اکبر اسوقت آگرے مین تھا - اتنی دور سے ایسے موسم مین فوج کا روانہ کرنا نرا بے فائدہ تھا - فورًا سانڈنی پر سوار ہو بیٹھا - اور تین سو سانڈنیون پر جو اسوقت شتر خانے مین موجود تھین سردارون کو تیر کمان بندھوا کر ساتھ سوار کر لیا ایک اٹھوارے مین ۵۲۲ کوس چل کر احمد آباد کے سامنے ڈنکا جا بجایا - بادشاہی نشان دیکھتے ہی دشمنون کا ہوش گیا - ہتھیار ہاتھ پیر پٹکا پر سوائے مرنے اور بھاگنے کے کچھ بھی نہ بن پڑا - آپسمین سلام کا قاعدہ اکبر نے بالکل بدل دیا تھا سلام علیکم کے بدلے ایک کہتا اللہ اکبر دوسرا جواب دیتا تھا جل جلالہ بات اسمین یہ تھی کہ اکبر اور جلال دونون اُس بادشاہ کا نام تھا - بادشاہ کے سامنے سب کو زمین چومنے کا حکم تھا - مسلمانون کو اس طرح کی باتین بہت بُری لگتی تھین کیونکہ سلام علیکم اُنکے مذہب کا حکم ہی - اور آدمی کے سامنے زمین پر گرنا بالکل اُنکے مذہب کے برخلاف ہی اکبر نے بہت سے آئین رعیت کے نہایت فائدے کے جاری کیے

اُٹھانا اور جلتے تیل مین ہاتھ ڈالنا ایسی قسمون پر مقدمون کا فیصل ہونا بالکل بند کر دیا تھا۔ ہوش سنبھلنے سے پہلے لڑکا لڑکی دونون کا بیاہ منع تھا۔ دوسرا بیاہ کرنے کی ہندو بیواؤن کو بھی پروانگی نہ تھی۔ بنا اپنی پوری رضامندی کے کسی کی زبردستی سے کبھی کوئی ستی نہین ہونے پاتی تھی۔ جزیہ کا محصول اُسنے ایک قلم موقوف کر دیا کیونکہ ہندو اور مسلمان اُسکے نزدیک دونون برابر تھے۔ جاتریون سے محصول لینا بھی بالکل بند کیا کیونکہ سب لوگ اپنے اپنے مذہب کے مطابق اسی ایک بیچون وچرا خالق ارض وسما کی پوجا کرتے تھے شہر کے باہر دو مکان بنوا دیئے۔ جس مکان کا نام دھرم پور تھا اُسمین ہندو سادھ سنت اور جسکا نام خیر پور تھا اُسمین مسلمان فقیر نت کھانے کو پاتے تھے۔ زمین کی پیداوار سے اکبر کل ایک تہائی لیتا تھا اور لڑائی کے قیدیون کو لونڈی غلام بنانے کا دستور بالکل اُٹھا دیا تھا اکبر کے دخل مین ہندوستان کے اٹھارہ صوبے تھے اُسکے لشکر کے ڈیرے پانچ میل کے پھیلاؤ مین کھڑے ہوتے تھے سالگرہ کے روز بڑی دھوم دھام سے تیاری ہوتی تھی۔ انگلستان کی ملکہ الزبتھ کی چھٹی لیکر فیچ صاحب جو اُسکے دربار مین آئے تھے لکھتے ہین کہ ایسی دولت ہم نے کبھی آنکھ سے نہین دیکھی۔ سونے کی تلا پر سونے

اور پھر چاندی اور پتھر اور چیزون سے بادشاہ تُلتا تھا۔ اور وہ سب
اُسی جگہ لٹا دیا جاتا تھا۔ بادشاہ لوگون کو انعام بھی بہت دیتا تھا
اور سونے چاندی کے بادام درباریون پر پھینکتا تھا۔ اُسکے درباری
سب سر پر کلنیان باندھتے تھے۔ اور انھین فیچ صاحب کے لکھنے
بموجب جیسا آسمان تارون سے چمکتا ہو ویسے ہیرون سے چمکتے تھے
پانچہزار اُسکے فیل خانے مین ہاتھی تھے۔ اور بارہ ہزار اصطبل مین خاصے
کے گھوڑے۔ اُنکے ساز دیکھنے سے آنکھین چوندھیاتی تھین۔ اور
سوارون کے بدن پر کمخواب کی وردیان جگ مگاتی تھین۔ پر توبھی
اکبر نہایت سیدھا سادا تھا۔ اکثر تخت کے نیچے بیٹھکر اور کبھی کھڑا
بھی رہکر اپنی رعیت کا انصاف کرتا تھا۔ اُسکی نیک مزاجی کی
ہم کہان تک تعریف لکھین ایک دفعہ سواری مین کسی نے
اکبر پر ایک تیر چیلا دیا۔ اور وہ آکر اُس کے کندھے مین لگا
مجرم پکڑا گیا لوگون نے عرض کی کہ ابھی اسکو قتل نہ ہونے دیجیے
تو اس سے اصل اُس مجرم کا نام معلوم کرین جسکے کہنے سے اسنے ایسا کام کا
ہوا وکیا۔ اکبر نے کہا کہ اسکو دھمکانے سے اصل مجرم کے بدلے کسی
بیگناہ کے پھنس جانے کا ڈر ہے اور اُسکو اُسی دم قتل ہونے دیا۔
ایکمرتبہ اکبر جب لڑائی مین جانے کے لیئے پوشاک پہن رہا تھا

دیکھا کہ کسی راجہ کا لڑکا اپنے ڈیل ڈول سے زیادہ زرہ بکتر پہنے ساتھ چلنے کو تیار ہی۔ اور اُسکے بوجھ سے دبا جاتا ہو۔ بادشاہ نے اُسکی عمر موافق ایک ہلکا سا زرہ بکتر اپنے توشہ خانے سے منگوادیا۔ اور جب اُسنے وہ بھاری اپنے بدن سے اُتارا ایک دوسرے راجہ کو جو بے زرہ بکتر تھا پہن لینے کا اشارا کیا۔ لیکن یہ راجہ اُس لڑکے کے باپ سے کچھ دشمنی رکھتا تھا اس سبب لڑکے کو بہت برا لگا اکبر کا دیا ہوا زرہ بکتر جھٹ اُتار کر پھینک دیا۔ اور کہا کہ مین لڑائی مین بے زرہ بکتر ہی جاؤنگا اکبر نے اس بے ادبی پر ذرا بھی نہ خیال کیا۔ اور خالی اتنا ہی بولا کہ تب آج ہم بھی زرہ بکتر نہ پہنین۔ کیونکہ ہمکو یہ مناسب نہین کہ اپنے سرداروں کو اپنے سے زیادہ خطرے مین پڑنے دین۔

بابا تلسی داس + اسی کے زمانے مین ہوے۔ جو ایسی اچھی بھاکھا رامائن بنا گئے۔

نورالدین محمد جہانگیر

اکبر کے بعد سلیم تخت پر بیٹھا۔ اور لقب اپنا جہانگیر رکھا۔ اکثر

+ سمبت سورہ سے اسّی اسی گنگ کے تیر ❊ ساون سکلا سپتمین تلسی تجیو سریر +
کوئی کوئی ساون سیاماتیج کو ایسا بھی کہتے ہین اور اُسی دن اُنکی برسی مانتے ہین۔

محصول سب جنسے رعیت کو تکلیف پہونچتی تھی اور اکبر کے وقت مین
بھی جاری رہ گئے تھے - بند کردیئے - حکم دیا کہ کوچ کے وقت
کوئی سپاہی یا بادشاہی نوکر زبردستی کسی رعیت کے گھر مین
نہ اُترے ناک کان کاٹنے کی سزا بھی جہانگیر نے موقوف کی
آپ جیسی شراب پیتا تھا وہ تو معلوم ہی ہے پر اَوْرون کو سخت
مناہی تھی - اپنے رہنے کے محلون مین ایک زنجیر سونے کی گھنٹیان
باندھ کر لگادی تھی اور اُس زنجیر کا دوسرا سرا قلعے کے باہر لٹکوا
دیا تھا - کہ فریادی کو اگر کوئی چپراسی چوبدار بادشاہ تک نہ پہونچنے
دے تو وہ اُس زنجیر کو ہلادے جہانگیر گھنٹیان بجتے ہی باہر
نکل آتا تھا - لیکن ان سب اچھے کامون سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے
کہ جہانگیر کا دل بھی اکبر کا سا نرم تھا جب اس کا بڑا بیٹا خسرو
اس سے بگڑ کر کابل کی طرف بھاگا - اور جھیلم مین ناؤ اٹک جانے
کے سبب پکڑا آیا جہانگیر نے اُسکے ساتھیون مین سے سات سَو
آدمیون کی کھال کھچوا کر اُنھین لاہور کے باہر کھڑا کروا دیا -
اور خسرو کو ہاتھی پر بٹھلا کر اُنھین دیکھنے کے لیئے بھجوایا - اور نقیب کو
حکم دیدیا کہ ایک ایک کا نام لیکر معمول مطابق وہ نگاہ روبرو پکارتا
جاوے خسرو نے تین دن تک کچھ نہ کھایا اور رویا اور کراہا کیا -

سنہ ١٦٠٦ء

سنہ ۱۶۱۱ع

تخت پر بیٹھنے کے چھ برس بعد جہانگیر نے نورجہان کے ساتھ
نکاح کیا - نورجہان کا دادا ایران مین بڑے درجے کا آدمی تھا
لیکن اُسکا باپ مرزاغیاث ایسا غریب ہو گیا کہ اُسے روزگار کی
تلاش مین ہندوستان کی طرف آنا پڑا اور قندھار مین جب نورجہان
پیدا ہوئی اُسنے اُسے سڑک پر پھینک دیا - قافلے والون نے رحم کھاکر
اُٹھا لیا - اور اسی کی مان کو اُسکی دائی مقرر کر دیا - اُسکے باپ سے
بھی قافلے والے کام کاج لینے لگے اور پھرتے ہوتے وہ بادشاہ
کے یہان نوکری پا گیا اپنی مان کے ساتھ جب نورجہان اکبر کے محل مین
جاتی وہان جہانگیر کی بھی اُسپر آنکھ پڑتی - جب جہانگیر اُس سے چھیڑ
چھاڑ کرنے لگا اور اُسکا چرچا اکبر تک پہونچا اکبر نے اُس کے
باپ سے کہہ کے اُس کا نکاح شیر افگن خان سے کہ جسکے
ساتھ منسوب ہو چکی تھی کرا دیا - جہانگیر جب تخت پر بیٹھا نورجہان
کی یاد نے اُسے بے چین کیا - شیر افگن خان کو اکبر نے بنگالے
مین جاگیر دی تھی جہانگیر نے بنگالے کے صوبہ دار کو لکھا کہ جسطرح
سے بنے نورجہان کو شیر افگن سے لیکر بھیجدو صوبہ دار کا سمجھانا
شیر افگن نے کچھ بھی نہ مانا - اور جب صوبہ دار نے دھمکانا شروع کیا
شیر افگن نے اُسپر ہتھیار چلایا - صوبہ دار کے مرتے ہی اُسکے نوکرون نے

شیر افگن کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا اور نور جہان کو پکڑ کر جہانگیر کے پاس بھیجدیا۔ پہلے تو جہانگیر نے اُسکے ساتھ بڑی دھوم دھام سے بیاہ کیا اور پھر خالی نام کو آپ بادشاہ رہا حقیقت مین سارا کام بادشاہی کا اُسی کے حوالے کر دیا۔ بادشاہی کیا وہ تو جہانگیر کی بھی مالک تھی۔ اور عقلمند ایسی کہ اُس سے بھی اچھی سلطنت کرتی تھی سکّے پر بھی جہانگیر کے ساتھ اُس کا نام رہتا تھا۔ اور بے اُس کے ایکدم جہانگیر کو آرام نہ تھا۔

جہانگیر نے کچھ فوج شاہزادے خرّم یعنی شاہجہان کے ساتھ اُودے پور کو بھیجی تھی۔ لیکن رانا شاہجہان کے پاس حاضر ہو گیا اسلیئے شاہجہان نے اُسکی بہت خاطر کی۔ اکبر کی چڑھائی سے جو کچھ اُسکا ملک بادشاہی قبضے مین آگیا تھا وہ بھی چھوڑ دیا۔ اور رانا کے لڑکے کو دلی لا کر اپنے باپ جہانگیر سے بڑا درجہ دلایا۔ سنہ ۱۶۱۱ء

شاہجہان کو جہانگیر نے بہت سی فوج دیکر دکھن کی مہم پر روانہ کیا۔ اور آپ بھی اُسکی مدد کے ارادے پر مانڈو تک آیا۔ انگلستان کے بادشاہ پہلے جیمس کے ایلچی سر ٹامس رو صاحب بادشاہ کے ساتھ تھے۔ لکھتے ہین کہ بار برداری نہ ملنے کے سبب ہم اور ایران کے بادشاہ کا ایلچی دونون کچھ دن تک اجمیر مین پڑے رہے سنہ ۱۶۱۴ء

اور بادشاہ کو بھی اپنی فوج کا بہت سا ڈیرہ ڈنڈا جلوا دینا پڑا نہین تو انکا بھی کوچ ہونا مشکل تھا - وہی صاحب لکھتے ہین کہ جہانگیر فرنگیون کی بڑی خاطر کرتا ہے - رعیت ہندی بولتی ہے پر دربار مین فارسی بولی جاتی ہے - مین نے بادشاہ کو ایک عمدہ ولایتی گاڑی اور تصویر دی تھی بادشاہی کاریگرون نے تھوڑے ہی دنون مین اُس سے بہتر گاڑی بنالی - اور تصویر کی تو ایسی نقل اُتاری کہ مجھکو اصل سے نقل جُدا کرنی مشکل پڑ گئی -

شاہجہان جلد ہی فتح فیروزی کے ساتھ دکھن کی مہم ختم کر کے اپنے باپ کے پاس حاضر ہو گیا - اور پھر تھوڑے ہی دنون پیچھے کانگڑے کا نامی قلعہ جہانگیر کے قبضے مین آیا - شاہجہان کو نورجہان کی بھتیجی بیاہی تھی اس لیئے وہ اب تک شاہجہان کی طرفدار تھی لیکن اب اُس نے اپنی بیٹی جو شیر افگن کے گھر مین ہوئی تھی جہانگیر کے چھوٹے لڑکے شہر یار کو بیاہ دی - اور اس فکر مین پڑی کہ شاہجہان کو خراب کر کے جہانگیر کے بعد شہر یار کو تخت پر بٹھا دے - ندان جب شاہجہان کو یہ بات معلوم ہوئی اور اُس نے دیکھا کہ نورجہان نے میرے باپ کا دل میری طرف سے پھیر دیا نہ مجھکو باپ کے پاس آنے دیتی ہے - اور نہ یہان دکھن مین

رہنے دیتی ہی - جاگیرین میری جو تھین ضبط ہو کر شہریار کو مل گئین
اور فوج بھی جو میرے تحت مین ہی اب شہریار کو ملا چاہتی ہی ڈنکا
بغاوت کا بجایا - اور مانڈو سے آگرے کی طرف روانہ ہوا - لیکن
جب قریب پہونچا اور بادشاہی فوج اس کے مقابلہ کو آئی
یہ ہٹ کر پھر مانڈو کی طرف روانہ ہوا - بادشاہی فوج نے
وہان بھی اُسکا پیچھا کیا - شاہجہان تلنگ دیس یعنی تلنگانے کی طرف
بھاگا - اور پھر مچھلی بندر ہوتا ہوا پورب مین آکر بنگالہ اور بہار
اپنے قبضے مین کیا - لیکن جب زمیندارون سے مدد نہ ملنے کے
سبب اس طرف بھی اُسنے بادشاہی فوج سے شکست کھائی پھر
دکھن کی طرف بھاگا - اور آخر تھک کر اپنے باپ کو عرضی لکھی کہ اب میرا
قصور معاف ہو بہت سزا پا چکا - وہان سے حکم آیا کہ داراشکوہ اور
اورنگ زیب اپنے دونون لڑکون کو حاضر رہنے کے لئے دربار
مین بھیجدو - اور پھر کبھی ایسا کام مت کرو - شاہجہان نے کچھ عذر نکیا
اور فوراً اپنے دونون لڑکون کو بادشاہ کے پاس بھیجدیا -

سنہ ۱۶۲۵ء

اسی عرصے مین کیا جانیئے نورجہان کو کیا سوجھا - مہابت خانکو
بنگالہ کی صوبہ داری کا حساب سمجھانے کے لئے بلا بھیجا
مہابت خان آیا - لیکن پانچہزار راجپوتون کو ساتھ لیتا آیا - بادشاہ

کے پاس حاضر ہونے سے پہلے بنا بادشاہ کی پروانگی اُسنے اپنی بیٹی ایک جوان سردار برخوردار کو بیاہ دی - جہانگیر کو یہ بات بہت بُری لگی - برخوردار کو بُلا کر اُسکی ننگی پیٹھ پر کوڑے لگوائے، اور گھربار اُسکا بالکل ضبط کرلیا - جب مہابت خان پاس پہونچا جہانگیر کابل کو جاتا تھا جھیلم مین پل باندھ کر فوج تو پار اُتر گئی تھی جہانگیر اپنے خیمے مین ابھی اسی پار تھا - مہابت خان نے سورج نکلنے سے پہلے دو ہزار راجپوت تو پل پر بھیجدیے اور آپ دو سو رجپوت لیکر جہانگیر کے ڈیرے مین چلا گیا - جہانگیر گھبرا کر اُٹھا اور اتنا ہی کہنے پایا نمک حرام مہابت خان یہ کیا ہی؟ مہابت خان نے زمین چومی اور عرض کیا کہ میرے دشمنون نے مجھکو حضور تک نہین پہونچنے دیا تب مین ناچار اس گستاخی کے ساتھ حاضر ہوا - ندان جب جہانگیر نے اپنے تئین مہابت خان کے اختیار اور اُسکی قید مین پایا - نرمی اور ملائمت کے ساتھ باتین کرنے لگا مہابت خان جہانگیر کو اپنے ڈیرے مین لے آیا - نورجہان بھیس بدل کر ٹوٹی سی ڈولی پر سوار مہابت خان کے سپاہیون کے درمیان سے پل پار اپنی فوج مین چلی گئی - دوسرے روز دریا پایاب اُتر کر ساری فوج مہابت خان پر چڑھا لائی - آپ تیر کمان لیکر ہاتھی کے ہودے پر سوار تھی - لیکن مہابت خان کے سامنے کچھ پیش

نہ گئی۔ آدمی بہت مارے گئے۔ بادشاہ کو نہ چھڑا سکی۔ نورجہان کا
ہاتھی فیلبان کے مرنے اور سونڑ کے کٹنے پر دریا مین بھاگ گیا۔ اور
پھر بہت دور بہ کر کنارے پر لگا۔ نورجہان کے ساتھ ہودے پر اُسکی
نواسی بھی تھی نزی بالک اور تیر سے گھائل نورجہان ہاتھی سے اُتری
اور اُس لڑکی کے گھاؤ مین پٹی باندھی۔ آخر تھک کر وہ بھی اپنی قسمت
کے بھروسے پر جہانگیر کے پاس مہابت خان کی قید مین چلی آئی۔
مہابت خان جہانگیر کو لیکر کابل کی طرف چلا۔ جہانگیر ظاہر مین اُس سے
ایسا ہل مل گیا کہ مہابت خان کو اُسکی طرف سے کچھ بھی کھٹکا
باقی نہ رہا۔ جہانگیر نے نورجہان کی صلاح بموجب مہابت خان
سے کہکر حکم دلوا دیا کہ سب جاگیردار اپنے اپنے سوارون کی
موجودات دیوین نورجہان بھی جاگیردار تھی۔ اپنے سوارونکو درست
کرنے لگی اور نئے سوار اس حکمت سے بھرتی کیئے کہ موجودات کے دن
تک کسی کو اُنکی تعداد سے خبر نہ ہوئی۔ مہابت خان کو نورجہان کی
طرف سے کھٹکا ہوا لیکن جہانگیر نے یہ کہ کے مٹا دیا کہ نورجہان کے
سوار ہم جاکر دیکھ آوینگے تم اُنکے نزدیک مت جانا۔ لیکن جب
جہانگیر نورجہان کے ساتھ اُسکے سوارونکو دیکھنے گیا وہ اتنے
تھے کہ فوراً اُنھون نے اُنکے ہاتھیون کو گھیر لیا اور مہابت خان کے

آدمیون کو جو بادشاہ کے ساتھ تھے کاٹ ڈالا۔ جب مہابت خان نے دیکھا کہ بادشاہ اور بیگم دونون ہاتھ سے نکل گئے وہان سے کوچ کیا۔ اور پھر دکھن مین شاہجہان سے جا ملا۔

جہانگیر کابل سے کشمیر گیا وہان اُس کا دمے کا مرض ایسا بڑھ گیا کہ لاہور آنا پڑا۔ لیکن موت نے راستے ہی مین آ لیا ساٹھوین برس مین دنیا سے کوچ کر گیا۔ ✽

سنہ ۱۶۲۷ء

شہاب الدین محمد شاہجہان

(صاحب قران ثانی)

جہانگیر کے بعد شاہجہان بڑی دھوم دھام سے تخت پر بیٹھا جیسی اُسکے وقت مین سلطنت نے رونق پائی کبھی کسی کے سُننے مین نہین آئی۔ جو جو عمارتین اُسنے بنائین کبھی کسی کے دیکھنے مین نہین آئین۔ شاہجہان آباد کی عمارتون کو دیکھو قلعہ کیسا عمدہ اور جامع مسجد کس شان کی بنی ہی آگرے مین تاج گنج کا روضہ دیکھو کہ ویسی دوسری عمارت آج تک کسی کو دنیا مین نہین ملی

✽ تاریخ وفات جہانگیر ع جہانگیر از جہان عزم سفر کرد ✽ سنہ ۱۰۳۶ھ

ایک تخت طاؤس ٭ اُس نے سات کرور دس لاکھ روپیے کا بنوایا تھا کہ جسکے دیکھنے سے چکاچوندھ آجاتی تھی ـ شاہجہان کی سالگرہ مین سواے معمولی تلادانون کے جواہرات سے بھر بھر کر پیالے صدقے اُتارے جاتے تھے ـ خفی خان لکھتا ہو کہ انعام اکرام خلعت تلادان صدقے وغیرہ سب ملاکر اس سالگرہ مین ایک کرور ساٹھ لاکھ روپیے سے کم خرچ نہین پڑتے تھے ـ ٹیورنیر فرانسیسی سوداگر جو اُسوقت یہان آیا تھا اپنی کتاب مین لکھتا ہو کہ شاہجہان لوگون پر بادشاہی نہین کرتا ہو ـ بلکہ اپنے لڑکون کی طرح اُنھین پالتا ہو ـ اُسکے انتظام کی خوبی اسی بات سے جان لینی چاہیئے کہ اس شاہ خرچی پر بھی وہ

٭ طول اس تخت کا چھ فٹ اور عرض چار فٹ ۱۰۸ ـ لعل اُس مین سوا سو رتی سے لیکر اڈھائی سو رتی تک کے لگے تھے اور ۶۰ اپنے چھتیس رتی سے لیکر بیس رتی تک کے جڑے تھے اُسکے سائبان مین تمام ہیرے اور موتی ٹکے ہوئے تھے اور جھالر نر موتیون کی لٹکتی تھی اُس تخت کی محراب پر ایک مور دُم پھیلائے سونے کا جواہر سے جڑا ہوا رکھا تھا دم مین بالکل نیلم اور چھاتی پر ایک بڑا سا لعل تھا گردن مین ترسٹھ رتی کا موتی لٹکتا تھا ایک ہیرے کا آویزہ بھی اُسمین ۱۷ رتی کا تھا بارہ چوبین جن پر اُس تخت کا سائبان کھڑا ہوتا تھا تمام آبدار گول نو رتی سے بارہ رتی تک کے موتیون سے جڑی تھین اور اُسکے دونون طرف جو دو چتر رہتے تھے اُنکی ڈنڈیان آٹھ آٹھ فٹ لمبی ساری نیچے سے اوپر تک ہیرون مین ڈوبی تھین ـ

سوا سونے چاندی اور جواہرات کے چوبیس کڑوڑ روپیہ نقد چھوڑا اور کبھی رعیت سے ایک پیسہ معمول سے زیادہ نہین مانگا۔ خفی خان شاہجہان کی آمدنی تیئیس ۲۳ کڑوڑ روپیہ سال لکھتا ہو۔ لیکن ٹیورنیر تینتیس ۳۳ کڑوڑ بتلاتا ہو۔

۱۶۳۱ء اسی بادشاہ کے زمانے مین یعنی ۱۶۳۱ء مین پرتگال والون نے کلکتے کے پاس ہگلی مین جو قلعہ بنایا تھا۔ بنگالے کے صوبہ دار نے گھیر کر لے لیا۔

قندھار اکبر کی سلطنت کے شروع مین ایرانیون نے لے لیا تھا لیکن کچھ دن بعد پھر اکبر کے قبضے مین آگیا اب جہانگیر کے زمانے سے پھر ایرانیون کے ہاتھ مین تھا۔ لیکن اُنکا صوبہ دار علی مرادخان شاہجہان سے آملا۔ اس لیئے قندھار پھر ہندوستان کے شامل ہوگیا

۱۶۳۷ء یہ علی مرادخان بڑا نامی ہوا دلّی کی نہر اسی نے بنوائی اور دولت اُس کے پاس اتنی تھی کہ لوگون کی سمجھ مین لسنے کہین سے گڑی ہوئی پائی ۱۶۴۷ء ۱۶۴۷ء مین ایرانیون نے پھر زور مارا۔ اور قندھار اُنکے دخل مین چلا گیا۔

میرجملہ پہلے تو دکھن مین ہیرے کی تجارت کرتا تھا لیکن اب بہت دنون سے عبداللہ قطب شاہ گولکنڈے کے بادشاہ کا وزیر ہوگیا

تھا - عبداللہ نے کئی باتون سے ناراض ہوکر اُسکے بیٹے محمد امین کو قید کیا تب اُسنے شاہجہان سے مدد مانگی - شاہجہان کی فوج نے عبداللہ کو بہت زیر کیا شاہزادے اورنگ زیب کے اشارے مطابق دھوکھا دیکر اُسکے علاقہ مین گھس گئی - عبداللہ نے تو اورنگ زیب کے آدمیون کو سابق صلح نامے کے موافق دوست سمجھا اُنکے کھانے پینے کا بندوبست کرنے لگا لیکن انھون نے اچانک اُسکی دارالسلطنت حیدرآباد کو لوٹنا اور پھونکنا شروع کیا - ناچار عبداللہ نے محمد امین کو بھی قید سے چھوڑ دیا اور اورنگ زیب کے لڑکے سلطان محمد کو اپنی بیٹی بیاہ دی اور ایک کروڑ روپیہ نذر بادشاہ کے لیئے دیکر اپنا پنڈ چھوڑا یا - میرجملہ نے شاہجہان کو وہ مشہور ۳۱۹ رتی کا کوہ نور ہیرا[*] نذر دیا جو اُسکے کسی کسان کو گوداوری کنارے کولور کی کھان مین خریونے کا کھیت جوتتے ہوے ملا تھا اور اب پنجاب سے ملکہ معظمہ انگلستان یعنی ہند کی قیصر امپرس وکٹوریا کی خدمت مین پہونچا - وہ برابر اورنگ زیب کا معتمد مصاحب بنا رہا -

۱۶۵۷ء شاہجہان کے چار لڑکے تھے داراشکوہ ۴۲ برس کا شجاع ۴۱ برس کا

* شاہجہان کے جوہریون نے اُسے ۲۵ ۵ ۸۱۵ ، کا آنکا تھا اور کولور کی کھان مین ملا کون جانے شاید اسی سبب اُسکا نام کوہ نور رکھا گیا -

اورنگ زیب ۳۸ برس کا اور چوتھا مراد بھی جوان ہو چکا تھا داراشکوہ بہت نیک تھا مگر مذہب کے اچھے فقیرون سے محبت رکھتا مذہب اُسکا بیدانت تھا - اُپنشدون کا فارسی مین ترجمہ اُسی کے حکم سے ہوا تھا اورنگ زیب بڑا دوراندیش حکمتی مطلب کا یار اور ظاہر مین بڑا کٹر مسلمان تھا شجاع شرابی اور عیاش اور مُراد کچھ بیوقوف سا گنا جاتا تھا اورنگ زیب کو شاہجہان کے منصوبون کا حال اپنی بہن روشن آرا ؛؛ سے ملا کرتا تھا - داراشکوہ ولیعہد تھا - جون جون شاہجہان اُسکا اختیار بڑھاتا جاتا تھا اورنگ زیب چھٹ پٹاتا تھا - اسکے دل مین تخت کی پوری آرزو تھی - اُمید زہی مذہب کے بہانے سے تھی - سدا مولویون کی طرح رہا کرتا - جو کچھ ہاتھ کی محنت سے ملتا اُسی سے اپنی گذران کرتا - ساتھیون سے سدا کہا کرتا کہ مین تو فقیر ہو کر کے چلا جاؤن لیکن کیا کرون داراشکوہ کافر ہے اگر اسکا اختیار ہوگا - دین کو بہت خراب کریگا - نذان یہی سبب تھا کہ مسلمان اُسکو جی سے چاہتے تھے اور اسمین شک نہین کہ اُنھین کی مدد سے اُسے سلطنت ہاتھ لگی - لیکن ساتھ ہی یہ بھی یاد رکھو کہ ہندوٗن کے بیدل ہو جانے

؛؛ شاہزادیان بھی تعلیم پاتی تھین اکبر کے چار جہانگیر کے دو شاہجہان کے پانچ اور اورنگ زیب کے بھی پانچ تھین لیکن ان ۱۶ مین بیاہی خالی تین گئی تھین -

سے وہ سلطنت بالکل بے زور ہو گئی۔ اُسوقت تو نہ معلوم ہوا۔ لیکن اورنگ زیب کے بعد اُسکا نتیجہ بخوبی دکھلائی دیا۔

شاہجہان اس عرصے مین سخت بیمار ہو گیا تھا اُمید بچنے کی نہ تھی داراشکوہ نے بہتیرا چاہا کہ خبر نہ پھیلے۔ ڈاک بند کر دی مسافرون کو چلنے سے روکا لیکن یہ نہ سوچا کہ بھلا ہندوستان مین بھی کبھی ایسا ہو سکتا ہی کہ بھید نہ کھلنے پاوے۔ شجاع بنگالے کا صوبہ دار اور مُراد گجرات کا صوبہ دار دونون اپنی اپنی فوجین لیکر دلّی کو روانہ ہوے اورنگ زیب دکھن کا صوبہ دار تھا مراد کو لکھ بھیجا۔ کہ تخت آپ کو مبارک ہو مین مکّے جانے کی بالکل تیاری کر چکا ہون لیکن دین کا کام سمجھکر جبتک کہ اس کافر دارا کا کچھ بندوبست نہو جاوے مین بھی تمھارا مددگار رہون اور پھر مالوے مین آکر مراد سے مل گیا۔

شجاع تو بنارس کے پاس داراشکوہ کے لڑکے سلیمان شکوہ سے شکست کھاکر بنگالے کو لوٹ گیا۔ مراد اورنگ زیب کے ساتھ اُجین کے پاس راجہ جسونت سنگھ کو جسے داراشکوہ نے اُنکے مقابلے کو بھیجا تھا شکست دے کر آگرے سے ایک منزل کے تفاوت پر آن پہونچا۔ داراشکوہ تخمیناً ایک لاکھ سوار لیکر اُنکے سامنے آیا۔ بڑی بھاری لڑائی ہوئی مراد کا ہودہ تیرون سے ساہی کی پیٹھ بن گیا۔ وہ آپ بھی کئی

جگہ گھائل ہوا - ہاتھی نے میدان سے بھاگنا چاہا تو پیرون مین
گٹھ بندھن ڈلوادیا - راجہ رام سنگھ کیسریا باگا پہنے موتیون کا ہار سر مین
لپیٹے مراد کے ہاتھی سے جابھڑا - اور بھالا چلایا - مراد نے اُسکا بھالا
تو ڈھال پر روکا - اور راجہ کو ایک ہی تیر سے مار ڈالا - اُسکے مرتے ہی
رجپوت بڑے جوش مین آئے - اور ڈھیر کے ڈھیر وہان اُنکی لاش کے
لگ گئے - اور نگ زیب چلا چلا کر اپنے سپاہیون کو بھی سناتا تھا اللہ
معکم یعنی اللہ تمھارے ساتھ ہو راجہ روپ سنگھ گھوڑے پر سے
اُتر پڑا اور دوڑ کر اپنی تلوار سے اور نگ زیب کے ہودے کا رسا کاٹنے لگا
اور نگ زیب اُسکی بہادری دیکھ کر ایسا خوش ہوا کہ پکارا یہ مارا نہ جاوے
لیکن اُس ہجوم مین کون سنتا تھا - بات کی بات مین
اُسکی دھجیان اُڑا دین دارا کی فوج کو غلبہ تھا - لیکن اُس کے
ہاتھی کو ایک بان آلگا - اس سبب سے اُسنے بھاگنا چاہا دارا شکوہ
نیچے کود پڑا - فوج نے جانا کہ وہ مارا گیا فوراً سب کی سب بھاگ گئی
دارا کو بھی بھاگنا پڑا - مارے شرم کے باپ کے سامنے تو نہ گیا
اپنی بیگم اور لڑکون کو لیکر سیدھا لاہور کو روانہ ہوا - اور نگ زیب
نے آگرے پہونچکر بہت منت سماجت کے ساتھ شاہجہان کے پاس پیام
بھیجا کہ یہ مقام ناچاری کا تھا مین آپ کا وہی فرمان بردار لڑکا ہون

لیکن ساتھ ہی قلعہ مین جا بجا چوکی پہرا بھی بٹھا دیا - کہ جسمین شاہجہان
کسی کے ساتھ بات چیت یا خط کتابت نہ کر سکے شاہجہان سات
برس تک اسکے بعد جیا - اور نگ زیب اُسکی بڑی عزت اور خاطر
کرتا رہا - لیکن سلطنت اُسکی اسی تاریخ تک گنی جاتی ہر آگے سکہ
خطبہ اور نگ زیب کا چلا - شاہجہان نے تیس برس بادشاہی
کی ۶۷ برس کی عمر مین بادشاہی اُس سے چھینی گئی اور ۷۴ برس
کی عمر مین اُسنے وفات پائی -

جب مراد کا کچھ کام باقی نرہا اورنگ زیب نے ایکروز اُسکی
ضیافت کی اور اتنی شراب پلائی کہ وہ بیہوش ہو گیا - تب اُس کے
ہتھیار اُتروا کر اور پیرون مین بیڑیان ڈلوا کر گوالیر کے قلعہ مین بھیجدیا -

محی الدین محمد اورنگ زیب عالمگیر

اورنگ زیب نے تخت پر بیٹھکر اپنا لقب عالمگیر رکھا - ملتان
کے پاس تک دارا شکوہ کا پیچھا کیا - لیکن جب سُنا کہ دارا شکوہ ملتان سے
سندھ کی طرف بھاگ گیا اور شجاع بنگالے سے آتا ہی فوراً الہ آباد
کی طرف مُڑا - کھجوے مین شجاع کے ساتھ لڑائی ہوئی شجاع سنہ ۱۶۵۹ع
شکست کھا کر پھر بنگالے کی طرف بھاگا اور جب وہان بھی پیر نجم سکا

تو اراکان مین جاکر وہان والون کے ہاتھ سے اپنے کنبے سمیت مارا گیا داراشکوہ ملتان سے بھاگ کر سندھ اور کچھ ہوتا ہوا گجرات مین پہونچا اور وہان کے صوبہ دار سے ملکر بیس ہزار آدمی اجمیر مین جمع کر لایا۔ لیکن وہان اورنگ زیب سے شکست کھا کر قندھار کی طرف بھاگا۔ راستے مین سختیان بہت اُٹھائین جب سندھ کی سرحد پر پہونچا اجودھن کے حاکم ملک جیون نے دغا کی اور اسکو اسکے لڑکے سمیت قید کر کے اورنگ زیب کے پاس لے آیا٭ اورنگ زیب نے بڑی خوشیان منائین داراشکوہ کو پہلے تو ہاتھون مین ہتھکڑیان اور پیرون مین بیڑیان ڈالکر بے جھول کے ہاتھی پر بازار مین گھومایا۔ اور پھر قیدخانے مین بھیجکر اس بہانے سے کہ اُسنے مسلمانون کا دین چھوڑ دیا۔ مولویون سے فتویٰ لیکر جلاّدون کے ہاتھ سے قتل کروا ڈالا اور اُسکے لڑکے سپہر شکوہ کو قید رہنے کے لئے گوالیر کے قلعے مین بھیجدیا۔

سنہ ۱۶۵۰ع کے شروع تک مرہٹون کا نام کچھ ایسا مشہور نہ تھا دکھن کے بادشاہون کی فوج مین سوارون کی نوکری البتہ کرنے لگے تھے۔ لیکن حکومت کے درجے کو نہین پہونچے تھے۔ مالوجی بھوسلا

٭ یہ وہی ملک جیون ہے جسکو شاہجہان نے کسی جرم مین قتل کا حکم دیا تھا اور داراشکوہ نے سفارش کر کے بچا لیا تھا۔

دکھن کے حاکمون مین سے ایک کے یہان کچھ سوارون کے ساتھ نوکر تھا - اور لوک جی یادوراؤ اُسی حاکم کے تحت مین دس ہزار آدمیون کا افسر تھا - ایک دن مالوجی بھوسلا کے لڑکے شاہ جی کو اپنی لڑکی کے ساتھ گود مین بٹھا کر ہنسی کی راہ سے کہنے لگا کہ یہ تو اچھا جوڑا بیاہنے لائق ہی مالوجی بھوسلا نے اُسی دم برادری والون کو جو وہان موجود تھے گواہ ٹھہرا دیا اور کہا کہ دیکھو بھائیو لوک جی یادوراؤ نے میرے بیٹے کو اپنی بیٹی دی - ناچار لوک جی یادوراؤ کو اپنی بیٹی ساہ جی کے ساتھ بیاہنی پڑی - کہتے ہین کہ یادوراو کے گوٹ ولے بدنبشی رجپوتون سے نکلے تھے - اور مسلمانون کی چڑھائی سے پہلے دیوگڈھ کے راجہ بھی بدنبشی کہلاتے تھے - تو اگر لوک جی یادوراؤ کا نکاس انھین دیوگڈھ والے راجاؤن کے گھرانے سے ہوا ہو کچھ اچرج نہین نداں مالوجی بھوسلا کی قسمت زور پر تھی دیکھتے ہی دیکھتے احمدنگر کے بادشاہ کی نوکری مین پانچ ہزار سوارون کا جاگیردار ہو گیا اور پونا اُسے جاگیر مین ملا - مالوجی بھوسلا کا پوتا یعنی لوک جی یادوراؤ کا ناتی سیواجی بڑا نامی اور اقبال مند ہوا - وہ ۱۶۲۷ء مین جنا تھا اور اُسی سے مرہٹون کا راج قائم ہوا —

سیواجی ابھی پورا ۱۶ برس کا بھی نہین ہونے پایا تھا کہ بدن مین

اُسکے جوانمردی کا خون جوش مین آیا - رات دن شکار کھیلنے اور ڈاکا مارنے سے کام تھا اور وہی وہان کے جنگل پہاڑون مین جنگلی اور پہاڑی آدمیون کے ساتھ اُسے آرام تھا - وہ اُن بکٹ جنگلون کی راہ اور ٹیڑھے پہاڑون کے گھاٹون سے خوب واقف ہو گیا تھا - اور ایک ایک جنگلی آدمی کا نام تک جان لیا تھا - بیجاپور کی سلطنت کمزور پڑ گئی تھی سیواجی ڈاکا مارتے مارتے بیجاپور کی عملداری کے قلعے لینے لگا پہلا قلعہ جو اُس نے اپنے دخل مین کیا پونا سے دس کوس پر تورنا نام تھا بیجاپور کے بادشاہ نے دغا کر کے سیواجی کے باپ شاہ جی کو قید کر لیا - تب سیواجی نے شاہجہان کو عرضی لکھی شاہجہان نے اُسکے باپ کو بھی چھڑوا دیا اور اُسے پنج ہزاری یعنے پانچ ہزار سوارون کے افسر کا خطاب دیا - جب باپ چھوٹ گیا سیواجی پھر اپنا علاقہ بڑھانے لگا - بیجاپور کے بادشاہ نے افضل خان کے تحت مین ایک بڑا بھاری لشکر اُسکے زیر کرنے کو بھیجا سیواجی نے کہلا بھیجا کہ آپ اتنا لشکر کیون لائے ہین مین تو آپ کا چاکر ہون - لشکر سے خوف کھاتا ہون - اگر آپ اکیلے چلے آوین تو جو فرماوین مین بجا لانے کو موجود ہون - افضل خان ململ کا جامہ پہنے ایک تیغ ہاتھ مین لئے اکیلا اپنے لشکر سے باہر نکلا - سیواجی بھی پرتاپ گڈھ کے پہاڑی قلعے سے باہر آیا

لیکن انگرکھے کے نیچے فولادی زرہ پہنے ہوے اور ہاتھون مین
شیر پنجہ ⁂ چڑھائے ہوے۔ سوائے اسکے اُسنے ایک چھرا بھی کمر مین
چھپا لیا۔ جب افضل خان نے سیواجی کو گلے سے لگایا سیواجی
نے اُسے شیر پنجہ سے بھینچ لیا اور فورًا چھرے سے اُسکا کام تمام
کیا۔ سیواجی کا اشارہ پاتے ہی اُسکی تمام فوج جو پہاڑون مین چھپی
تھی نکل آئی۔ اور افضل خان کی فوج پر جو بالکل غافل تھی اس تیزی
کے ساتھ گری کہ وہ اُسی دم تین تیرہ ہو گئی۔

سیواجی کو تو لوٹ مار سے کام تھا۔ کون کسکا علاقہ ہو یہ اُسے
کہان خیال تھا۔ جب اورنگ زیب کے قلعون پر بھی اُس نے ہاتھ ڈالا
اورنگ زیب کا ماموں شائستہ خان جو اُسوقت دکن کا صوبہ دار تھا
فوج لیکر مقابلہ کو بڑھا۔ سیواجی سنگار یا سنگھ گڑھ کے پہاڑی قلعہ
پر چڑھ گیا۔ شائستہ خان چھ کوس پر پونا مین اُسی مکان کے درمیان
ٹھہرا جس مین سیواجی کچھ دنون رہ چکا تھا۔ ندان ایک دن وہ
رات کو ۲۵ آدمی ساتھ لیکے بھیس بدلے ہوے کسی بارات
کے ساتھ شہر مین گھس آیا۔ اور ایک چور دروازے کی راہ پہرے
والون سے بچ کر ٹھیک اُس جگہ جا پہونچا جہان شائستہ خان

⁂ ایک طرح کا ہتھیار، جو شیر کے پنجہ کی طرح ۔

پلنگ پر سوتا تھا۔ سیواجی کی تلوار سے شائستہ خان کی صرف
دو انگلیان کٹنے پائین کھڑکی کی راہ کود کر جان بچا گیا۔ لیکن لڑکا
اُسکا کام آیا۔ سیواجی اُسی دم پھرتی کے ساتھ وہان سے نکل کر
ساتھیون سمیت مشعلین جلائے اپنے پہاڑی قلعے پر چڑھ گیا۔ اور
شائستہ خان کا لشکر سارا دیکھتا ہی رہ گیا۔ سنہ ۱۶۶۵ء مین
اورنگ زیب نے راجہ جے سنگھ اور دلیر خان کو دکھن کی مہم پر
بھیجا۔ سیواجی نے پیام صلح کا دیا اور راجہ جے سنگھ کے پاس
چلا آیا۔ راجہ جے سنگھ نے اُسکی اچھی خاطرداری کی اور اورنگ زیب
سے اُسکے نام ایسا ایک فرمان منگوایا کہ وہ بالکل تابع ہوگیا اور
اپنے لڑکے سنبھا کو لے کر بادشاہ کی قدمبوسی کے لئے دلّی مین چلا آیا
لیکن وہان اُسکی خاطرداری کچھ اچھی نہ ہوئی اور اس بات سے
جب اُس نے اپنی دلگیری ظاہر کی اورنگ زیب نے اُسپر پہرے بٹھلا دیے
سیواجی بڑے بڑے کھانچون مین + فقیرون کو کھانے کے لئے
بھیجا کرتا تھا ایک روز بیٹے سمیت دو کھانچون مین بیٹھکر پہرون کے
بیچ سے نکل گیا۔ اور کچھ دنون بعد فقیری بھیس مین پونا جا پہونچا اور پھر
دھیرے دھیرے اُسنے اپنا علاقہ بہت بڑھایا اور بڑا نام پایا۔

سنہ ۱۶۶۵ء

+ یعنی دو رالیبی ٹوکرا —

سنہ ۱۶۶۶ء

اسی سال مین شاہجہان کا انتقال ہوا۔ اگرچہ وہ قلعے سے باہر نہین نکلنے پاتا تھا لیکن وہان اورنگ زیب اُسے بہت عزت اور ادب کے ساتھ رکھتا تھا۔

یہ زمانہ اورنگ زیب کی پوری ترقی کا تھا اُدھر کشمیر کے صوبہ دار نے ہمارے پار چھوٹا تبت فتح کر لیا تھا۔ اور ادھر بنگالے کے صوبہ دار نے چٹگاؤن کا علاقہ بادشاہی عملداری مین ملا دیا تھا۔ اور پھر اِس لنبے چوڑے ملک کے درمیان جھگڑا فساد کہین کچھ نتھا۔ عرب اور حبش سے لیکر ایران توران تک کے ایلچی + اُسکے دربار مین حاضر تھے لیکن ایسی سلطنتون مین کیا یہ امن چین کچھ عرصہ تک ٹھہر سکتا تھا۔؟ —

+ ایک سال پانچ بادشاہون کے ایلچی آئے بڑا بھاری دربار ہوا ایران کے ایلچی کی بڑی خاطر ہوئی شہر کی آئین بندی کی گئی سڑک پر کوسون تک سوار کھڑے کیے گئے اُمرا استقبال کو گئے توپون کی سلامی ہوئی شاہ کا خریطہ اورنگ زیب نے اپنے ہاتھ سے لیا ۲۵ گھوڑے ۲۰ شتر ایرانی کمخاب پارچے قالین بید مشک کے گھڑے تحفہ مین گذرے مکے کے شریف نے عربی گھوڑے اور ایک جھاڑو جس سے کعبہ جھاڑا جاتا تھا بھیجی یمن کے بادشاہ اور بصرے کے حاکم نے بھی گھوڑے بھیجے تھے انگلستان کے بادشاہ جیمس کے ایلچی نے ایک بیل کا سینگ کچھ ہاتھی دانت ایک اژدر خار اور ۱۵ غلام کہ ضرور حبشی رہتے ہونگے نذر کیے —

اورنگ زیب نے جزیہ پھر جاری کیا اس کام کے لیے ایک مُلّا مقرر ہوا کہ ہندو لوگ اپنے دھرم کے کامون مین کچھ دھوم دھام نکرنے پائین تیوہار اور پر بون پر جو میلے ہوتے تھے وہ بھی بند کر دیے اُسنے تو یہان تک حکم دے دیا تھا کہ سواے مسلمانون کے کہین کوئی ہندو بادشاہی نوکری نہ پاوے لیکن تعمیل نہ ہو سکی تعمیل تو کسی حکم کی پوری نہ ہوئی لیکن دل ہندوون کا مسلمانو نکی سلطنت سے پورا ہٹ گیا۔ جیسا کہ اُسوقت اِن کی سلطنت کا حال تھا اُسی ایک خط سے ظاہر ہو جاتا ہی جو کسی راجہ نے اورنگ زیب کو لکھا تھا اور خفی خان نے اپنی تواریخ مین درج کر دیا ہی خلاصہ اُس کا یہ ہی۔ کہ دیکھیے اکبر جہانگیر اور شاہجہان کے وقت مین اس ملک کا کیا حال تھا اور اب کیا ہو گیا ہی جب سب فرقے اور سب مذہب کے آدمی ناراض ہین اور آمدنی دن پر دن گھٹتی جاتی ہی جب رعیت پر ظلم ہوتا ہی اور خزانہ خالی پڑتا جاتا ہی پولس کی کوئی خبر نہین لیتا اور خود شہرون مین خطرہ رہتا ہی تو یہ بیڑا کے دن چل سکتا ہی؟

راجہ جسونت سنگھ جودھپور والا کابل کی مہم پر مر گیا تھا اُسکی رانی اور دو بالک لڑکے بادشاہ کی پروانگی کا انتظار نکر کے دِلّی

سے چلے آئے بادشاہ نے اُنھین قید کرنے کا اچھا بہانہ پاکر گھیر لینے کا حکم دیا - اگرچہ رانی اور لڑکون کو تو اُنکے ساتھی رجپوت بھیس بدلا کر نکال لے گئے پر جسوند سنگھ (؟) کا دل رہا سہا اور بھی ٹوٹ گیا - بڑا لڑکا اجیت سنگھ جودھپور کی گدّی پر بیٹھا - اور جب تک اورنگ زیب جیتا رہا وہ اجیت سنگھ چاکری بجا لانے کے بدلے لڑ بھڑ کر سدا اُسے تنگ کرتا رہا - رانا راج سنگھ اُدیپور والا + بھی اُس سے مل گیا اور جزیہ دینے سے انکار کیا - فوجین جودھپور اور اُدیپور پر بھیجی گئین بادشاہ کا اُنکو حکم تھا کہ ملک ویران کر ڈالین - گانون سب پھونک دین - درخت پھلدار کاٹنے سے باقی نہ چھوڑین - بال بچے اور عورتین سبکی پکڑ لاوین

سنہ ۱۶۷۹ع

سنہ ۱۶۸۰ع مین سیواجی ۵۳ برس کا ہو کر پرلوک کو سدھارا بیٹا اُسکا سمبھاجی ‡ بدچلن تھا -

سنہ ۱۶۸۰ع

تھوڑے ہی دنون بعد اورنگ زیب نے دکھن پر بڑی بھاری فوج لیکر چڑھائی کی گولکنڈے کے بادشاہ ابوالحسن نے جو تاناشاہ کے نام سے

+ کہتے ہین کہ اُدیپور والون نے کبھی اپنی لڑکی بادشاہ کو نہین دی لیکن اورنگ زیب رقعات عالمگیری مین اپنے لڑکے کام بخش کو لکھتا ہی لودے پوری والدۂ شما در بیماری سن بوده ارادۂ رفاقت دارد -

‡ سیواجی اور سنبھاجی کا ٹھیک نام شیواجی اور شمبھوجی معلوم ہوتا ہو -

مشہور ہی سنبھاجی سے آپس کی مدد کا قول قرار کیا تھا اسی لیئے
اورنگ زیب نے پہلے کچھ فوج گولکنڈے پر بھیجی - بادشاہ تو قلعے
مین جا چھپا - اور حیدرآباد تین دن تک برابر لٹا کیا - آخر بادشاہ نے
بہت سا روپیہ دیکر کسی طرح اُس دم یہ بلا اپنے سر سے ٹالی
اور اورنگ زیب کے ساتھ صلح کر لی - اورنگ زیب کو ادھر سے
جو فرصت ملی ساری فوج لیکر بیجاپور پر گرا - اور اُس شہر کو جا گھیرا
تھوڑے ہی دنون مین دیوارین ٹوٹ گیئن اورنگ زیب
تخت روان پر اندر گیا بالک بادشاہ کو قید کر دیا - اور اُس کا سنہ ۱۶۸۶ع
سارا علاقہ اپنی عملداری مین ملا لیا - جب بیجاپور قبضے مین آ گیا
اس بہانے سے کہ گولکنڈے کا بادشاہ کافرون کو پناہ دیتا ہی پھر
یکایک اُسے جا دبایا - سات مہینے کے محاصرے مین گولکنڈا بھی ٹوٹ گیا - سنہ ۱۶۸۷ع
اور بیجاپور کی طرح یہ علاقہ بھی اورنگ زیب کے ہاتھ لگا - سنہ ۱۶۸۷ع

ان دونون علاقون کا ہاتھ لگنا گویا اورنگ زیب کی ساری آرزون
کا پورا ہونا تھا - پر سچ پوچھو تو ہم اسی تاریخ سے دلّی کی سلطنت کا
گھٹنا قرار دیتے ہین اس مین کسی طرح کا شک نہین کہ تیموری خاندان
کے زوال کا بیج اسی وقت مین بویا گیا ٹہنیان اور
پتے اُس مین جب نکلے بیجاپور اور گولکنڈے کی بادشاہی ٹوٹنے

دکھن مین ایک طرح کا انتظام بندھا ہوا تھا اور مرہٹون پر بڑا دباؤ تھا۔ اسکے لوٹتے ہی وہان ہر طرف غدر مچ گیا۔ جو سوار سپاہی اُنکے نوکر تھے وہ بھی اکثر مرہٹون سے جا ملے مرہٹون نے جی کھول کے لوٹ مار کرنا شروع کیا۔ اورنگ زیب کی یہی بڑی تعریف ہی کہ اُس نے اپنے جیتے جی سلطنت مین خلل نہین پڑنے دیا پر آثار زوال کے اُسے معلوم ہو گئے تھے اکبر کے وقت تک بھی پُوسپاہگری کی باقی تھی۔ اُسکے سردارون مین سردملک کی چالاکی دیکھنے مین آتی تھی۔ لشکر بادشاہ کا سب سے بڑا زیور تھا۔ اور اُسی کی درستی کا سدا اُسے خیال تھا لیکن جہانگیر اور شاہجہان کے زمانے مین خوف خطر کم اور امن چین بہت رہنے کے سبب عیش و عشرت تو بڑھ گئی۔ پر جسکو سپاہگری کہتے ہین بالکل جاتی رہی۔ سدا سے یہی دستور چلا آتا ہی کہ کنگلون کو جب حوصلہ ہوتا ہی بڑے بہادر بن جاتے ہین۔ اور جو کچھ چاہتے ہین پاتے ہین۔ اور جب بہت مل جاتا ہی عیش مین پڑکر ایسے بودے ہو جاتے ہین۔ کہ پھر اُسی طرح جیسا اُنھون نے اورون کو دبایا تھا نئے حوصلے والے اُنھین دبا لیتے ہین۔ اسی طرح ڈانیوب پار والون نے رومیون کو دبایا۔ اسیطرح عرب والون نے ایرانیونکو دبایا

اسی طرح تاتار والون نے چینیون کو دبایا - اور اب آخری زمانہ مین اسیطرح فرنگستان والون نے ساری دنیا کو دبایا - کارخانہ انکا بھی اب بہت بڑھ گیا ہی پر علم کا ان مین ایسا رواج ہی اور دن پر دن اور بھی ایسا ہوتا چلا جاتا ہی کہ عیاشی مین نہ پڑکر یہ سپاہگری کے درمیان اور بھی زیادہ درست ہوتے جاتے ہین اگر دولت حشمت بڑھ جانے کے سبب آرام طلبی سے کچھ بدنی طاقت گھٹ بھی جاتی ہی تو علم کے وسیلے سے ایسی ایسی توپ بندوق جہاز اور نئے نئے طرح کے اوزار اور ہتھیار بناتے چلے جاتے ہین کہ جن سے ایک ایک آدمی مین سو سو ہزار ہزار بلکہ لاکھ لاکھ کا زور حاصل کر لیتے ہین -

ندان اب ذرا اورنگ زیب کی فوج پر نگاہ کرنی چاہیئے - ذرا اسکے سرداردن کے گھوڑون کو دیکھنا چاہیئے - دُم اور ایالین بالکل رنگی ہوئین - سونے چاندی کے ساز سر سے پیر تک لدے ہوے کلغیان بہت لنبی لنبی پیرون مین جھانجھین بجتی ہوئین - موٹے اتنے کہ جتنے لنبے شاید اسی کے قریب چوڑے - اور پھر چار جامے اُن پر مخملی زردوزی بڑے بھاری پڑے ہوے اور آئنین سرا گلے کی دُم چور دونون طرف لٹکتے ہوے - سوار گھوڑون سے بھی زیادہ دیکھنے کے لائق

مین کوئی اپنے سے زیادہ بھاری دگلا اور زرہ بکتر پہنے ہوے
کوئی گھیردار جامہ اور شال دوشالے لپیٹے ہوے - لیکن چہرے زرد
رات کے جاگے نشے مین چور یا دوا کھاتے پیتے - دس قدم گھوڑا چلا گھوڑے
کو پسینہ آیا سوار بیہوش ہوگیا اگر دور چلنا پڑا دونون بیدم ہوکر گر پڑے
جیسے سردار ویسے ہی اُنکے پیادے اور سوار لشکر مین جہان دس
سپاہی تو سو بنیے دوکاندار بھانڈ بھگتیے رنڈی چھوکرے نوکر خدمتگار
خانساماں رسد کاہے کو مل سکتی - ڈیرے ڈنڈے عیش عشرت
کے سازوسامان اتنے کہ کبھی اچھی طرح باربرداری کی تدبیر نہو سکتی
تلوار پیچھے رہ جائے مضائقہ نہین پر تنبورا ساتھ رہنا چاہیئے
دشمن وار کیے جائے پروا نہین پر چلم نہ جلنے پاوے - اُسوقت کا
ایک فرانسیسی اس فوج کی خوب تعریف لکھتا ہی وہ لکھتا ہے کہ
تنخواہین بہت بڑی بڑی اور چاکری کچھ بھی نہین نہ کوئی پہرا
چوکی دیتا ہی - نہ کوئی دشمن سے مقابلہ کرتا ہی - اور بڑی سی بڑی
سزا ہوئی - تو ایک دن کی تنخواہ کٹ گئی - +جمیلی کریری
نے مارچ سنہ ۱۶۹۵ع مین اورنگ زیب کی چھاؤنی گلگلے مین دیکھی
تھی وہ لکھتا ہی کہ دس لاکھ سے اوپر آدمی ستھے اور ڈیڑھ کوس مین

سنہ ۱۶۹۵ع

+ Gemelli carreri

تو نرے بادشاہ اور شاہزادون کے ڈیرے کھڑے تھے †
اُن کو کام پڑا اُن مرہٹون سے جو اُنگرکھا جانگھیا ایک پیچی پگڑی
پہنے کمر کسے ہاتھ مین بھالا دکھنی گھوڑون پر سوار تیس کوس تو ہوا
کھانے کو گھوم آتے تھے۔ نہ تھکتے نہ ماندے ہوتے تھے۔ جو باجرے
کی روٹی پیاز کے ساتھ اُنکا کھانا تھا۔ اور گھوڑے کا زین تکیہ زمین
بچھونا اور آسمان شامیانہ تھا۔

ندان اورنگ زیب انکی فکرہی مین تھا کہ اسکے ایک سردار نے
کہین سے پتا ٹھکانا لگا کر سبنھاجی کو بے خبر سنگمیشور کے باغ مین
جا گھیرا۔ وہان وہ تھوڑے ہی سے آدمیون کے ساتھ جی بہلا رہا تھا
نشے مین ہونے کے سبب بھاگ نہ سکا۔ یہ اُسے اورنگ زیب کے
پاس قید کر لایا۔ اورنگ زیب نے اس سے کہا کہ تو مسلمان ہوجا لیکن
اُس نے ایسا کڑا جواب دیا کہ اورنگ زیب نے گرم لوہے سے اُسکی
آنکھ نکلوا کر اور جیبھ کٹوا کر اُسے دم مروا ڈالا۔

سنبھاجی کا لڑکا ساہو بھی کچھ دنون بعد قید مین آگیا۔ لیکن اُس کا
بھائی راجہ رام اُسیطرح لڑتا بھڑتا رہا۔ جون جون اورنگ زیب
ان مرہٹون کو دبانے کی فکر کرتا تھا وہ دون میں اور بھی زور پکڑتے

† بریز لکھتا ہو کہ ان سب کو شکست دینے کے لیئے ۲۵۰۰۰ فرانیس کافی ہین۔

جاتے تھے اورنگ زیب کی فوج گھٹتی تھی ان کا شمار بڑھتا تھا اورنگ زیب کوئی تدبیر باقی نہین چھوڑتا تھا لیکن ان سے دن پر دن تنگ ہوتا جاتا تھا۔

یہانتک کہ ۲۱۔فروری سنہ ۱۷۰۷ع کو احمد نگر مین ۵۰ برس بادشاہی کر کے نواسی برس کی عمر مین دنیا سے سدھارا + - اور ہندوستان کا آخری مسلمان بڑا بادشاہ ہو گیا۔

سنہ ۱۷۰۷ع

یہ اتنا بوڑھا تھا پر تو بھی سلطنت کے کامون سے کبھی جی نہین چراتا۔ ذرہ ذرہ کام آپ دیکھتا آنے جانے والون سے سب طرف کی خبر لیتا رہتا۔ بے اُس کے حکم کے کچھ بھی نہ ہوتا۔ دکھن کی لڑائیون مین وہ جوان سپاہیون سے بھی زیادہ سختیان سہتا۔ اس بادشاہ کے عقلمند اور ہمت والے ہونے مین کسی طرح کا شک نہین لیکن دل اُس کا بہت چھوٹا تھا۔ مذہب کی ضد سے ہندوٴنکو یکبارگی ناراض کر دیا بنارس مین بشویشورا ور بیندما دھو کا اور متھرا مین گوبند دیو کا مشہور مندر توڑا۔ جو رجپوت جی سے اکبر کی چاکری کرتے تھے

+ تاریخ تولد عالمگیر آفتاب عالمتاب سنہ ۱۰۲۸ ہجری

تاریخ جلوس عالمگیر آفتاب عالمتابم سنہ ۱۰۶۸ ہجری

تاریخ وفات عالمگیر آفتاب عالمتاب من سنہ ۱۱۱۸ ہجری

اُنھین نے اسکا مقابلہ کیا - مرہٹون کا جی بڑھ گیا وقت پاکر یہی مسلمانون کی سلطنت کے زوال کا بہت بڑا سبب ہوا - آدمی کا دل بھی خدا نے کیسا بنایا ہی باپ کو قید کرکے اور بھائیون کو مار کے تخت پر بیٹھا - اسمین کچھ گناہ نہ سمجھا - اور مرتے دم لکھ گیا کہ ٹوپیان سی کر جو مین بیچتا تھا اُس مین کا ساڑھے چار روپیہ باقی ہے وہی میرے کفن مین خرچ کرنا - اور قرآن لکھکر جو مین نے ۸۰۵ روپیہ جمع کیا ہی اُسے فقیرون کو بانٹ دینا - گویا اسی بات سے وہ نیکی کا جھنڈا بن گیا - جو ہو مرتے وقت اُسکے جی مین بڑا پچھتاوا اٹھا اپنے لڑکے کام بخش کو لکھتا ہی مین نے بڑے گناہ کیے ہین دیکھا چاہیئے کیا سزا ملتی ہی - موت دن پر دن نزدیک آتی جاتی ہے -

جمیلی کریری نے اورنگ زیب کو ۸۷ برس کی عمر مین دیکھا تھا - لکھتا ہی کہ قد ناٹا تھا بدن دُبلا پیٹھ جھکی ہوئی ناک لمبی داڑھی گول بالکل سفید سادا کپڑا پہنے پگڑی مین ایک بڑا سا پنا لگائے چھڑی کے سہارے سے اپنے امیرون کے درمیان کھڑا لوگون سے عرضیان لیکر بے چشمے آپ پڑھتا اور اُن پر حکم لکھتا جاتا تھا اور چہرہ اُسکا اس کام مین بہت خوش معلوم ہوتا تھا -

بہادر شاہ

اورنگ زیب کے تین لڑکے تھے اعظم معظم اور کام بخش
یہان لشکر مین تو اعظم تخت پر بیٹھا - اور وہان کابل مین معظم نے
تاج بادشاہی کا سر پر رکھا - آخر آگرے کے پاس دونون مین بڑی
سخت لڑائی ہوئی اعظم مارا گیا - معظم بہادر شاہ کے نام سے
ہندوستان کا بادشاہ ہوا - کام بخش بھی دکھن مین اس سے لڑکر
ایسا گھائل ہوا کہ اُسی دن دنیا سے سدھارا - اعظم نے دکھن سے
معظم کے مقابلے کو آتے وقت ساہو کو صلح کے وعدے پر قید سے
چھوڑ دیا تھا - اور پھر وہان کے صوبہ دار نے اُسے چوتھ دینے مین
کچھ حجت تکرار نہ کی اسلیئے بہادر شاہ کو دکھن کی طرف سے خاطر جمعی
رہی لیکن آتر مین تردد کا ایک نیا سامان پیدا ہوا -

پندرھوین صدی مین کبیر کی طرح نانک شاہ نے سکھون کا ایک
نیا مذہب نکالا - غرض اُسکی شاید یہ تھی کہ ہندو مسلمان ایک ہوجاوین
مسلمانون کو یہ بہت بُرا لگا اکبر کے بعد سال ہی کے اندر اُنکے
گرو کو مار ڈالا - تب تو سکھ بگڑے - مسلمانون کو ملانے کے
بدل اُنکی ناش کرنے پر مستعد ہو گئے - چاہے جتنے کاٹے مارے گئے
پر بادشاہی علاقون مین بکھیڑا اُٹھانے سے باز نہ رہے - جب فوج جاتی

پہاڑون مین بھاگ جاتے - جب قابو پاتے پھر لوٹ مار مچاتے
انکا دسوان گرو گوبند سنگھ جو سنہ ۱۶۷۵ع مین گدی پر بیٹھا
بڑا نامی اور حوصلے والا ہوا - پر تب تک جماعت کی کمی کے سبب
انکا ستارہ چمکنے نہ پایا - آخر وہ کسی اپنے دشمن کے ہاتھ سے
ناندیر مین مارا گیا -

بندا اب ان سکھون نے سرہند کے حاکمون کو شکست دیکر
وہ شہر لوٹا اور پھونکا اور قتل کیا - اور سہارنپور تک ہر طرف
غدر مچادیا -

بہادر شاہ کو انکے مقابلے کے لیئے آپ جانا پڑا لیکے پھر
پہاڑون مین بھاگ گئے بہادر شاہ لاہور پہونچ کر ۷۱ برس کی عمر مین
دنیا سے سدھارا - یہ پورے پانچ برس بھی بادشاہی نہین
کرنے پایا -

سنہ ۱۷۱۲ع

جہاندار شاہ

لیکن اسکا بڑا بیٹا جہاندار شاہ تخت پر بیٹھنے سے سال ہی بھر
کے اندر مارا گیا اس نے ایک کسبی رکھ لی تھی اُسکے رشتہ دارون کا
درجہ سب سے اوپر کردیا یہ بات دربار والون کو بہت
بُری لگی - جب اس کا بھتیجا فرخ سیر بنگالے سے چڑھ کر آیا

اور یہ آگرے کے پاس ایک بھاری لڑائی مین شکست کھاکر دلی کو بھاگا - اسی کے وزیر ذوالفقار خان نے اِسے پکڑکر فرخ سیر کے حوالے کر دیا فرخ سیر نے دونون کی جان لی اور آپ تخت پر بیٹھا -

سنہ ۱۷۱۳ع

فرُخ سیر

فرُخ سیر نے راجہ اجیت سنگھ جودھپور والے کی لڑکی کے ساتھ شادی - بڑی دھوم دھام سے کی -

سکھون نے پھر سر اُٹھایا - لیکن بادشاہی فوج نے اُنھین پھر جا دبایا - بہتون کو کاٹا مارا - اور اُنکے سردار بندے گرو کو بھی - آدمیون کے ساتھ پکڑ کر دلی بھیجدیا - اور تو سب بھیڑ کی کھال پہنا کر اونٹون پر سارے شہر مین گھومنے گئے اور پھر سات دن تک قتل ہوتے رہے لیکن بندے کو تاش کا جامہ پہنا کر لوہے کے پنجرے مین بند کیا - اُسکے گرد بھالون پر اُسکے ساتھیون کے سر تھے ایک بلی اُس نے پالی تھی اُسے بھی مار کر ایک بھالے سے لٹکا دیا - جلاد ننگی تلوار لیے سامنے کھڑا تھا - اُسکے بالک لڑکے کو اُسے دے کر کہا کہ تو ہی اپنے ہاتھ سے مار ڈال اور جب اُس نے انکار کیا تو جلاد نے اسی کے سامنے اُس بیچارے بے گناہ بچے کو ذبح کر کے اُسکا کلیجہ

اُسکے باپ کے اوپر پھینکا اور پھر گرم چمٹون سے نوچ نوچ کر اُسے بھی ٹکڑا ٹکڑا کر ڈالا - یہ سب سکھ بڑی جوانمردی سے مرے - اور اپنے مذہب سے ذرا نہ ڈِگے —

فرّخ سیر کو بادشاہ ہونے سے پہلے الہ آباد کے صوبہ دار سید عبد اللہ اور بہار کے صوبہ دار سید حسین علی ان دونون بھائیون سے بہت مدد ملی تھی اسی لیے پہلے کو وزیر اور دوسرے کو امیر الامرا مقرر کیا - لیکن دونون مین فرق پڑ گیا - بادشاہ کو اُنکی طرف سے کھٹکا تھا اور اُنکو بادشاہ کی طرف سے نہ بادشاہ مین اتنی عقل تھی کہ اُنھین اپنا خیر خواہ بنا لیتا اور نہ اتنی جرأت کہ اُنھین دور کر دیتا - ندان ان سیدون نے فرّخ سیر کی جان لی اور جب رفیع الدرجات اور رفیع الدولہ دونون شاہزادے جنکو اُنھون نے تخت پر بٹھایا تھا چار ہی چار مہینے کے اندر اس دنیا سے اُٹھ گئے تو اُنھون نے روشن اختر نام اورنگ زیب کے ایک پوتے کو تلاش کر کے تخت پر بٹھایا جہاندار شاہ اور فرّخ سیر نے اتنے شاہزادون کو قتل کر ڈالا تھا کہ صرف محلون مین جو چھپے چھپائے بچ رہے تھے وے ہی ضرورت کے وقت تلاش کر کے نکالے جاتے تھے -

سنہ ۱۷۱۹ء

محمّد شاہ

روشن اختر نے تخت پر بیٹھ کر اپنا لقب محمد شاہ رکھا ۞

۞ تاریخ جلوس محمد شاہ سریر آرائے جاہ و دولت سنہ ۱۱۳۱ھ —

لیکن ان سیدون سے وہ بھی بیزار تھا - کٹھ پتلی کی طرح کب کوئی آدمی
کسی دوسرے کے ہاتھ مین رہنا پسند کرتا ہی پر اُن سے چھٹکارا پانے
کی کوئی صورت نہین دکھتا تھا - سیدون کے دشمنون نے جو بادشاہ
کی مرضی معلوم کی آپس مین اُنکے مار ڈالنے کا ایکا کیا جین قلیج خان آصف جاہ
جسکا باپ غازی الدین اورنگ زیب کے نامی تورانی سردارون
مین تھا - اور جسکی اولاد مین اب تک حیدر آباد کی نوابی چلی آتی ہے
دکن مین بادشاہ تو نام کا تھا ان سیدون سے بگڑ گیا تھا
اسی لیے حسین علی بادشاہ کو لیکر فوج سمیت دکھن کو روانہ
ہوا - اور عبداللہ کو دلی مین چھوڑا - پر راستے مین ایک قلماق†
نے عرضی دینے کے بہانے پالکی کے پاس آکر اُسے ایسا
ایک خنجر مارا - کہ وہ لوتھ ہوکر باہر گر پڑا - محمد شاہ دلی کو مڑا
عبداللہ نے نکل کر مقابلہ کیا - راجہ جوڑا من جاٹ اُس کے ساتھ
تھا - پکڑا گیا - آصف جاہ کو بادشاہ نے وزیر کیا - لیکن جس نے
اورنگ زیب کا دربار دیکھا تھا بھلا وہ محمد شاہ سے عیاش
بادشاہ کے پاس کب ٹھہر سکتا تھا - مہر تو محمد شاہ کے محلون مین رہتی تھی
اور رچھو کرے مصاحبی کرتے تھے دن رات عیش سے کام تھا

† تاتار کی ایک قوم کا نام ہے -

بادشاہی کا تو خالی ایک نام تھا - وزارت سے استعفا دیکر دکھن کو
اپنی حکومت پر چلا گیا - نذرانہ ہمیشہ بھیجتا رہا لیکن اور کسی بات مین
دلی کے دربار سے کچھ علاقہ نہ رکھا - مرہٹون کا زور اِس عرصہ مین
بہت بڑھ گیا تھا - نربدا تک اُنھین کا ڈنکا بجتا تھا ساہو نے
بالاجی وشواس ناتھ کو جو کوکن مین کسی گانوُن کا پشتینی پٹوار ہی تھا
پیشوا بنایا - اُس کا بیٹا باجی راؤ ✣ پیشوا بڑا حوصلے والا ہوا اُس نے
دیکھا کہ دلی کی سلطنت مین اب کچھ دم باقی نہ رہا - اور مرہٹون کو
بے لوٹ مار چین پڑنا یا سپاہگری مین درست رہنا کٹھن ہوگا فوج
نربدا پار اُتار دیا - اور مالوہ بندیل کھنڈ لوٹتا پاٹتا عین دلی کے
دروازے پر ڈیرہ آڈالا - پر دلی لینی یا بادشاہ کو چھیڑنا اُسے منظور
نہ تھا - اور اُدھر سے آصف جاہ نے بھی دلی کی طرف کوچ کیا تھا
ندان باجی راؤ پھر دکھن کی طرف مڑ گیا - ملک پر چمبل تک اپنا قبضہ رکھا
ملہار راؤ ہلکر اور رانا جی سیندھیا دونون اُسکے تحت مین بڑی بڑی فوجون پر
حکم چلاتے تھے اور بھاری بھاری مُہین سر کرتے تھے - کہتے ہین
کہ ملہار راؤ ہلکر گڈریے کا لڑکا تھا اور کسی وقت مین بھیڑ بکریان
چراتا تھا - اور سیندھیا بھی پہلے خدمتگارون مین نوکر رہا تھا

✣ یہ باجی راؤ وہ نہین ہی جو بٹھور مین مرا -

نادر شاہ کون تھا اور کس طرح ایران کا بادشاہ ہوا یہ ایران کی تواریخ سے علاقہ رکھتا ہی یہان ہکو اتنا ہی لکھنا چاہیے کہ کچھ قندھاری افغان اُس سے پھر کر کابل کی طرف چلے آئے تھے اور جب اُس نے اُن کی گرفتاری کے لیے محمد شاہ کو لکھا تو یہان سے کچھ بھی جواب نہ گیا۔ اور پھر تاکید کے لیے جب اُس نے دوسرا ہرکارہ روانہ کیا تو وہ پہاڑون مین افغانون کے ہاتھ سے مارا گیا؛ اسی پر خفا ہو کر اُسنے ہندوستان پر چڑھائی کر دی۔ اصل بات یہ ہی کہ اگر کوئی سونے کی کھان بے مالک اور بے پہرے چوکی پڑی ہو تو وہ کون ہی جس کا جی اُس پر ہاتھ ڈالنے کو نہ چاہے؟ جب دلی مین خبر پہونچی کہ نادر شاہ یہان کے حاکمون کو شکست دیتا سندھ ندی پار اُتر آیا اور جیسے کوئی باز بٹیر پر گرتا ہی بڑھا ہی چلا آتا ہی بڑی گھبراہٹ پڑ گئی۔ محمد شاہ کا حال واجد علی شاہ لکھنؤ کے بادشاہ سے بھی جو ملک کھو کر کلکتے مین تشریف رکھتے ہین بدتر تھا۔ ہمارے پاس اُس وقت کے ایک سیلے کی تصویر موجود ہی اُسی کو دیکھنا محمد شاہ کا سارا زمانہ دیکھ لینا ہی وہ اُس سیلے کی تصویر ہی جو محمد شاہ نے مہادیو کا کیا تھا واجد علی شاہ کے جوگی جوگن والے سیلے کا بھلا اُسکے سامنے کیا رتبہ تھا

اُس مین ننگے مرد اور ننگی عورتین اس طرح پر بنائی ہین کہ ہرگز بیان نہین کرسکتے شرم دامنگیر ہی ندان جو کچھ ٹوٹی پھوٹی سڑی گلی فوج بہم پہونچی اکٹھا کرکے کرنال پہونچا۔ آصف جاہ اور سعادت خان دونون ساتھ تھے سعادت خان پہلے تو خراسان کا ایک سوداگر تھا لیکن اب سرداری کرتا تھا۔ لکھنؤ کے بادشاہ اسی کی بیٹی کی اولاد مین ہین کرنال مین نادرشاہ سے لڑائی ہوئی بھلا کہان نادرشاہ کے منجھے ہوے جرار سپاہی اور کہان محمدشاہ کی گڑیان مرہٹون سے تو کچھ بس چلتا ہی نہ تھا نادرشاہ سے کب کھیت ہاتھ لگتا تھا۔ شکست کھائی۔ علاج کچھ باقی نہ رہا سردارون سمیت نادرشاہ کے پاس جاکر حاضر ہوا نادرشاہ نے بڑی عزت اور خاطرداری کی۔ دونون بادشاہ مل کر دلی کے قلعے مین داخل ہوے۔ اور اسی مین ایک ساتھ رہنے لگے پر دوسرے ہی دن شہر والون نے افواہ اڑا دیا کہ نادرشاہ مرگیا اور بدمعاشون نے اُسکے ساتھ والون کو جو شہر مین تھے قتل کرنا شروع کیا۔ نادرشاہ نے بہتیرا چاہا کہ بلوہ دب جاوے۔ اور خونریزی نہونے پاوے۔ بلکہ صبح ہوتے ہی خود گھوڑے پر سوار ہو کر نکلا۔ اور لوگون کو فہمائش کرنے لگا۔ لیکن جب ہر گلی کوچے مین اپنے

سپاہیون کی لاشین پڑی ہوئی دیکھین اور ہر طرف سے پتھر اور ڈھیلے خود اُسپر پڑنے لگے خون جوش مین آیا۔ گھوڑے سے اُتر کر روشن الدولہ والی سنہری مسجد مین بیٹھ گیا اور قتل عام + کا حکم دیا۔ دو پہر سے اوپر قتل ہوئی۔ اور لاکھ سے اوپر آدمی مارے گئے کئی جگہ آگ بھی لگ گئی ‡ آخر محمد شاہ اپنے وزیرون سمیت سامنے آکر کھڑا ہوا۔ اور جب نادر شاہ نے بولنے کی اجازت دی تو محمد شاہ رو پڑا۔ نادر شاہ نے اُسی دم قتل کی موقوفی کا حکم دیا لیکن واہ رے حکم اس ظالم کا کہ اگر کسی نے کسی کی گردن پر کاٹنے کو تلوار رکھی تھی اور موقوفی یعنی امان کے حکم کی منادی کان مین پہونچ گئی۔ ترت اُٹھا لی +

نادر شاہ کو ہندوستان مین خالی دولت کا لالچ لایا تھا اُسے مال درکار تھا ملک سے کچھ بھی سروکار نہ تھا۔ جو کچھ زر جواہر مال اسباب بادشاہی خزانے مین موجود تھا اور جہان تک سردار اور شہر والون سے ہاتھ لگ سکا لے لوا کر ۵۸ دن رہنے کے بعد

+ تاریخ نادر شاہی دلّی خراب شد سنہ ۱۱۵۱ ہجری۔

‡ اس کتاب کے مؤلف کے پردادا راجہ ڈال چند کے دو بھائی اسی نادر شاہی مین مارے گئے۔

دلی سے پھر اپنے ملک کی طرف چلا گیا - کہتے ہین کہ اُسکو یہان ستر کڑوڑ سے اوپر اِس لوٹ کا مال ہاتھ لگا سات کڑوڑ کا تو نرا ایک تخت طاؤس تھا - نادر شاہ نے لوگون سے روپیہ لینے مین بڑی زیادتی کی بڑے بڑے عزت دارون کو کوڑون سے پٹوایا - بہتیرون نے اِس خوف سے زہر کھا لیا -

نذان سندھ ندی پار تو نادر شاہ نے سب علاقہ پر اپنا قبضہ رکھا اور سندھ وار کا ملک محمد شاہ کو چھوڑ دیا -

ایک تواریخ والا یہ بھی لکھتا ہی کہ نادر شاہ کو ہندوستان مین آصف جاہ اور سعادت خان نے ملکر بُلایا تھا - اور اُنھین کی دغابازی سے محمد شاہ نے شکست کھائی لیکن اسکا کچھ پکا ثبوت نہین ملتا -

کچھ دنون پیچھے جب نادر شاہ اپنے ملک مین بلوائیون کے ہاتھ سے مارا گیا * - اُسکے سردارون مین سے احمد خان ابدالی جسے لوگ اب احمد شاہ دُرّانی کہتے ہین قندھار کا بادشاہ بن بیٹھا - اور بلخ سندھ کشمیر پر صبر نہ کرکے رُخ ہندوستان کی جانب پھیرا اور لاہور لیتا ہوا سرہند مین آ داخل ہوا - لیکن وہان بادشاہی

* تاریخ وفات نادر شاہ فی النار والسقر مع البد والبدر سنہ ۱۱۶۰ ہجری -

فوج سے شکست کھاکر پنجاب کے صوبہ دار سے کچھ خراج ٹھہراتا ہوا اپنے وطن کو مڑ گیا — | سنہ ۱۷۴۷ء

تھوڑے ہی دنون بعد محمد شاہ ✦ اس دنیا سے سدھارا — اُسکا ولیعہد احمد شاہ تخت پر بیٹھا — | سنہ ۱۷۴۸ء

احمد شاہ

اس نے سعادت خان کے داماد صفدر جنگ کو وزیر بنایا لیکن صفدر جنگ کی آصف جاہ کے پوتے غازی الدین سے لاگ پڑ گئی اور دربار کے سب لوگ غازی الدین کی طرف تھے نت دلی کے گلی کوچون مین طرفین کے آدمیون سے دنگا فساد ہونے لگا اور خانہ جنگی کا بازار خوب ہی گرم ہوا — اس سبب سے صفدر جنگ وزارت سے استعفا دیکر اودھ کی طرف اپنی صوبہ داری پر چلا گیا — لیکن بادشاہ کی میزان غازی الدین سے بھی نہین پٹی جب وہ جاٹون کے قلعے بھرتپور اور ڈیگ سے لڑ رہا تھا بادشاہ شکار کے بہانے اُسپر فوج لیکر چڑھا — غازی الدین نے بیچ ہی مین بادشاہ کو پکڑوا کر مان سمیت اُسکی آنکھین نکلوا لین اور جہاندار شاہ کے بیٹے کو تخت پر بٹھلا کر

✦ اس کتاب کے مؤلف کے پردادا کے چچیرے بھائی فتح چند کو اسی جگت سیٹھی کا خطاب دیا تھا —

سنہ ۱۷۵۴ء اُسکا لقب عالمگیر ثانی رکھ دیا۔

عالمگیر ثانی

اس بادشاہ کے تخت پر بیٹھنے کے تھوڑے ہی دنون بعد غازی الدین اُس صوبہ دار کی بہن سے جو احمد شاہ دُرّانی کی طرف سے پنجاب مین تھا شادی کرنے کے بہانے سے لاہور مین گھس گیا۔ اور اُسکی مان کو اپنے لشکر مین قید کرا لیا۔ احمد شاہ درّانی اس خبر کو سنتے ہی آگ بگولا

سنہ ۱۷۵۶ء بن گیا۔ اور فوراً اپنی فوج لیکر ہندوستان پر چڑھ دوڑا اور سیدھا دلّی چلا آیا۔ غازی الدین نے اس عرصے مین صوبہ دار کی مان کو بھی چھوڑ دیا اور خود بھی احمد شاہ درّانی کے حضور مین حاضر ہوا لیکن بے کچھ لیے وہ کب پھرتا تھا اس نے لوگون سے روپیہ وصول کرنے مین نادر شاہ سے بھی زیادہ سختی اور زیادتی کی اُدھر شجاع الدولہ سے روپیہ وصول کرنے کو اُس پر فوج بھیجی اِدھر جاٹون سے روپیہ وصول کرنے کو آپ چڑھا پہلے بلم گڈھ والونکو قتل کیا اور پھر متھرا مین قتل عام کیا دن میلے کا تھا بیچارے بہتیرے جاتری مرد عورت لڑکے بالے بے گناہ کاٹے گئے موسم گرمیون کا آ گیا تھا اسی سبب جو کچھ ہاتھ لگا لے لوا کر پھر اپنے وطن کو پھلتا ہوا چلتے وقت بادشاہ نے اُس سے یہ کہا کہ آپ مجھکو

غازی الدین کے ہاتھ مین نہ چھوڑ جائے اسلیے وہ نجیب الدولہ رہیلے کو اپنی طرف سے سپہ سالار مقرر کر گیا۔ جب غازی الدین بے قابو ہوا اُس نے اپنی مدد کے لیے مرہٹون کو بُلایا۔ باجی راؤ کے تین بیٹے تھے بالاجی راؤ رگھناتھ راؤ اور ایک مسلمانی کے پیٹ سے شمشیر بہادر باجی راؤ کے مرنے پر بالاجی راؤ پیشوا ہوا اور شمشیر بہادر کے ہاتھ مین بالکل بندیلکھنڈ رہا باندے کے نواب اسی شمشیر بہادر کی اولاد مین ہوئے۔

پرسوجی بھوسلا ستارے کے گرد نواح کا رہنے والا پہلے تو سوارون مین نوکری کرتا تھا۔ لیکن ساہو نے درجہ بڑھا کر اُسے برار کا حاکم بنا دیا اب اُسکا چچیرا بھائی رگھوجی اُسکی جگہ پر بیٹھکر پیشوا سے خار کھاتا تھا۔ جب رگھوجی نے اپنے منتری بھاسکر پنڈت کو بنگالہ لوٹنے کے لیے بھیجا۔ بادشاہی اہلکارون نے قابو نہ چلتا دیکھکر پیشوا کو اسکے مقابلے کے لیے اُبھارا۔ یہ فوراً مرشدآباد پہونچا۔ اور اُسوقت تو جو کچھ قرار ہوا تھا لیکر بنگالہ بھاسکر سے بچا دیا۔ لیکن جب دوسری دفعہ بھاسکر نے بنگالہ مین لوٹ مار مچائی اور پیشوا سے کچھ مدد نہ پائی۔ صوبہ دار نے فریب دے کر بھاسکر کو ملاقات کے لیے بُلایا۔ اور ملاقات کے وقت اُسکا کام ہی تمام کر ڈالا۔ آخر رگھوجی کو کٹک کا علاقہ دیکر بنگالے کی آمدنی

سنہ ۱۷۴۳ع

سے بھی چوتھ کے نام سے کچھ سالانہ مقرر کرنا پڑا۔ ندان ادھر بھی سمندر تک مرہٹون کا قدم آگیا۔

سنہ ۱۷۴۹ع

ساہو بے اولاد مرا راجہ رام کی بیوہ عورت تارا بائی ابتک جیتی تھی بالاجی راؤ نے اپنا مطلب گانٹھنے کے لیے اس سے کہلا دیا کہ مین نے ایک اپنا پوتا رام راجہ چھپا رکھا ہو اور ساہو سے مرتے وقت ایک کاغذ لکھوا لیا کہ نام کو تو راج سیواجی کے خاندان مین رہے۔ پر کام بالکل راج کا پیشوا کرے۔ ندان رام راجہ ستارے مین رہا۔ اور پیشوا کا دربار پونا مین جما۔

غازی الدین کی مدد کے لیے پیشوا کا بھائی رگھناتھ راؤ آیا۔ مہینے بھر تک دلی کا قلعہ گھرا رہا۔ بادشاہ نے اپنے ولیعہد علی گہر کو تو جان بچانے کے لیے پہلے سے کسی طرف کو بھیجدیا تھا اب نجیب الدولہ کو بھی بھاگنا پڑا۔ بادشاہ نے قلعہ کا دروازہ کھلوا دیا غازی الدین کو پھر وزارت کا اختیار ملا۔

احمد شاہ درانی اپنے لڑکے تیمور شاہ کو پنجاب مین چھوڑ گیا تھا جب رگھناتھ راؤ نے دلی سے فرصت پائی قابو غنیمت سمجھ کر پنجاب پر بھی قبضہ کیا۔ ادھر ہٹون کا نشان کٹک سے اٹک تک پہونچا دیا۔ ہمالے سے سمندر تک انھین کا ڈنکا بجتا تھا۔ اور سارے ہندوستان پر انھین کا

حکم چلتا تھا۔ جو تھا انھین کی خوشآمد کرتا تھا۔ اور جو آفت مین پڑتا تھا انھین سے مدد مانگتا تھا۔ رگھناتھ راؤ تو کسی مرہٹے کو پنجاب کی حکومت پر چھوڑ کر دکھن کو چلا گیا۔ اور احمد شاہ دُرّانی نے یہ خبر سنکر پھر ہندوستان پر چڑھائی کیا۔ مرہٹے اُسکے سندھ ندی پار اُترتے ہی پنجاب چھوڑ بھاگے اور وہ فراغت سے اپنی فوج لیے سہارنپور کے سامنے جمنا اُترا۔ غازی الدین نے اُسی دم بادشاہ کے مارڈالنے کا حکم دیا اور آپ جاٹون کی عملداری مین چلا گیا۔ غازی الدین کے آدمیون نے بادشاہ کو چھریون سے مار کر جمنا کی ریت مین ڈالدیا۔ بدمعاشون نے وہان اُسکا کپڑا تک اُتار لیا۔

پیشوا کو جب یہ حال معلوم ہوا بڑی دھوم دھام کا لشکر احمد شاہ دُرّانی کے مقابلے کو روانہ کیا اُسکا چچیرا بھائی سداشیو راؤ بھاؤ اُس لشکر کا سردار تھا۔ اور اُس کا بیٹا بشواس راؤ بھی ساتھ تھا۔ راستے مین بہت سی فوجین رجپوتون کی آملی تھین اور چوراملن کی اولاد مین راجہ سورج مل کے ساتھ ۳۰ ہزار جاٹ بھی شامل تھے اُس بڈھے نے بھاؤ کو صلاح دی کہ آپ اسباب اور توپخانہ پیدل سپاہیون کے ساتھ میرے قلعے مین رکھدیجیے۔ اور خالی سوارون سے اپنی قوم کے دستور بموجب دشمن کو تنگ کیجیے۔ بھاؤ گھمنڈ مین ڈوبا تھا اُسنے صلاح

پر کچھ بھی خیال نہ کیا۔ سورج مل + تھوڑے ہی دنون بعد دلی کے ڈیرون سے جدا ہو کر اپنے علاقہ کو چلدیا۔

احمد شاہ دُرّانی انوپ شہر مین چھاؤنی ڈالے ہوے تھا۔ دلّی مین کچھ تھوڑے سے سپاہی چھوڑ رکھے تھے اُنسے مرہٹون کا مقابلہ نہ ہو سکا۔ بھاؤ نے وہان بہت زیادتی کی۔ دیوان خاص مین جو چاندی کی چھت لگی تھی بالکل اُکھاڑلی۔ مسجد اور مقبرون کو بھی لوٹ پاٹ اور توڑ پھوڑ سے باقی نہ چھوڑا۔ وہ تو بشواس راؤ کو تخت پر بٹھانا چاہتا تھا لیکن پھر صلاح یہی ٹھہری کہ احمد شاہ دُرّانی کا کام تمام ہو لینے دو بھاؤ دلی سے کنج پوری کی طرف گیا۔ احمد شاہ دُرّانی نے بھی انوپ شہر سے کوچ کیا بھاؤ نے اپنے مورچے پانی پت مین قائم کیے ستر ہزار تو اسکے ساتھ سوار تھے اور دو سو توپ بھیڑ سمیت مورچون کے اندر تین لاکھ آدمی سے ہرگز کم نہ تھے۔ اُس مین نو ہزار آدمی ابراہیم خان گاردی کی تحت مین پلٹن کے سپاہی تھے۔ انگریزونکی دیکھا دیکھی اب یہان والے بھی پلٹن رکھنے لگے تھے۔ احمد شاہ دُرّانی کے ساتھ ترپن ہزار سوار اور اڑتیس ہزار پیدل سپاہی تھے لیکن توپین تیس ہی تھین اُس نے بھی

+ بھرت پور کے راجہ اسی کی اولاد مین ہین۔

مورچے قائم کیے رسد کی دونون طرف تکلیف تھی۔ چھیڑ چھاڑ ہمیشہ آپس مین چلی جاتی تھی۔ پر یہ جگرا کسی کا نہ ہوتا تھا کہ ایک دوسرے کے مورچون پر ہلا کر دے۔ ہندوستانی رئیسون نے جو احمد شاہ دُرّانی کی طرف تھے اُس سے بہت کہا کہ آپ ہلا کر دیجیے لیکن اُسنے یہی جواب دیا کہ یہ معاملہ لڑائی کا ہے آپ لوگ اِس سے نامحرم ہین اور بات مین جو چاہیے سو کیجیے۔ لیکن اِسکو میرے بھروسے پر چھوڑ دیجیے۔ سچ ہی طبلے سارنگی کا معاملہ ہوتا تو یہ محرم ہوتے لڑائی کا بھید دلّی لکھنؤ والے کیا جانین اُسنے ایک چھوٹا سا لال خیمہ اپنے مورچون کے آگے کھڑا کر رکھا تھا۔ اسی مین صبح کو نماز پڑھنے کے لیے اور شام کو کھانا کھانے کے لیے آتا تھا باقی دن بھر گھوڑے پر سوار فوج مین گھوما کرتا تھا۔ ہندوستانی رئیسون سے کہتا کہ آپ مزے سے پیر پھیلا کر سویئے اگر آپ کا بال بھی بیکا ہو تو میرا ذمہ لیکن تعریف ہو اِس بات کی کہ اُس کا حکم اُسکے لشکر مین قضا کے حکم کی طرح مانا جاتا تھا مقدور کیا کہ وہ حکم دے۔ اور پھر کوئی بے اُسے کیے سانس لے سکے۔ شجاع الدولہ احمد شاہ دُرّانی کی طرف تھا اسی کی معرفت بھاؤ نے صلح کا پیام بھیجا تھا۔ لیکن احمد شاہ دُرّانی

نے یہی جواب دیا کہ مین تو مدد کو آیا ہون صرف لڑنے کا مالک
ہون صلح کرنے کے مالک ہندوستانی رئیس ہین ہندوستانی رئیسونکی
مرضی تھی کہ صلح ہوجاوے لیکن نجیب الدولہ نے نہین مانا اُس نے
یہی کہا کہ اگر بے مرہٹون کا زور توڑے احمد شاہ دُرّانی چلا جاویگا۔ تو پھر
ہم سب کا کہین پتہ بھی نہین لگے گا۔ ادھر مرہٹون نے بھاؤ کا
ڈیرہ گھیرا۔ اور واویلا مچایا کہ بھوکون مرنے سے تو لڑ کر مرنا بہتر ہے
بھاؤ کو وعدہ کرنا پڑا۔ کہ کل صبح کو ضرور لڑون گا سب نے
پیٹھ نہ دکھانے کی قسم کھائی او بیڑا لے لے کر رخصت ہوے
بھاؤ نے پھر شجاع الدولہ کو لکھا کہ اب پیالہ پُر ہوگیا۔ بوند بھر
بھی سمانے کی جگہ نہین جو کرنا ہو جھٹ پٹ کرو۔ نہین تو یہی آخری
پیام سمجھو۔ شجاع الدولہ کا منشی پہر رات رہے اس خط کو
پڑھ کر سناہی رہا تھا کہ مخبرون نے مرہٹون کے تیار ہونے
کی خبر دی شجاع الدولہ نے اُسیوقت جاکر احمد شاہ دُرّانی کو جگایا
وہ ڈیرے مین سے تیار نکلا۔ اُسیدم گھوڑے پر سوار ہوکر دشمن کی
طرف چلا۔ اور فوج کو ساتھ آنے کا حکم دیا۔ جب اندھیرا
دُور ہوا دیکھا کہ مرہٹون کی ساری فوج توپخانہ آگے کیے ہوے
جھنڈے اُڑاتی ڈنکے بجاتی ہر ہر پکارتی جمی قدمون سمندر کی طرح

اُمڈی چلی آتی ہی لیکن توپین جو اُنکی چھٹتی تھین گولے بالکل افغانون کے سر پر سے پار چلے جاتے تھے۔ لگتے کسی کو بھی نہین سکتے آخر ابراہیم خان گاردی نے جھنک کے بھاؤ کو سلام کیا اور کہا کہ آپ ہمیشہ جب مین اپنے سپاہیونکی تنخواہ کا تقاضا کرتا تھا بُرا ملنتے تھے لیکن اب آج انکا تماشا دیکھیے اور یہ کہکے جھنڈا ہاتھ مین لے لیا۔ اور اپنے سپاہیون کو حکم دیا۔ کہ بندوقین بند کردین۔ اور سنگینون سے دشمن پر ہلّا کردین۔ روہیلون کو اُنسے بہت نقصان پہونچا۔ ٹھہر نسکے اُنکے ہٹنے سے احمدشاہ دُرّانی کا وزیر سامنے پڑگیا۔ اور ادھر سے بھاؤ اور بشواس راؤ نے بھی چنے ہوئے آدمی لیکر اُسپر ہلّا کیا۔ وزیر کا بھتیجا عطائی خان اُسکے برابر ہی مارا گیا اور ساتھی بھی بھاگنے لگے تھے لیکن وہ گھوڑے سے نیچے اُتر پڑا۔ اور اس بات پر جی سے مستعد ہو گیا۔ کہ مرجاؤ۔ لیکن میدان نہین چھوڑتا۔ نداں وزیر کے مارے جانے مین کچھ باقی نہ رہا تھا کہ اسی عرصے مین احمدشاہ دُرّانی کچھ تازہ فوج لیکر اُس طرف آگیا۔ اس سبب سے لڑائی تھم گئی پر تو بھی غلبہ مرہٹون کی جانب تھا یہانتک کہ اُس نے اپنی فوج کو آگے بڑھنے کا حکم دیا۔ اور ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا۔ کہ جو جسے بھاگتے دیکھے۔ ترت اُسکا سر کاٹ ڈالے

اور کچھ کسی قدر سپاہ جو بائین بازو پر تھی اُسے موڑ کر بغل سے
مرہٹون پر بھیجی - اس حکمت نے کام کر دیا بھاؤ اور بشواس راؤ
لڑتے ہی رہے فوج ساری سپنا ہو گئی - میدان مین مردون کے
ڈھیر البتہ دکھائی دیتے تھے - افغانون نے دس کوس تک
مرہٹون کا پیچھا کیا زمیندار بھی مرہٹون کی جان نہین چھوڑتے تھے
اور جب جیتے ہاتھ لگتے تھے - ذبح کیے جاتے تھے - بائیس ہزار
لونڈی غلام بنائے گئے - اکثر نامی سردار اور درجے والے تھے
ابراہیم خان گاردی قید مین مرا - کہتے ہین کہ اُسکے زخمون مین زہر
بھر دیا تھا - بشواس راؤ کی تو لاش مل گئی پر بھاؤ کی لاش مین
شبہہ رہا - اسمین شک نہین کہ سب ملکر دو لاکھ آدمی سے اوپر
اس لڑائی مین مارے گئے مہاجی سیندھیا جس نے گوالیر کی ریاست
قائم کی جنم کو لنگڑا ہوا - ملہار راؤ ہلکر جسکے گھرانے مین اندور کی
ریاست چلی آتی ہی لڑائی کے شروع ہی مین بھاگ کے بچا اس سے
بڑھکر کبھی کسی فوج کو شکست نہین ملی اور اس سے بڑھکر
کسی شکست کے سبب ماتم بھی نہین پھیلا - سارے
دکھن مین گویا سیاپا بیٹھ گیا - اس دھکے سے پھر مرہٹون کا زور کبھی

۴ بعضے اسکو مہاجی بھی کہتے ہین -

نہین پورا اُبھرنے پایا - احمد شاہ دُرانی نے اس فتح سے کچھ فائدہ نہین اُٹھایا - اپنے وطن کی طرف چلا گیا - اور پھر کبھی ہندوستان کا کچھ خیال نہین کیا - شجاع الدولہ نے عالمگیر ثانی کے لڑکے عالی گہر کو بنگالے سے بلا کر تخت پر بٹھایا ۔

شاہ عالم

اُسنے اپنا لقب شاہ عالم رکھا - دلّی کا آخری مسلمان بادشاہ ہوا - آٹھ دس برس اس نے الہ آباد کی طرف کاٹے - دلّی والے نجیب الدولہ کی حکومت مین رہے - جب نجیب الدولہ مر گیا - بادشاہ مرہٹون کی مدد لیکر دلّی مین داخل ہوا - تھوڑے ہی دن نجف خان کی مختاری مین چین سے کاٹے تھے - کہ نجیب الدولہ کے پوتے غلام قادر نے جسکے باپ کو نجف خان نے بگاڑا تھا اپنے روہیلے قلعے کے دروازے پر لا جمائے - بادشاہ کو زمین پر ٹپک کر چھاتی پر چڑھ بیٹھا - اور اُسکی آنکھیں کٹار سے نکالکر باہر پھینک دین پھر قلعے کو خوب لوٹا - باقی کچھ نہ چھوڑا - بیگمون کے بدن سے کپڑا تک اُتروا لیا -

* تاریخ جلوس شاہ عالم فضل باری اسمہ ۱۱۷۳ ہجری تاریخ فوت شاہ عالم
آہ دریغا ۱۲۲۱ ہجری -

بعد ان اس واردات کی خبر جب مہاجی سیندھیا کو پہونچی فورًا دلی پر چڑھ آیا۔ اور غلام قادر کو پکڑ کر بڑی بری حالت سے مارا + جیسا اُسنے کیا تھا۔ ویسا ہی پھل پایا۔ سیندھیا نے بادشاہ کو ہر دیگی چمچہ سمجھکر قلعے مین بند کیا۔ اور باہر سب اپنا قبضہ رکھا بادشاہ بیچارہ بھوکون مرتا تھا۔ رعیت کا حال بھی پریشان تھا کہ اسی عرصے مین لارڈ لیک انگریزی فوج لیکر وہان پہونچ گیا بادشاہ کو پنشن مقرر کردی وہ چین سے اپنے دن کاٹنے لگا انگریزون کا مفصل حال دوسرے حصے مین لکھا جائیگا۔

سنہ ۱۸۰۳ع

+ ناک کان اور ہاتھ پیر کاٹ کر اور آنکھین پھوڑ کر غلام قادر کو ایک لوہے کے پنجرے مین بند کیا اور وہ اُسی مین تھوڑی دیر بعد تڑپ تڑپ کر مر گیا۔

فہرست دلی کے مسلمان بادشاہون کی

نمبر	پورا نام	مشہور نام	جلوس سنہ عیسوی	موت سے مرا یا مارا گیا	سنہ عیسوی	کیفیت
۱	قطب الدین ایبک	قطب الدین	۱۲۰۶	گھوڑے سے گر کر مرا	۱۲۱۰	شہاب الدین محمد غوری کا غلام تھا اسی نے مسلمانون کی سلطنت کی جڑ جمائی۔
۲	آرام شاہ	...	۱۲۱۰	...	...	نمبر ۱ کا بیٹا تھا ایک سال کے اندر تخت سے اُتارا گیا۔
۳	شمس الدین التمش	التمش	۱۲۱۰	موت سے مرا	۱۲۳۶	نمبر ۱ کا غلام اور داماد تھا نامی بادشاہ ہوا قطب منار بنایا چنگیز خان کی چڑھائی ہوئی۔
۴	رکن الدین فیروز شاہ	رکن الدین	۱۲۳۶	...	...	نمبر ۳ کا بیٹا تھا سات ہی مہینے مین تخت سے اُتارا گیا بڑا عیاش اور غافل تھا۔
۵	رضیہ سلطان بیگم	رضیہ	۱۲۳۶	ماری گئی	۱۲۳۹	نمبر ۳ کی بیٹی تھی عورت یہی یہان تخت پہ بیٹھی ہوشیار تھی۔
۶	معز الدین بہرام	بہرام شاہ	۱۲۳۹	قید مین مرا	۱۲۴۱	نمبر ۳ کا بیٹا تھا۔
۷	علاء الدین مسعود	مسعود شاہ	۱۲۴۱	مارا گیا	۱۲۴۶	نمبر ۴ کا بیٹا تھا بُرا بادشاہ تھا۔
۸	ناصر الدین محمود	...	۱۲۴۶	موت سے مرا	۱۲۶۶	نمبر ۳ کا بیٹا تھا نہایت نیک بادشاہ تھا۔
۹	غیاث الدین بلبن	بلبن	۱۲۶۶	موت سے مرا	۱۲۸۶	نمبر ۸ کا بہنوئی اور وزیر تھا بڑے دبدبے والا بادشاہ ہوگیا نیکنام تھا دلی بڑی رونق پر تھی۔

نمبر	پورا نام	مشہور نام	جلوس سنہ عیسوی	موت سے مرا یا مارا گیا	سنہ عیسوی	کیفیت
۱۰	معز الدین کیقباد	کیقباد	۱۲۸۶	مارا گیا . . .	۱۲۸۸	نمبر ۹ کا پوتا تھا غلاموں کی سلطنت کا آخری بادشاہ ہوا نہایت عیاش تھا —
۱۱	جلال الدین فیروز خلجی	جلال الدین خلجی . .	۱۲۸۸	مارا گیا	۱۲۹۵	سمانے کا نائب ناظم پٹھان سادا اور رحم دل تھا دکھن پر پہلا حملہ ہوا —
۱۲	علاء الدین خلجی	علاء الدین . . .	۱۲۹۵	موت سے مرا . .	۱۳۱۶	نمبر ۱۱ کا بھتیجا تھا بہت بڑا بادشاہ ہوا مزاج کا سخت تھا —
۱۳	قطب الدین مبارک شاہ	مبارک شاہ . . .	۱۳۱۶	ہندو غلام کے ہاتھ سے مارا گیا	۱۳۲۱	نمبر ۱۲ کا بیٹا تھا نہایت عیاش اور بدنام تھا دلی میں ہندوؤں کا کچھ دنوں زور رہا آخری خلجی بادشاہ ہوا —
۱۴	غیاث الدین تغلق	. . .	۱۳۲۱	کاٹھ کے مکان تلے دب کر مر گیا . . .	۱۳۲۵	پہلے پنجاب کا صوبہ دار تھا اچھا بادشاہ تھا کیقباد کا باپ قراخان ابتک بنگلے میں اپنے کام پر تھا —
۱۵	محمد تغلق	الغ خان . . .	۱۳۲۵	موت سے مرا	۱۳۵۱	نمبر ۱۴ کا بڑا بیٹا تھا بڑا بادشاہ بڑا سخی بڑا عالم بڑا بہادر بڑا اقبالمند بڑا بیوقوف بڑا ظالم بڑا سنکی بڑا پاگل تھا —
۱۶	فیروز تغلق	فیروز شاہ . . .	۱۳۵۱	موت سے مرا	۱۳۸۸	نمبر ۱۵ کا رشتہ میں بھائی تھا بہت اچھا نیکنام بادشاہ تھا بہت سی عمارتیں ہوئیں جمنا سے نہریں نکالیں —

۱۷	غیاث الدین تغلق	(دوسرا) ...	۱۳۸۸	مارا گیا	۱۳۸۹	نمبر ۱۶ کا پوتا تھا۔
۱۸	ابو بکر تغلق	...	۱۳۸۹	قید مین مرا ..	...	نمبر ۱۶ کا پوتا ایک سال کے اندر قید ہوا۔
۱۹	ناصر الدین محمد تغلق	ناصر الدین تغلق	۱۳۹۰	موت سے مرا ..	...	نمبر ۱۶ کا بیٹا تھا۔
۲۰	ہمایون تغلق سکندر شاہ ..	سکندر شاہ ..	...	موت سے مرا ..	۱۳۹۴	نمبر ۱۹ کا بیٹا تھا کل ۴۵ دن بادشاہ رہا۔
۲۱	ناصر الدین محمود تغلق ...	محمود تغلق ...	۱۳۹۴	موت سے مرا ..	۱۴۱۲	نمبر ۲۰ کا بیٹا تھا اس کے زمانے مین سنہ ۱۳۹۸ع مین تیمور آیا۔
۲۲	دولت خان لودی ...	...	۱۴۱۲	...	...	۱۵ مہینے بعد تخت سے اتارا گیا۔
۲۳	خضر خان سید	...	۱۴۱۳	موت سے مرا ..	۱۴۲۱	پنجاب کا حاکم تھا۔
۲۴	معز الدین ابو الفتح مبارک شاہ سید	مبارک شاہ سید	۱۴۲۱	مارا گیا	۱۴۳۴	نمبر ۲۳ کا بیٹا تھا۔
۲۵	محمد شاہ سید	...	۱۴۳۴	موت سے مرا ...	۱۴۴۶	نمبر ۲۳ کا پوتا تھا۔
۲۶	علاء الدین سید	...	۱۴۴۶	...	...	نمبر ۲۵ کا بیٹا تھا سنہ ۱۴۵۰ع مین دلی کی بادشاہی بہلول خان لودی کے حوالہ کر کے بداؤن چلا گیا بادشاہی نری دلی کے گرد و نواح مین رہ گئی تھی۔
۲۷	بہلول خان لودی ...	بہلول لودی ..	۱۴۵۰	موت سے مرا ..	۱۴۸۸	پنجاب کا حاکم تھا اچھا بادشاہ تھا عملداری بڑھی پنجاب اور جونپور شامل ہوا۔
۲۸	سکندر لودی	...	۱۴۸۸	موت سے مرا ..	۱۵۱۶	نمبر ۲۷ کا بیٹا تھا بڑا بادشاہ ہوا لیکن ہندوؤں کو بہت دکھ دیا فرنگیوں کا پہلا جہاز یہان اسی کے وقت مین آیا۔
۲۹	ابراہیم لودی	...	۱۵۱۶	مارا گیا	۱۵۲۶	نمبر ۲۸ کا بیٹا تھا بابر کی لڑائی مین مارا گیا۔

نمبر	پورا نام	مشہور نام	جلوس سنہ عیسوی	موت سے مرا یا مارا گیا	سنہ عیسوی	کیفیت
۳۰	ظہیر الدین محمود بابر	بابر شاہ . .	۱۵۲۶	موت سے مرا . . .	۱۵۳۰	تیمور کے خاندان مین تھا انگریزون کی عملداری تک اسی خاندان مین سلطنت رہی بابر بہت اچھا آدمی اور بہت اچھا بادشاہ تھا ―
۳۱	ہمایون شاہ	. . .	۱۵۳۰	گر کے مرا . . .	۱۵۵۵	نمبر ۳۰ کا بیٹا تھا شیر شاہ نے نکال دیا تھا ایران . . بادشاہ کی مدد لے کر آیا اور پھر ہندوستان کا بادشاہ ہوا ―
۳۲	شیر شاہ سور	شیر شاہ . . .	۱۵۴۰	کالنجر کے محاصرے مین میگزین اڑنے سے جھلس کر مر گیا . .		اس کا باپ حسن پٹھان سہسرام مین ۵۰۰ گھوڑون کا جاگیر دار تھا اچھے اور عقلمند بادشاہون مین گنا جاتا ہے ―
۳۳	سلیم شاہ سور	سلیم شاہ . .	۱۵۴۵	موت سے مرا	۱۵۵۳	نمبر ۲۳ کا بیٹا تھا نیکنام رہا ―
۳۴	محمد شاہ عدلی	عدلی	۱۵۵۳	. . .	. . .	نمبر ۳۲ کا چچیرا بھائی تھا بڑا نادان اور بدکار تھا لوگ اندھلی پکارتے تھے ―
۳۵	ابو المظفر جلال الدین محمد اکبر . .	اکبر شاہ . .	۱۵۵۶	موت سے مرا . .	۱۶۰۵	نمبر ۳۱ کا بیٹا تھا یہان کے مسلمان بادشاہون مین بیشک سب سے اچھا ہوا بلکہ دنیا کے اچھے اور عقلمند اور بڑے اور نامی بادشاہون مین گنا جاتا ہے ―

نمبر	نام	لقب	سنہ جلوس	کیفیت موت	سنہ وفات	کیفیت
۳۶	نور الدین محمد جہانگیر	جہانگیر شاہ . . .	۱۶۰۵	موت سے مرا	۱۶۲۷	نمبر ۳۵ کا بیٹا تھا اچھے بادشاہون مین گنا جاتا ہے۔ شراب بہت پیتا تھا اور بالکل اپنی بیگم نور جہان کے اختیار مین تھا۔
۳۷	شہاب الدین محمد شاہجہان . . .	شاہجہان . . .	۱۶۲۸	قید مین مرا . . .	۱۶۶۴	نمبر ۳۶ کا بیٹا تھا سلطنت کو بڑی رونق دی مسلمانون کے تحت مین ہندوستان ایسے اوج پر کبھی نہ تھا اُسکے بعد پھر ہوا تخت طاؤس اور تاج گنج کا روضہ اُسی نے بنوایا۔
۳۸	محی الدین محمد اورنگ زیب عالمگیر . .	اورنگ زیب یا عالمگیر	۱۶۵۹	موت سے مرا . .	۱۷۰۷	نمبر ۳۷ کا تیسرا بیٹا تھا بڑا کپٹی اور گھمنڈی تھا بادشاہی اچھی کر گیا پر تیموری سلطنت کی جڑ مین تیل بھی اسی نے دیا۔
۳۹	معظم بہادر شاہ	بہادر شاہ . .	۱۷۰۷	موت سے مرا .	۱۷۱۲	نمبر ۳۸ کا بیٹا تھا سکھون نے زور پکڑا اور سرہند لوٹا پھونکا۔
۴۰	جہاندار شاہ	. . .	۱۷۱۲	مارا گیا . . .	۱۷۱۳	نمبر ۳۹ کا بیٹا تھا۔
۴۱	فرخ سیر	. . .	۱۷۱۳	مارا گیا . . .	۱۷۱۹	نمبر ۴۰ کا بھتیجا تھا کچھ بیوقوف سا اور جی کا بودا تھا۔
۴۲	محمد شاہ	. . .	۱۷۱۹	موت سے مرا .	۱۷۴۸	نمبر ۳۸ کا پوتا تھا گویا لکھنؤ کا واجد علی شاہ تھا اور شاہی ہو لی سلطنت بالکل جڑ سے ہل گئی۔
۴۳	احمد شاہ	. . .	۱۷۴۸	آنکھیں نکلوائی گئیں	۱۷۵۴	نمبر ۴۲ کا بیٹا تھا نام کا بادشاہ تھا۔
۴۴	عالمگیر	(دوسرا)	۱۷۵۴	مارا گیا . . .	۱۷۵۹	نمبر ۴۰ کا بیٹا تھا مرہٹے کٹک سے اٹک تک پہونچے احمد شاہ درانی کی چڑھائی ہوئی۔

نمبر	پورا نام	مشہور نام	جلوس سنہ عیسوی	موت ہے مرا یا مارا گیا	سنہ عیسوی	کیفیت
۴۵	شاہ عالم	. . .	۱۷۷۱	غلام قادر نے اندھا کیا . . .	۱۸۰۳	نمبر ۴۴ کا بیٹا تھا دلی کا آخری مسلمان بادشاہ ہوا انگریزون نے مرہٹون کی قید سے چھڑا کر پنشن مقرر کر دی — (سوائے ان اوپر لکھے ہوئے بادشاہون کے بیس اور بھی دلی کے تخت پر بیٹھے کیونکہ قطب الدین ایبک سے لے کر شاہ عالم تک ۶۵ گنے جاتے ہین پر ان بیسون نے رفیع الدرجات اور رفیع الدولہ کیطرح ایسے تھوڑے تھوڑے دنون سلطنت کی کہ ان کے نامون سے اس فہرست کا بڑھانا مناسب نہ جانا)

تفصیل بڑے واقعون کی

سنہ عیسوی سے پہلے

سکندر نے ہندوستان پر چڑھائی کی . . . . ۳۳۱ برس

بکرمادت گدی پر بیٹھا . . . . ۵۷ برس

واقعات	سنہ عیسوی
نوشیروان کا لشکر ہندوستان میں آیا —	۵۳۰ (کچھ دن پیچھے)
ولید کے زمانہ میں مسلمانوں نے یہاں بڑی دھوم مچائی	۷۱۱
سبکتگین نے ہندوستان پر چڑھائی کی —	۹۷۰
محمود غزنوی کی پہلی چڑھائی	۱۰۰۱
سومناتھ ٹوٹا	۱۰۲۴
شہاب الدین محمد غوری کی پہلی چڑھائی	۱۱۹۱
پرتھی راج کو پکڑ لیا اور مار ڈالا	۱۱۹۳
قطب الدین ایبک دلی کا بادشاہ ہوا	۱۲۰۶
چنگیز خان کی فوج ہندوستان کی طرف آئی	۱۲۱۲
عورت (رضیہ بیگم) بادشاہ ہوئی	۱۲۳۶
سلطنت غلاموں کے خاندان سے نکل کر خلجیوں کے ہاتھ میں آئی	۱۲۸۸
دکھن پر مسلمانوں کی پہلی چڑھائی ہوئی —	۱۲۹۴
سلطنت خلجیوں کا خاندان تمام ہو کے تغلقوں کو ملی	۱۳۲۱
تیمور دلی میں آیا —	۱۳۹۸
سلطنت سیدوں سے لودیوں نے لی	۱۴۵۰
پانی پت کی لڑائی میں ابراہیم لودی کو مار کر بابر دلی کے تخت پر بیٹھا	۱۵۲۶

تفصیل بڑے واقعون کی سنہ عیسوی سے پہلے

واقعہ	سنہ
[illegible] کا سکہ چلایا	۱۵۳۹
اکبر نے اس دنیا سے کوچ کیا۔	۱۶۰۵
مرہٹون کا راج قائم کرنے والا سیواجی پیدا ہوا	۱۶۲۷
دلی مین نادر شاہ نے قتل عام کیا	۱۷۳۹
پانی پت مین احمد شاہ درانی نے بھاؤ کو شکست دی	۱۷۵۹
دلی کے آخری بادشاہ شاہ عالم کو غلام قادر نے اندھا کیا۔	۱۷۸۸
لارڈ لیک انگریزی فوج لیکر دلی پہونچا شاہ عالم کو مرہٹون کی قید سے چھڑا کر پنشن مقرر کر دی . . .	۱۸۰۳

۱۸	مضامین سار اُردو نثر درسی کتاب تعلیم کی جسمین مختصر حالات سکندلا و آرایش محفل و گنج خوبی و تاجگنج کے روضہ و رؤیا مرزا و خواب پریشان و عاصم کی کہانی کا بیان ہے ۔
۱۹	سکھون کا طلوع و غروب ۔ سکھون کے انقلاب حکومت کا ذکر بطرز خاص اور صحیح واقعات تحریر ہوئے ہین ۔
۲۰	کچھ بیان اپنی زبان کا ۔ ہندوستانی زبان کا بیان کیا گیا ہے
۲۱	چنبیلی اور گلاب کا قصہ ۔ یہ نہایت ہی دلچسپ قصہ ہے جو بہت سی مرتبہ طبع ہوا اور ہاتھون ہاتھ فروخت ہوا ۔
۲۲	سچی بہادری ۔ اسمین نصیحت آمیز چھوٹے دلچسپ قصہ جات ہین ۔
۲۳	لکچر گیان اور کرم ۔ ایک تختہ سطح کاغذ پر دربارۂ گیان اور کرم کے قابل دید اولوالابصار ہے ۔
۲۴	مفرحۃ الکاہلین ۔ کاہلون کے افعال اور سستی و چالاکی کا بیان ۔
۲۵	حقائق الموجودات ۔ بیان تمام حیوانات و نباتات کا مع تصاویر مشہور تعلیم کی کتاب ہے ۔
۲۶	حروف تہجی ۔ ابتدائی کتاب واسطے تعلیم مبتدیان مع تصاویر ۔
۲۷	حالات ہنری کاٹر کر صاحب بہادر کمشنر سوانحعمری کاٹر کر صاحب بہادر کمشنر جسکے مطالعہ سے انسانی صفات کا سبق حاصل ہوتا ہے ۔

کتب ہندی

۱	بھوگول ہستا ملک حصہ اول ۔ تمام روے زمین کا بیان و ملک ایشیا و ہندوستان کا واضح بیان جام جہان نما اسی کتاب کا ترجمہ ہے ۔
۲	ایضاً حصہ دوم ۔ ہندوستان کے ملکون کا مفصل حال
۳	چھوٹا بھوگول ہستا ملک ۔ بھوگول ہستا ملک کا خلاصہ بیان ہے ۔
۴	اتہاس ترناسک حصہ اول تواریخ ہندوستان حالات راجگان ہندو و آخیر عملداری مسلمانون تک کتاب آئینہ تاریخ نما اسکا ترجمہ ہے
۵	ایضاً حصہ دوم ۔ تواریخ ہندوستان شروع عملداری انگریزی سے عہد گورنر جنرل لارڈ کیننگ صاحب بہادر تک کتاب آئینہ تاریخ نما اسکا ترجمہ ہے
۶	ایضاً حصہ سوم ۔ ہندوستان کے لوگون کے زمانۂ سابق کی اصلی کیفیت و حالات مذہب کا بیان ہے کتاب آئینہ تاریخ نما اسکا ترجمہ ہے
۷	ہندی بیاکرن ۔ کتاب قواعد صرف و نحو کی نہایت عمدہ اوصاف کے ساتھ مدون ہوئی ہے ۔
۸	باماں منورنجن ۔ کتاب درسی نثر عمدہ عمدہ قصہ جات نصیحت آمیز واسطے لڑکیون کے
۹	گٹکا حصہ اول ۔ کتاب درسی نثر جسمین عمدہ عمدہ برگزیدہ کتب سے دلچسپ مضامین منتخب ہوئے ہین
۱۰	ایضاً حصہ دوم ۔ ایضاً
	ایضاً حصہ سوم ۔ ایضاً
	مانودھرم سار ۔ یہ نہایت عمدہ کتاب دھرم شاستر کی مشہور کتاب منوسمرتی سے ترجمہ ہوئی ہے ۔

۱۳ مانودھرم سار مع انگریزی یہ نہایت عمدہ کتاب دھرم شاستر کی مشہور کتاب منوسمرتی سے ترجمہ ہوئی ہے -

۱۴ سکھون کا اُودے است - سکھون کے انقلاب حکومت کا ذکر بطرز خاص اور صحیح واقعات تحریر ہوے ہین -

۱۵ برن مالا - ابتدائی کتاب واسطے تعلیم مبتدیان مع تصاویر -

۱۶ بدیا انکر - بیان تمام حیوانات و نباتات کا مع تصاویر مستعملہ و مشہور تعلیم کی کتاب -

۱۷ سوم بودھ کتاب درسی مبتدیان مع تلفظ اردو الفاظ ناگری مین -

۱۸ راجہ بھوج کا سپنا - راجہ بھوج کا مختصر حال اور انکی محنتون کا تذکرہ ہے جس سے عام تعلیم کی ترقی راجہ بھوج کے زمانہ کی معلوم ہوتی ہے -

۱۹ آلسیون کا کوڑہ - کتاب نثر کاہلون کے نقش بیان ہوے ہین عجیب دلچسپ کتاب ہے -

۲۰ ہوسیدن دیا نندی - یہ عمدہ کتاب بجواب لکھچر دیا نند سرستی کے ہے -

۲۱ موہ مدگر سٹیک - گوبند اشٹوتر کا بیان مع بھاشا ٹیکا آسان الفاظ مین ہے اسمین بھگوان کی استت ہے -

۲۲ جین اور بودھ کا بھید - جین اور بودھ مت کا اسرار اور اصول تفاوت کا تذکرہ ہے -

۲۳ بھاشا کلپ ستوتر - اسمین جین مت کا برنن بہت سے مہاتماؤن کے کہے ہوے کے موافق ہے -

۲۴ پریم رتن - اسمین سری کرشن جی کا کرکچھیتر مین برجباسی و نند جسودا اور رادہکا وغیرہ گوپیون سے ملنا نہایت عمدہ عمدہ دوہا چوپائی چھندون مین بیان کیا ہے

۲۵ گیت گوبند آدرش - یہ کتاب سنسکرت مع بھاشا نہایت عمدہ کبتون مین ہے پنڈت جے دیو کی بنائی ہوئی

۲۶ پرسنوتر مالا - اس کتاب مین ویدانت کے اشلوک ہین مع بھاشا ٹیکا -

۲۷ قصہ سینڈ فورڈ مرٹن کامل سہ حصہ یکجائی - یہ مجموعہ ہر سہ حصہ کا ایک نہایت عمدہ نصیحت آمیز قصہ جو انگریزی سے ترجمہ کیا گیا ہے طلبا کے طریقہ اور طرز معاشرت تعلیم کا نہایت عمدہ اور موزون طرز لکھا ہے کہ دیکھنے والے کو جبتک کل قصہ نہ پڑھ لیوے صبر نہو گا

کتب انگریزی

نمبر ۱ ہسٹری آف انڈیا حصہ اول - تواریخ ہندوستان جسکو ایم کیمپسن صاحب بہادر ایم - اے سابق ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم ممالک مغربی و شمالی و فیلو آف کلکتہ یونیورسٹی نے اتہاس ترناسک حصہ اول سے ترجمہ کیا -

نمبر ۲ ہسٹری آف انڈیا حصہ دوم - ترجمہ اتہاس ترناسک حصہ دوم یہ کتاب نہایت لائق تحقیقات سے لکھی ہے

نمبر ۳ ہسٹری آف انڈیا حصہ سوم - ترجمہ اتہاس ترناسک حصہ سوم یہ کتاب نہایت لائق تحقیقات سے لکھی گئی

کتب ذیل مصنفہ جناب مصنف صاحب

لیلاوتی بھاشا - یہ مشہور کتاب ہے جو کئی مرتبہ طبع ہو چکی ہے - انگریزی اکشرون کے سیکھنے کے آپائے - بچون کا انعام - اعظم گڑھ ریڈر - بیر سنگھ کا برتانت - بھوگول ہستا ملک حصہ سوم -